websit: www.dailybaakhabar.com E.mail:baakhabarquetta42@gmail.com

MEMBER APNS | بے شک اللہ تعالیٰ بہت باریک بین اور باخبر ہے (القرآن) | ABC CERTIFIED

روزنامہ باخبر کوئٹہ
THE DAILY BAAKHABAR QUETTA
بانی اکرام اللہ خان

جلد 30 | جمعہ 30۔اکتوبر 2026ء بمطابق 18 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 297

پاک چین دوستی ہسپتال کا افتتاح
عوام کو بہتر علاج کی سہولیات فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، وزیراعظم

صحت کے شعبے میں عوام اور دکھی انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی قومی خدمت نہیں، عوام کی خدمت کرنے والوں کو ہمیشہ دعائیں ملتی رہیں گی' پاکستان چین دوستی ہسپتال کا نام مستقل طور پر برقرار رہے گا تقریب سے خطاب

پاکستان نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں اور بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر کی ہے، سی پیک کا دوسرا مرحلہ پاکستان کی معاشی ترقی اور عوامی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا' چینی سفیر

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاک چین دوستی ہسپتال کا افتتاح کردیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان چائنا فرینڈشپ ہسپتال کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہسپتال پاک چین
بقیہ نمبر 01 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

بھارت کی پاکستان کو ایس سی او تہذیبی مکالمہ فورم میں شرکت کی دعوت

20 سے 22 نومبر تک نئی دہلی میں اجلاس ہوگا، بھارتی وزارت خارجہ نے دعوت کی تصدیق کردی

اسلام آباد (آن لائن) بھارت نے پاکستان کو شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے تہذیبی مکالمہ فورم میں شرکت کی دعوت دے دی ہے۔ فورم کا
بقیہ نمبر 06 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

دہشتگردوں کی سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی، وزیراعلیٰ

میناز بولیدہ میں دہشت گردوں کے خلاف بروقت کارروائی سیکیورٹی فورسز کی مستعدی، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے

بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام تک ریاست کا عزم غیر متزلزل رہے گا' میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت
بقیہ نمبر 05 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

ایران سے متعلق معاملات پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیا جائے، پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ اور آئین و انصاف کی حکمرانی یقینی بنائی جائے، سیاسی بحران کے حل کیلئے غیر مشروط حمایت کو تیار ہیں

اسلام آباد، اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی قومی اسمبلی اجلاس کے دوران اظہار خیال کر رہے ہیں

خطہ خطرناک حالت میں ہے
تمام سیاسی جماعتیں متفقہ لائحہ عمل بنائیں، محمود خان اچکزئی

ملک بچانے کا واحد طریقہ آئین اور انصاف کی حکمرانی ہے خطہ خطرناک حالت ہے، عقل وفہم اور اجتماعی دانش سے اس کا راستہ نہیں روکا تو ہمارا خطہ مست سانڈوں کا میدانِ جنگ بن جائے گا' ملک کی ریاست کو ماں بنائیں، ایران و دیگر حالات پر پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیں

نئے لوگ نہیں آئیں گے، پرانوں کو بھول جائیں۔ یہ پاکستان ہے اور یہ اس کے عوام ہیں، انہیں ساتھ بٹھائیں اور آئیں اس ملک کو اس بحران سے نکالیں' تمام ہمسایوں کے ساتھ برابری کی بنیاد پر تعلقات رکھیں گے' قائد حزب اختلاف کا اسمبلی سے خطاب

اسلام آباد (پ ر+نیوز ایجنسیاں) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے قومی اسمبلی اجلاس سے خطاب کیا جسے ایک بار پھر سنسر کردیا گیا۔ قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان اپنی تاریخ کے انتہائی خطرناک بحران میں ہے۔ یہاں جو بھی سیاسی، اخلاقی، اقتصادی اور سماجی بحران ہیں، ان سب بحرانوں کا علاج خدا کے لیے کریں۔ انہوں نے بھی بار بار یہی کہا کہ اس کا ایک ہی نسخہ ہے، خدا کے لیے اس پارلیمنٹ کو مضبوط کریں۔ ہمیں تو آپ نے بتایا ہی نہیں ہے، ہم تو خارجی ذرائع سے سن رہے ہیں۔'' خبریں اور اخبارات یہ معلومات حاصل کرتے ہیں کہ ہمارے خطے میں کیا کچھ ہو رہا ہے۔ ہم تو بار بار، پچھلے تین سال سے یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ خطہ اب خطرناک حالت میں ہے۔ اگر ہم نے عقل وفہم اور اجتماعی دانش سے اس کا راستہ نہیں
بقیہ نمبر 02 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم شہباز شریف نے پاک چین دوستی ہسپتال کا افتتاح کردیا

ہسپتال کے تمام اخراجات حکومت پاکستان برداشت کرے گی مریضوں کو مفت علاج فراہم کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پاک چین دوستی ہسپتال کا افتتاح کردیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان چائنا
بقیہ نمبر 04 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پاک چائنا ہسپتال میں زیر علاج مریض کی عیادت کررہے ہیں

مولانا فضل الرحمان نے غیر مناسب بیان دیا
ملکی سلامتی کے اداروں پر تنقید برداشت نہیں کرینگے، محسن نقوی

ان کیلئے ریاست اس دن تک ماں ہوتی ہے جب تک مال ملے' اسلام کو کاروبار بنا رکھا ہے، یہ ہر اس چیز کے لیے اسلام کو استعمال کرتے جس میں ان کا ذاتی فائدہ ہو

مولانا نے جب کہا کہ میں ریاست پر تھوکتا ہوں، انہوں نے احترام کی گنجائش نہیں چھوڑی، کچھ چیزیں کسی سیاستدان کو زیب نہیں دیتیں' یہی لوگ آکر کہتے تھے گورنر راج لگائیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سینیٹ اجلاس میں جے یو آئی کو آڑے ہاتھوں لے لیا، کہا مولانا نے کہا کہ وہ ریاست پر تھوکتے ہیں، ان کے لیے ریاست اس دن تک ماں ہوتی ہے جب تک مال ملے، جب حکومت میں حصہ نہ ملے تو ریاست پر تھوک دو۔ سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ ہمارا دورہ ایران دفاعی معاہدے سے متعلق نہیں تھا، کل مولانا فضل الرحمان نے غلط کہا کہ ہم دفاعی معاہدے کے لیے ایران گئے تھے، موجودہ بحران سنبھالنے تہران گئے تھے، میں شوق سے نہیں جاتا، مجھے پی ایم نے
بقیہ نمبر 03 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم شہباز شریف اسلام آباد میں پاک چائنا ہسپتال کا افتتاح جبکہ دوسری جانب تقریب سے خطاب کررہے ہیں

تہران میں فیلڈ مارشل صلح کرانے گئے، خواجہ آصف

وہاں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں تھا اور نہ میری ضرورت تھی' وزیر دفاع کا فضل الرحمان کو جواب

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف نے مولانا فضل الرحمان کی تنقید کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ تہران میں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا تھا اس لیے وہاں میری موجودگی ضروری نہیں تھی۔ قومی اسمبلی میں خواجہ آصف نے مولانا فضل الرحمان کی
بقیہ نمبر 28 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

بانی پی ٹی آئی کی بہنیں انتشار پھیلانا اور اسلام آباد پر چڑھائی چاہتی تھیں، رانا ثنا اللہ

اپنی ذاتی انا کو اجتماعی انا اور مفاد میں نہیں لے کر جانا چاہیے کل نورین نیازی کی طبیعت خراب ہوئی تو انہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا

جب ریاست کو ماں کا درجہ دیا گیا ہے تو ایسے الفاظ استعمال نہیں ہو سکتے، تھوڑے عرصہ پہلے ایسی ہی باتیں شہیدا کے حوالے سے بھی کی گئی تھیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر اور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی
بقیہ نمبر 27 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

حکومت کا انتخابات شفاف بنانے کیلئے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دینے کا فیصلہ

20 رکنی پارلیمانی کمیٹی انتخابی اصلاحات میں اپوزیشن کے پانچ ارکان شامل کئے جائیں گے، ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انتخابی اصلاحات کے عمل کو آگے بڑھانے کیلئے حکومت نے کوششیں تیز کردی ہیں اور اس سلسلے میں حکومت نے اگلے انتخابات شفاف بنانے کیلئے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق
بقیہ نمبر 26 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

ذخائر ضروریات کیلئے کافی، اضافی ایندھن بچت اقدامات کی ضرورت نہیں، وزیر پیٹرولیم

درآمدات اور ملکی ریفائنریوں کی پیداوار کی مسلسل نگرانی کا نظام کام کررہا ہے، ستمبر میں پیٹرول کی طلب 6 لاکھ 92 ہزار ٹن متوقع تھی

قیمتوں کا تعین عالمی منڈی کے 7 کاروباری دنوں کی اوسط قیمت کے مطابق ہوتا ہے' علی پرویز ملک نے قومی اسمبلی کو تحریری جواب جمع کرادیا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیر پیٹرولیم نے قومی اسمبلی کو تحریری جواب میں بتایا کہ ملک میں پیٹرولیم
بقیہ نمبر 07 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

روس کی امریکا جنگ میں ثالثی کی پیشکش' ایرانی افزودہ یورینیم لینے کیلئے بھی تیار

روس پہلے بھی ایرانی یورینیم کو اپنے ہاں محفوظ رکھنے اور جوہری تنازع کے حل میں مدد دینے کی پیشکش کرچکا ہے

ماسکو (نیوز ڈیسک) روس نے ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی اور خلیجی خطے میں فوجی کشیدگی روکنے کے لیے نئے سرے سے کوششیں کرنے کا اعلان کیا ہے۔ الجزیرہ کے مطابق کریملن کے ترجمان نے کہا کہ اگر ایران اور امریکا درخواست کریں تو روس
بقیہ نمبر 08 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

آپ گرفتار کر سکتے ہیں تو مولانا فضل الرحمان کو گرفتار کرلیں، مولانا عطاء الرحمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے جے یو آئی کے سینیٹر مولانا
بقیہ نمبر 09 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

بلوچستان' فورسز کی کارروائیاں جاری؛ فتنۃ الہندوستان کا دہشتگرد ہلاک

ہلاک دہشت گرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے، سیکیورٹی ذرائع

کوئٹہ (اے این این) سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنۃ الہندوستان کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق ضلع کیچ کے علاقے میناز میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنۃ الہندوستان کا ایک دہشتگرد
بقیہ نمبر 29 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سائبر حملوں اور جعلی خبروں سے نمٹنے کے لیے مؤثر پالیسی اور ڈیجیٹل تعلیم ناگزیر ہے، عطا اللہ تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ تیزی سے بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی اور سوشل میڈیا کے بڑھتے ہوئے استعمال کے پیش نظر پاکستان میں مؤثر ریگولیٹری
بقیہ نمبر 25 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

پارلیمان کو غیر فعال رکھنے کے خواہشمندوں کا مقصد پورا ہو چکا، بلاول بھٹو

الیکشن اصلاحات کمیٹی کی حد تک اپوزیشن لیڈر اپنا اختیار استعمال کریں، چیئرمین پی پی پی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ پارلیمان کو غیر فعال رکھنے کے خواہشمندوں کا مقصد پورا ہو چکا، یہ مقصد پورا کرنے میں اپوزیشن کا کردار ہے، مبارک باد دیتا ہوں۔ قومی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کرتے
بقیہ نمبر 24 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد، قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان سے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر ملاقات کررہے ہیں

تحریک انصاف کا المیہ ہے کہ ابھی ان کا متفقہ لیڈر کوئی بھی نہیں، طارق فضل چوہدری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کا المیہ ہے کہ ابھی ان کا متفقہ لیڈر کوئی بھی نہیں، پی
بقیہ نمبر 23 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ آصف قومی اسمبلی میں اظہار خیال کررہے ہیں

پاکستان میں معاشی استحکام کی بحالی کیلئے پیش رفت جاری ہے، وزیر خزانہ

زرمبادلہ کے ذخائر اور مہنگائی کی صورتحال میں بہتری آئی ہے' وزیر خزانہ سے سعودی سفیر ملاقات' تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

علاقائی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مسلسل تعاون ضروری ہے دونوں ملکوں کے درمیان زراعت، معدنیات اور کان کنی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر غور کیا گیا' ذرائع

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پاکستان اور سعودی عرب نے تجارت اور سرمایہ کاری میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کرلیا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح تامی الشمی کی ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے اقتصادی تعلقات مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق وزیر خزانہ نے پاکستان کے لیے سعودی عرب کی مسلسل معاونت کو سراہا، کہا پاکستان میں
بقیہ نمبر 22 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سازگار ماحول فراہم کیا جائے تو نوجوان صلاحیتوں کا لوہا منوا سکتے ہیں، گورنر بلوچستان

تعلیم تک رسائی آسان اور سستا بنانے سے نوجوانوں کیلئے ترقی کے نئے دروازے کھلتے ہیں تعلیم پر سرمایہ کاری پورے خطے کی خوشحالی پر سرمایہ کاری ہے

بیوٹمز ژوب کیمپس کی خواتین اسٹاف اور طالبات کیلئے مزید اسکالرشپس اور جدید سہولیات کیلئے عملی اقدامات کیے جائینگے' گورنر ہاؤس میں اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ الحمدللہ! آج ہمارے لیے دو بڑی خوشخبریاں باعث مسرت و افتخار ہیں۔ پہلی خوشخبری یہ ہے کہ پاکستان بھر میں سخت مقابلہ کے نتیجے میں بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس کے دو ہونہار طلبہ ثناء اللہ اور محمد اخلاص نے کمپیوٹر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کیلئے آٹانومس ریجن فل فنڈڈ اسکالرشپ حاصل کرلی ہے۔ دونوں طلبہ آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور سائبر
بقیہ نمبر 30 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

ایران کو بجلی کے عوض 12 ملین ڈالر کی ادائیگی واجب الادا ہے، وزیر توانائی

2025-26 میں آئی پی پیز کو کپیسٹی پیمنٹس کی مد میں 1711 ارب روپے ادا کیے گئے' اویس لغاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے ایران سے بجلی کی درآمد سے متعلق قومی اسمبلی میں تحریری جواب جمع کروا دیا ہے۔ جس میں کہا کہ ایران سے مکران ریجن کو 204 میگاواٹ بجلی مل رہی ہے اور بجلی کے عوض ایران کو 12 ملین
بقیہ نمبر 21 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

حکومت ہمیشہ سے وکلاء برادری کو اصلاحات کے عمل میں اہم شراکت دار تصور کرتی ہے

وزیراعظم شہباز شریف کی سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا الیکشن جیتنے پر انڈیپنڈنٹ گروپ کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا الیکشن جیتنے پر انڈیپنڈنٹ گروپ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے
بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

امن دشمن عناصر کو اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہونے دیا جائیگا، ضیا لانگو

ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی قابل تحسین ہے، امن و استحکام کے قیام کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے

دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں امن کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں، تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے' صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے ضلع کیچ کے علاقے میناز، بولیدہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں
بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

کم آمدنی والے اور مستحق گھرانوں کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی ترجیح ہے، احسن اقبال

پاکستان کی معاشی بحالی کو برآمدات پر مبنی ترقی، مالیاتی نظم و ضبط، پیداواری سرمایہ کاری اور مؤثر عوامی خدمات کی فراہمی سے مربوط کرنا ہوگا

ترقیاتی وسائل کو پسماندہ علاقوں تک پہنچا کر عوام کے لیے ٹھوس فوائد یقینی بنانا بھی ضروری ہے،، ماہانہ ترقیاتی اپ ڈیٹ پیش کرتے ہوئے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات اور ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کی معاشی بحالی کو برآمدات پر مبنی ترقی، مالیاتی نظم و ضبط، پیداواری سرمایہ کاری اور مؤثر عوامی خدمات کی فراہمی سے مربوط کرنا ہوگا جبکہ ترقیاتی وسائل کو پسماندہ علاقوں تک پہنچا کر عوام کے لیے ٹھوس فوائد یقینی بنانا بھی ضروری ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا
بقیہ نمبر 31 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے سعودی سفیر ملاقات کررہے ہیں

بانی پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی قیدی باہر آنے چاہئیں، علامہ راجہ ناصر عباس

(ن) لیگ نے پی ٹی آئی کا 8 فروری کا مینڈیٹ لوٹا ایم این ایز کو نااہل کیا، صوبے میں گورنر راج لگایا اور کہتے ہیں آؤ ہمارے ساتھ بات کریں

سارا ملبہ محمود خان اچکزئی پر نہیں ڈالنا چاہیے، محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر بننے کے لیے بانی پی ٹی آئی کے پاس نہیں گئے تھے' نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ سارا ملبہ محمود خان اچکزئی پر نہیں ڈالنا چاہیے، محمود اچکزئی اپوزیشن لیڈر بننے کے لیے بانی پی ٹی آئی کے پاس نہیں گئے
بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

بانی پی ٹی آئی کے فیصلے حتمی ہیں، سہیل آفریدی ہی وزیراعلیٰ رہیں گے، بیرسٹر گوہر

مولانا فضل الرحمان کی اپنی سیاست ہے اور ہماری اپنی، عوامی مسائل پر پارلیمنٹ کے اندر ہم متحد ہیں' چیئرمین پی ٹی آئی

بانی پی ٹی آئی کے علاوہ کسی کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ وزیراعلیٰ کے عہدے کیلئے کسی متبادل امیدوار کو نامزد کرے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا
بقیہ نمبر 19 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

دوہری شہریت چھپانے والے سرکاری افسران کے خلاف کارروائی کا فیصلہ

اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کا وزیراعظم سے گریڈ 20 سے 22 کے افسران کیخلاف کارروائی کی اجازت طلب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے دوہری شہریت سے متعلق ڈیکلیریشن جمع نہ کرانے والے سرکاری افسران کے خلاف کارروائی کے لیے اہم قدم اٹھالیا۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی کی اجازت حاصل کرنے کے
بقیہ نمبر 18 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

بلوچستان کی معاشی خودمختاری اور ترقی کا دارومدار فعال ٹیکس نظام پر ہے، چیف سیکریٹری

ہمارا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے نہ صرف ٹیکس چوری کا سدباب ہو بلکہ عام شہری اور ٹیکس دہندگان کے لیے بھی آسانیاں پیدا ہوں

تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مکمل پیشہ ورانہ مہارت اور ایمانداری سے ادا کریں' شکیل قادر خان کا اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبائی مالیاتی امور اور ٹیکس نظام کی بہتری کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس
بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

سپریم کورٹ بار کے انتخابات، احسن بھون گروپ کے سید امجد علی شاہ صدر منتخب

کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات میں صدارتی نشست پر ووٹوں کی گنتی مکمل ہوگئی، غیر حتمی نتائج کے مطابق احسن بھون گروپ کے امیدوار سید امجد علی شاہ صدر منتخب
بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر ملاحظہ کریں

آخری دہشت گرد کے خاتمے تک عزم میں کمی نہیں آئے گی' شاہد رند

فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی' معاون اطلاعات

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے کہا ہے کہ بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنۃ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں جاری ہیں۔ ضلع کیچ
بقیہ نمبر 32 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

آصفہ بھٹو کی مقتولہ حنا جاوید کے اہلخانہ سے ملاقات، تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن کے قیام کی حمایت

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی آصفہ بھٹو زرداری نے پارلیمنٹ میں مقتولہ حنا جاوید کے
بقیہ نمبر 17 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

آئینی توازن کی حقیقی بحالی کے بغیر ملک میں جمہوری نظام آگے نہیں بڑھ سکتا' مولانا حیدری

غیر آئینی اقدامات کے باعث پارلیمنٹ کے اختیارات اور عدلیہ کی آزادی سلب ہوکر رہ گئی ہے' رہنما جے یو آئی

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ غیر آئینی اقدامات کے باعث
بقیہ نمبر 16 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

بلاول بھٹو کا پیغام لیکر اپوزیشن لیڈر کے پاس گئے، راجہ پرویز اشرف

پی ٹی آئی پارلیمنٹ میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے، محمود خان اچکزئی سے ملاقات کے بعد گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ بلاول بھٹو کا پیغام لے کر اپوزیشن لیڈر کے پاس
بقیہ نمبر 49 صفحہ 7 پر

اسلام آباد، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری بی آئی ایس پی کے ہیڈکوارٹر میں خواتین سے بات چیت کررہی ہیں

اسرائیلی انتخابات، نیتن یاہو کے اقتدار کا سورج ڈوبنے کے قریب
اپوزیشن نے عوامی مینڈیٹ کا دعویٰ کردیا

90 فیصد ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد نیتن یاہو سادہ اکثریت حاصل کرنے میں ناکام' اپوزیشن اور عرب جماعتوں کی نشستیں اہم کردار ادا کرسکتی ہیں

اسرائیل میں متناسب نمائندگی کے تحت ووٹر کسی امیدوار کے بجائے سیاسی جماعت کو ووٹ دیتے ہیں اور ووٹوں کے تناسب سے پارلیمانی نشستیں دی جاتی ہیں

تل ابیب (نیوز ڈیسک) اسرائیل میں عام انتخابات کے ابتدائی نتائج نے وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کے سیاسی مستقبل پر سوالات کھڑے کردیے ہیں۔ 90 فیصد ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد نیتن یاہو کا انتخابی اتحاد پارلیمان میں سادہ اکثریت حاصل
بقیہ نمبر 15 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

اسلام آباد، سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف کی قیادت میں پی پی پی کا وفد اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات کررہا ہے

معیاری تعلیم انسان کی ترقی اور کامیابی کی بنیاد ہے، زرک مندوخیل

تعلیمی معیار کی بہتری ضروری، طلبہ محنت اور نظم وضبط کو اپنا شعار بنائیں، رکن اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ ن کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک مندوخیل نے گورنمنٹ اسپیشل ہائر سیکنڈری اسکول کا دورہ کیا، اس موقع پر پرنسپل عصمت اللہ خلجی وائس پرنسپل شفیق الرحمٰن اور دیگر سٹاف بھی موجود تھا۔ اس موقع پر زرک مندوخیل نے طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم انسان کی ترقی اور کامیابی کی بنیاد ہے، علم کے ذریعے ہی معاشرے میں مثبت تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ انہوں نے بچوں پر زور دیا کہ وہ دل لگا کر تعلیم حاصل کریں، اساتذہ کا احترام کریں اور وقت کی پابندی کو اپنی عادت بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ اپنی صلاحیتوں کو پہچانیں، محنت اور مستقل مزاجی سے آگے بڑھیں اور اپنے والدین، اساتذہ اور ملک کا نام روشن کریں۔ انہوں نے اسکول کے تعلیمی امور اور دیگر معاملات سے متعلق بھی معلومات حاصل کیں

نصیرآباد پولیس ٹیم کی کاروائیاں مختلف مقدمات میں مطلوب ملزمان گرفتار

اندھے قتل، ڈکیتی ودیگر سنگین مقدمات میں مطلوب متعدد ملزمان گرفتار کرلیا گیا، ایس ایس پی اسد ناصر

نصیرآباد (نامہ نگار) ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر نے آج پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل کی سربراہی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی انسپکٹر عبدالرف جمالی، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی محمد انور کھوسہ، انچارج سی آئی اے انچارج سب انسپکٹر بہادر علی ڈومکی اور ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید ہدایت اللہ کولاچی صدر سب انسپکٹر جاوید احمد کھوسہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ سرکل سٹی کے مختلف تھانوں کی حدود میں مشترکہ کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے اندھے قتل، ڈکیتی اور دیگر سنگین مقدمات میں مطلوب متعدد ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل، ایس ایچ او سٹی عبدالروف جمالی، ایس ایچ او شہید نذیر احمد عمرانی منگولی محمد انور کھوسہ، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید ہدایت اللہ کولاچی صدر جاوید احمد کھوسہ، انچارج سی آئی اے نصیرآباد بہادر علی ڈومکی ودیگر پولیس آفیسران موجود تھے۔ ایس ایس پی نصیرآباد نے کہا کہ پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی کی حدود مورخہ 27 اگست 2026 کو ٹیمپل شاخ کے قریب پانچ مسلح ملزمان نے سبزی فروش نیاز علی جکھرانی سے موٹر سائیکل اور دو موبائل فون چھینے اور مزاحمت پر فائرنگ کرکے اسے قتل کردیا۔ ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی نے ایس ایچ او سٹی وانچارج سی آئی اے نصیرآباد و پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم جاکر ولد ہیبت، قوم لاشاری، کو گرفتار کرکے ایک مسروقہ موبائل فون برآمد کرلیا۔ جبکہ مورخہ 14 اکتوبر 2026 کو جھڈیر شاخ کے قریب تین مسلح ملزمان نے طارق عزیز عمرانی سے سی ڈی موٹر سائیکل ماڈل 2026 چھین لی۔ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی پولیس ٹیم نے بالا ٹیم کے ہمراہ نے ملزم ذاکر علی ولد عبدالرشید، قوم ڈومکی، کو گرفتار کرکے موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ جبکہ سٹی میں مختلف کارروائیوں کے دوران موٹر سائیکل ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزم ذاکر علی ڈومکی کو گرفتار کرلیا، جو پولیس تھانہ منگولی کو بھی ڈکیتی کے مقدمے میں مطلوب تھا۔ اسی طرح اغوا کے مقدمے میں مفرور ملزم اللہ بخش عرف نکری قوم بدھ، دھوکہ دہی کے مقدمے میں مطلوب ملزم بشیر احمد ابڑو، جبکہ اقدام قتل کے مقدمے میں اشتہاری مجرم عبدالمالک ولد عبد الکریم قوم بھٹو کو بھی گرفتار کرلیا گیا اسی طرح پولیس ٹیم نے صدر تھانہ کی حدود دوران گشت کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان شوکت ولد سوالی خان قوم مغیری اور فدا حسین ولد سوالی خان قوم مغیری کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزم شوکت کے قبضے سے ایک کلاشنکوف، ایک میگزین اور 15 راؤنڈ جبکہ ملزم فدا حسین کے قبضے سے ایک ٹی ٹی پسٹل اور 7 راؤنڈ برآمد کرلیے گئے۔ دونوں ملزمان تھانہ صدر میں درج ڈکیتی کے مقدمے میں بھی مطلوب تھے۔

کوئٹہ: سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے سلسلے میں وکلاء اپنا ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں

انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد یاسر ہنگلوئی نے ایشین اور ورلڈ ماسٹر ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ میں کانسی کے تمغے جیت لیے

ڈسٹرکٹ مستونگ ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن کے صدر حاجی قادر بخش ہنگلوئی کی محمد یاسر ہنگلوئی کو مبارکباد

مستونگ (آئی این پی) ڈسٹرکٹ مستونگ ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن کے صدر حاجی قادر بخش ہنگلوئی نے مستونگ کہ انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد یاسر ہنگلوئی کو مبارکباد پیش کی جس نے مستونگ کا نام روشن کردیا ہے۔ مستونگ کے لیے یہ اعزاز کی بات ہے کہ انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد یاسر ہنگلوئی نے اسلام آباد میں منعقد ہونے والی *دوسری ایشین اینڈ ورلڈ ماسٹر ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ اور گرینڈ پرکس *2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے *ایشین اور ورلڈ برونز میڈلز* جیت لیے۔ محمد یاسر ہنگلوئی کی اس نمایاں کامیابی نے نہ صرف ہنگلوئی بلکہ پورے علاقے کا نام روشن کیا ہے۔ ان کی کامیابی محنت، عزم، مستقل مزاجی اور کھیلوں سے وابستگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ان کی اس شاندار کامیابی پر اہلِ مستونگ اور کھیلوں سے دلچسپی رکھنے والے حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ محمد یاسر ہنگلوئی کی کامیابی نوجوان نسل کے لیے ایک قابلِ تقلید مثال ہے کہ محنت، لگن اور حوصلے سے بین الاقوامی سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کیا جاسکتا ہے۔

جامعہ گوادر میں تعلیمی وانتظامی امور کی ڈیجیٹلائزیشن کے لیے کمیٹی کا پہلا اجلاس

جامعہ گوادر میں مالیاتی، طلبہ معلوماتی اور تنخواہوں کے نظام کو ڈیجیٹل بنانے کی تجویز

گوادر (آئی این پی) جامعہ گوادر میں ڈیجیٹلائزیشن اور آٹومیشن کمیٹی کا پہلا اجلاس فیکلٹی آف سائنس، انجینیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈین کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ڈاکٹر محبّ اللہ، ڈین فیکلٹی آف سائنس، انجینیئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے کی۔ اجلاس میں جامعہ کے تعلیمی اور انتظامی امور کو ڈیجیٹل اور خودکار بنانے، شفافیت، کارکردگی اور خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانے پر غور کیا گیا۔ اس سلسلے میں مالیاتی امور، انسانی وسائل کے انتظام، طلبہ کے معلوماتی نظام، خریداری، اثاثہ جات وانوینٹری کے انتظام اور تنخواہوں کے نظام کو ڈیجیٹلائز کرنے کے اہم شعبوں کے طور پر شناخت کیا گیا۔ کمیٹی موجودہ وسائل کا جائزہ لے گی، انتظامی خامیوں کی نشاندہی کرے گی اور ڈیجیٹل نظام کے مؤثر نفاذ کے لیے قابلِ عمل تجاویز پیش کرے گی۔ کمیٹی کو نوٹیفکیشن کے اجرا کے دس ورکنگ دنوں کے اندر جامع ڈیجیٹل تبدیلی کی تجویز پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ یہ اقدام جامعہ گوادر کے انتظامی وتعلیمی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے، ادارہ جاتی نظم ونسق کو مضبوط بنانے اور طلبہ، اساتذہ اور انتظامی عملے کو بہتر سہولیات فراہم کرنے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

JOIN PUBLIC SERVICE – BALOCHISTAN QUOTA

سرکاری ملازمت اختیار کریں۔ بلوچستان کوئٹہ
سرکاری خدمت ء هوار بیت — بلوچستان ء کوئٹہ

Your Land. Your Future. Your Pakistan.
آپ کی سرزمین۔ آپ کا مستقبل۔ آپ کا پاکستان۔
شملی زمین، شملی باندات، شملی پاکستان،

Courage, Honour and Loyalty — The Identity of Balochistan's Youth
ہمت، غیرت اور وفا۔ پہچان بلوچستان کے جوان کی
ہمت، غیرت ء وفا — بلوچستان ء جوانانی پجار

QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)

RECRUITMENT ON LUMP SUM (CONTRACTUAL BASIS) • MINISTRY OF ENERGY (POWER DIVISION), GOVT. OF PAKISTAN

QESCO is a Public Limited Company which provides electricity to its customers throughout Balochistan. Applications are invited for recruitment of suitable candidates to fill the following positions under the jurisdiction of QESCO on lump sum (Contractual Basis).

POSITIONS AVAILABLE

TOTAL POSTS: 2,798 • 46 CATEGORIES

AGE LIMIT (ALL POSTS): 18 – 35 YEARS AS ON CLOSING DATE — ONLY FOR BALOCHISTAN LOCAL / DOMICILE

S#	Name of Post	BPS	Posts	Qualification / Experience
1	Data Entry Operator	15	06	i. B.CS and B.Com, B.A/B.Sc 2nd Class with Math/Stat/Physics/Economics. ii. Speed of 16000 Key Depression per hour or typing speed 45 wpm subject to qualifying professional trade test with at least 50% marks.
2	Data Coder	15	07	i. B.CS and B.Com, B.A/B.Sc 2nd Class with Math/Stat/Physics/Economics. ii. Must have qualified professional trade test with at least 50% marks.
3	SSO-I (GSO)	15	38	Matric with 3 years diploma from any Govt. Polytech institute in Electrical Technology in first Division with at least 5 years experience.
4	Foreman (GSO / GSC)	15	07	Matric with 3 years diploma from any Govt. Polytech institute in "C" Grade with at least 5 years experience.
5	Line Superintendent-I	15	45	Three years course diploma from a Government Poly-Technical institute or equivalent qualifications plus one year experience of the trade in a supervisory post in any Electric supply undertaking or Electrical Concern of repute engaged in the construction of transmission and distribution works.
6	Commercial Assistant	15	104	B.A/B.Sc/B.Com & B.C.S & 06 weeks I.T Training Course (including MS Office) conducted by NITB/TEVTA institutions affiliated with / recognized by Board of Technical Education / Higher Education Commission.
7	Assistant / Head Clerk	15	38	i. Graduation (Humanities, Science, Commerce, Computer) 'C' Grade / 50%. ii. 06 weeks I.T Training Course (including MS Office) conducted by NITB/TEVTA institutions affiliated with / recognized by Board of Technical Education / Higher Education Commission.
8	Accounts Assistant	15	65	i. B.Com with Auditing & Advanced Accounting as a special Subject. ii. B.A/B.Sc from a recognized University with 3 years post Graduation experience in Accounts. iii. 06 weeks I.T Training Course (including MS Office) conducted by NITB/TEVTA institutions affiliated with / recognized by Board of Technical Education / Higher Education Commission.
9	Audit Assistant	15	08	B.Com preferably with Auditing and Advance Accounting as a special subject; OR B.A or B.Sc from a recognized University with 3 years experience in Audit and Accounts of a Govt. Dept. / Semi-Govt Dept. / Corporation / Autonomous Body or Commercial Organization of repute. 06 weeks I.T Training Course (including MS Office) conducted by NITB/TEVTA institutions affiliated with / recognized by Board of Technical Education / Higher Education Commission.
10	Line Superintendent-II	14	140	3 years diploma of Associate Engineering in Electrical / Electronics Technology from any recognized Government Polytechnic Institute with First Division.
11	Steno-II	14	35	B.A / B.Sc 2nd Class with Math / Stat / Physics / Economics / Computer Science from a recognized University with a minimum speed of: a. 80 wpm in Shorthand; b. 50 wpm in Typing; c. Certificate in Microsoft Office & Internet (e-mail) etc.
12	Sub Engineer (Civil)	14	04	3 years Post Matric Diploma in relevant Technology from any Polytechnic Institute affiliated with the Board of Technical Education.
13	Test Assistant (M&T)	14	02	Matric with 3 years Diploma in Electrical Engineering from any Government Polytechnic Institute or equivalent qualification in the relevant field.
14	Assistant Foreman (GSO / GSC)	14	05	Matric with 3 years diploma from any Govt. Poly Tech institute with at least C Grade.
15	SSO-II (GSO)	14	70	3 years diploma of Associate Engineering in Electrical / Electronic Technology from any recognized Government Polytechnic Institute with at least 'B' Grade.
16	Senior Clerk	13	40	i. B.A / B.Sc (2 years after intermediate) with at least 2nd Division. ii. 03 Months I.T Training Course (including MS Office) conducted by NITB/TEVTA institutions affiliated with / recognized by Board of Technical Education / Higher Education Commission.
17	Junior Clerk	11	89	i. HSSC / Intermediate / I.Com with at least 2nd Division. ii. 40 W.P.M typing speed on P.C. iii. 03 Months I.T Training Course (including MS Office) conducted by NITB/TEVTA institutions affiliated with / recognized by Board of Technical Education / Higher Education Commission.
18	Khatib-Cum-Imam	9	01	Matric with Darse Nizami.
19	Electric Fitter-I (GSO)	9	14	i. Matric with Science at least 'C' Grade. ii. 3 years Diploma in Electrical/Electronic technology from any Govt. polytechnic institute. iii. 1 year experience in the trade in any Govt. institute / autonomous body / large renowned industrial concern. iv. Preferably one year experience in trade.
20	SSA	9	49	Matric 2nd Division with 2 years diploma / Certificate from Govt. recognized technical board.
21	Meter Reader	9	47	Higher Secondary Certificate Examination (in Arts, Commerce or Science or equivalent) from a recognized board.
22	Meter Mechanic	9	04	i. Matric with Science at least "C" Grade. ii. 2 / 3 years certificate / Diploma from any Government Vocational Institute / Government Polytechnic Institute. iii. Preferably one year experience in the trade in any Government Institute / Autonomous Body / Large Renowned Industrial Concern.
23	Surveyor	9	06	3 years Diploma (Civil) from Polytechnic Institute.
24	Tracer	9	31	Matric with Drawing as an optional subject and certificate from Government recognized institution.
25	Crane Operator	7	07	Matriculate with Certificate from Government Technical Vocational School in the trade with minimum 5 years experience in the trade in some large industrial concern.
26	Electric Fitter-II (GSO)	7	17	i. Matric with Science at least 'C' Grade. ii. 2/3 years certificate/Diploma in Electrical/Electronic technology from any Govt. polytechnic institute. iii. 1 year experience in the trade in any Govt. institute / autonomous body / large renowned industrial concern. iv. Preferably one year experience in trade.
27	A.S.S.A (GSO)	7	227	Matric with Science at least "C" Grade.
28	Bill Distributor	7	158	Matric
29	Vehicle Driver	6/7	226	i. Matric plus valid license (LTV/HTV) with 5 years post license experience. ii. Certificate of one week from Police / Motorway Police.
30	Assistant Lineman (ALM)	5	826	Matric (minimum and maximum)
31	A/C Mechanic	5	01	Matric with 4 years experience in the trade.
32	T.W.O	5	05	Matric with 3 years experience of the Job.
33	Carpenter	5	05	Literate with 7 years experience in the trade.
34	Junior Store Keeper	5	02	Matric
35	E / Helper (M&T)	5	21	Matric
36	Helper T/F Workshop	5	15	Matric
37	P.P.C Operator	5	02	Matric
38	Cook	5	05	Primary
39	Store Helper	5	40	Matric
40	Moazam-Cum-Khadim	3	02	Matric, religious in outlook and appearance. Hafiz-e-Quran will be preferred.
41	Vehicle Cleaner	3	33	Matric
42	Qasid	2	02	Middle
43	Daftri	2	10	Middle
44	Naib Qasid	1	136	Middle
45	Mali	1	81	Middle
46	Sweeper	1	122	No formal education required

INSTRUCTIONS & GENERAL CONDITIONS

Applicants are advised to read the following instructions carefully before filling the relevant prescribed application form available on the www.njp.gov.pk website with this advertisement.

- In light of direction of Govt. of Pakistan Ministry of Energy (Power Division) and QESCO policy, the above mentioned posts are purely on lump sum (contractual basis) for a period of one (01) year, and extension of the contract on performance appraisal only, non-pensionable, with no long term benefits and shall not be regularized in any case at later stage.
- Applications of candidates having Local/Domicile out of Balochistan will not be entertained for the above mentioned posts.
- All the above mentioned posts will be filled in Walk-in Interview in the light of Establishment Division GoP O.M F.No.2/5/2026-BEFC/001 dated 27.10.2026.
- In the light of Establishment Division GoP O.M F.No.2/5/2026-BEFC/001 dated 22.10.2026, for identified posts requiring trainable skill, such as typing, shorthand or basic computer proficiency, one time relaxation of the requirement to possess the prescribed skill at the time of initial appointment is proposed. In case none of the candidates have any qualification at the time of the selection, the selected candidates shall acquire the prescribed proficiency through departmental on-the-job training after joining within probation period. Their proficiency shall be assessed before confirmation, and failure to acquire it shall be dealt with under the applicable probation and service rules.
- Establishment Division GoP O.M F.No.2/5/2026-BEFC/001 dated 27.10.2026 has granted exemption from the requirement of written/screening test.
- General age relaxation has already been included in the maximum age limit mentioned against each category. No further age relaxation is allowed in the prescribed age limit.
- Serving candidates who are Government Servants and have completed 2 years continuous Government service on the closing date of applications are advised to apply through proper channel. Up to 10 years age relaxation is allowed. Candidates will have to provide departmental No Objection Certificate (NOC) clearly mentioning the date of appointment and nature of employment i.e. Regular, Contract etc. at the time of interview/joining of service. However, they should keep in mind that their services shall not be regularized in QESCO.
- Above positions are lying vacant in QESCO's field formations across the province.
- No TA/DA will be allowed to candidates for Interviews.
- Candidates awaiting their results are not eligible to apply.
- Selected candidates may be posted anywhere in Balochistan within the jurisdiction of QESCO, as per the requirements of the Company.
- Incomplete applications or applications containing incorrect information shall be rejected.
- Original documents / CNIC / Local / Domicile Certificate must be presented by the candidates at the time of Interview.
- Dismissed / screened out employees of any organization or having criminal record are not eligible for employment in QESCO. The clearance of the character and antecedents of the candidates from the agencies/police shall be mandatory without which no candidate shall be selected.
- Concealment or mis-representation of facts at any stage will lead to disqualification of candidate.
- QESCO reserves the right to withhold the recruitment process at any stage.
- QESCO reserves the right to increase/decrease the number of posts at the time of recruitment subject to availability of posts.

GENERAL INFORMATION

- Recruitment will be done at doorstep (at Districts level) with help of newly established employment cells in districts of Balochistan as a special case to ensure recruitment of residents.
- All Recruitment (BPS 1-15) to be done by Walk-in interview (No Entry & Written Test).

HOW TO APPLY

- Applicants are required to apply online through National Job Portal (www.njp.gov.pk) website, within 15 days from the date of advertisement.
- Application submitted by hand will not be entertained.
- Separate application form is required to be submitted for each post.

PID (Q)145/26

Chief HR & Career Planning Officer
QESCO Head Quarter, Zarghoon Road, Quetta Cantt.

NATIONAL JOB PORTAL | njp.gov.pk — LAST DATE: WITHIN 15 DAYS OF ADVERTISEMENT

بقیہ 01

دوستی کی لازوال مثال ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ چین نے کورونا وبا کے دوران پاکستان کو یہ اسپتال تحفے میں دیا تھا، تاہم کورونا کے بعد ہسپتال کی بندش انتہائی افسوسناک اور مجرمانہ غفلت تھی۔ شہباز شریف نے اعلان کیا کہ ہسپتال کے تمام اخراجات حکومت پاکستان برداشت کرے گی اور یہاں مریضوں کو مکمل طور پر مفت علاج فراہم کیا جائے گا، اسلام آباد سمیت ملک بھر سے آنے والے مریض اس سہولت سے مستفید ہوسکیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عوام کو بہتر علاج کی سہولیات فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انڈس اسپتال کی انتظامیہ نے سالانہ اخراجات اور سرمایہ کاری میں مناسب رعایت دی ہے، جبکہ انڈس ہسپتال غیر منافع بخش بنیادوں پر طبی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان چین دوستی ہسپتال کا نام مستقل طور پر برقرار رہے گا۔ صحت کے شعبے میں عوام اور دکھی انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی قومی خدمت نہیں، عوام کی خدمت کرنے والوں کو ہمیشہ دعائیں ملتی رہیں گی۔ چینی سفیر جیانگ ژی ڈونگ نے کہا کہ پاک چین فرینڈشپ ہسپتال وزیراعظم شہباز شریف کی ذاتی دلچسپی اور سرپرستی کا نتیجہ ہے، اسپتال کو پاک چین فرینڈشپ ہسپتال کا نام دیا جانا قابلِ تحسین ہے۔ چینی سفیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں اور بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر کی ہے، سی پیک کا دوسرا مرحلہ پاکستان کی معاشی ترقی اور عوامی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب کے اختتام پر پاک چین دوستی زندہ باد کا نعرہ بھی لگایا۔

بقیہ 02

روکا تو ہمارا خطہ مست سانڈوں کا میدانِ جنگ بن جائے گا۔ پھر ہمارے پاس کچھ نہیں بچے گا۔ جنابِ اسپیکر! جو کچھ ہو رہا ہے، ہم اتنے گئے گزرے نہیں ہیں کہ یہ نہ سمجھ سکیں کہ ملک کا دفاع کیا ہے۔ ہم اتنے گئے گزرے نہیں ہیں کہ وطن فروشی کریں۔ آپ اس ملک کو کہاں لے جا رہے ہیں؟۔ سارے یورپ میں ہنگامے ہو رہے ہیں۔ آپ کیا بنگال کے بعد اس کو بھی توڑنا ہے؟ خدا کو مانو، کیوں اس کو توڑنا چاہتے ہو؟ اس کو مضبوط بنائیں۔ کیا ایسے یہ ملک چل سکتا ہے؟ ایسا نہیں ہوسکتا، حنیف عباسی بھائی! اس ملک کی ریاست کو ماں بنائیں۔ لوگوں کی خدمت کریں اور عوام کو عزت دیں۔ اگر میں آپ کو اس کی مبارک باد دوں تو آپ کو بھی مبارک ہو اور ان تمام لوگوں کو بھی مبارک ہو جنہوں نے 26ویں اور 27ویں آئینی ترامیم کو ووٹ دیا۔ ایک شریف جج نے پھر استعفیٰ دے دیا ہے اور انہوں نے واضح اعلان کیا ہے کہ "میں محسن کیانی اس لیے استعفیٰ دے رہا ہوں کہ 26ویں اور 27ویں آئینی ترامیم کے بعد عدالتوں کی کوئی حیثیت نہیں رہی۔ قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ یہ پارلیمنٹ اگر پاکستان کی نمائندہ پارلیمنٹ ہے، تو اس کا حق بنتا ہے کہ آپ اس کو اعتماد میں لیں کہ ہمارے خطے میں کیا ہو رہا ہے۔ ان حالات میں خواجہ آصف بھائی ہم آپ کے ساتھ ہیں، بسم اللہ کریں، آئیں۔ پھر کل یہ نہیں چلے گا۔ ایسا موقع آئے گا کہ آپ کہیں انکار نہیں کر سکیں گے۔ یہ پارلیمنٹ آپ کا سہارا بنے گی کہ جی ہم یہ بات پارلیمنٹ کے پاس لے گئے، پارلیمنٹ نہیں مان رہی، لہٰذا ہم نہیں آ رہے۔ جب آپ سے بات کرتے ہیں، آپ گالیاں دینی شروع کر دیتے ہیں، وہاں سے میرا بھائی حنیف بھائی غصہ کرتا ہے، یہ کیا ہو رہا ہے؟ حنیف عباسی کعبہ شریف گئے ہیں بتائیں کتنے پیسے دیئے ووٹ کیلئے؟ میں نے مطالبہ کیا تھا کہ اس حکومت میں کتنی کرپشن ہوئی ایک کمیٹی بنائیں، "ہم الزام نہیں لگا رہے اب بھی وقت ہے۔ پیپلز پارٹی بھی سن رہی ہے اور آپ بھی سن رہے ہیں، اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں۔ آپ کو کیا سپورٹ چاہیے؟ ووٹ؟ ہمارے تمام ووٹ آپ کے لیے ہیں۔ ہم سب آپ کو ووٹ دیں گے۔ مولانا فضل الرحمان، تحریک انصاف، ہمارے تمام ساتھی آپ کو ووٹ دیں گے۔ آئیں، اس پارلیمنٹ کو طاقت کا سرچشمہ بنائیں۔ چیکوسلواکیہ کی طرح بیٹھ کر اس کا حساب کریں۔ سندھی اپنا پٹواری بلالے گا کہ یہ سندھ ہے، بلوچ اپنے بلا لے گا کہ یہ بلوچ ہے، پنجاب اپنے بلالے گا کہ یہ پنجاب ہے، اور سب خدا حافظ کر کے سلام کر دیں گے۔ قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ کیوں توڑنا چاہتے ہو اس ملک کو؟ اسے بنائیں۔ آپ 70،75 سال میں دیکھ لیں، اس میں ہمارا کوئی رول نہیں تھا۔ نہ سندھی کا رول تھا، نہ بلوچ کا رول تھا، نہ سرائیکی کا رول تھا، اور نہ پشتون کا رول تھا۔ آپ نے پاکستانی قوم کو نہیں بنایا۔ یہاں پیسے والے کی گاڑی 40 ہزار میں پٹرول ٹینکی فل نہیں کرا سکتا اور غریب 20 ہزار روپے دیہاڑی دار مزدور نہیں کما رہا۔ یہ کس طرح زندگی ہوگی؟ کروڑوں بچے آپ کے اسکول سے باہر ہیں۔ پاکستان کو اسلام کا قلعہ کہا جاتا ہے، لیکن کہاں کا قلعہ؟ کیا اس طرح کا اسلام ہوتا ہے؟ بچوں کی بھوک کی وجہ سے، اس دن آپ کو خدا یاد آئے گا کہ پاکستان کہاں جا رہا ہے۔ آئیں بسم اللہ کریں، کیا چاہیے آپ کو؟ میں آپ کو ان کنڈیشنل سپورٹ دیتا ہوں۔ آئیں پاکستان کو بنائیں۔ سندھی کو یہ اختیار دیں کہ بابا آپ جانیں، آپ کے وسائل جانیں۔ بلوچ آپ جانیں، آپ کے وسائل جانیں۔ پنجابی غریب پہ بھروسہ کریں۔ قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ افغانستان کے ساتھ اپنے راستے بند کردیں۔ اگر آپ افغانستان سے راستہ بنانا چاہتے ہیں، تو آپ کو اپنی ڈکشنری سے یہ بات نکالنی ہوگی کہ کابل یا افغانستان ہمارا پانچواں صوبہ ہوگا۔ 'اسٹریٹجک ڈیپتھ' کی سوچ کو بھی نکالنا ہوگا۔ بسم اللہ کریں، جب آپ چاہیں؛ افغانستان آپ کا اتنا اچھا دوست تھا کہ بھٹو نے اپنی کابینہ کا اجلاس وہاں کیا۔ اگر مولانا صاحب نے کہا ہے کہ وہ جانے کے لیے تیار ہیں، تو ان کے بھی وہاں رشتے ہیں اور آپ کے بھی۔ آئیں، ملکوں پر برے اوقات آتے ہیں۔ دوسری جنگ عظیم میں جرمنی اور جاپان برباد ہوئے، لیکن 50 سالوں میں وہ دنیا کے بہترین ممالک بن گئے۔ آئیں، بیٹھیں، ہمیں اعتماد میں لیں اور ہمیں سمجھائیں۔ چیخ و پکار اور گالیاں دینے سے کیا ہوگا؟ آپ مجھے گالیاں دیں، میں آپ کو گالیاں دوں، اس کا کیا فائدہ؟ اب بھی ان معاملات پر مذاکرات ہونے چاہئیں، سب کو بٹھائیں۔ جو کچھ ایران میں ہو رہا ہے، اس پر ہمیں اعتماد میں لیں۔ ہم آپ کی حمایت کریں گے۔ امریکہ کبھی دھمکیاں دیتا ہے۔ قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اب بھی مذاکرات اسی پر ہونے چاہئیں، جو کچھ ایران میں ہو رہا ہے، اس پر ہمیں اعتماد میں لیں۔ آپ بتائیں ایران میں کیا ہو رہا، ہمیں اعتماد میں لیں، ہم آپکا ساتھ دیں گے۔ خدانخواستہ اگر ایران پر اسرائیل اور امریکہ حملہ کرتے ہیں، تو ہماری پوزیشن کیا ہوگی؟ ہم کس کا دفاع کریں گے اور ہم کہاں جائیں گے؟ بسم اللہ کریں، نہ آپ اتنے اچھے ہیں اور نہ ہم اتنے برے ہیں، یہی پاکستان ہے۔ ان کو اعتماد میں لیں۔ نئے لوگ نہیں آئیں گے، پرانوں کو بھول جائیں۔

بقیہ 03

ٹاسک دیا ہوا ہے، جس وجہ سے جاتا ہوں۔ ان کا کہنا تھا کہ میرے اوپر جے یو آئی کافی دن سے بحث کر رہی تھی، ذاتی طور پر مولانا فضل الرحمان کا احترام کرتا تھا، کل انہوں نے جب کہا کہ میں ریاست پر تھوکتا ہوں، انہوں نے احترام کی گنجائش نہیں چھوڑی، کچھ چیزیں کسی سیاستدان کو زیب نہیں دیتیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ اب آپ کو ریاست سے نوکری اور پیسے نہیں ملنے۔ جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ کے احتجاج پر محسن نقوی نے کہا کامران صاحب آپ کو سننا پڑیگا، انہوں نے اسلام کو کاروبار بنا رکھا ہے، یہ ہر اس چیز کے لیے اسلام کو استعمال کرتے جس میں ان کا ذاتی فائدہ ہو، یہی لوگ آ کر کہتے تھے گورنر راج لگائیں ہماری جان چھڑائیں۔

بقیہ 04

فرینڈشپ ہسپتال کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی اور خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہسپتال پاک چین دوستی کی لازوال مثال ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ چین نے کورونا وبا کے دوران پاکستان کو یہ اسپتال تحفے میں دیا تھا، تاہم کورونا کے بعد ہسپتال کی بندش انتہائی افسوسناک اور مجرمانہ غفلت تھی۔ شہباز شریف نے اعلان کیا کہ ہسپتال کے تمام اخراجات حکومت پاکستان برداشت کرے گی اور یہاں مریضوں کو مکمل طور پر مفت علاج فراہم کیا جائے گا، اسلام آباد سمیت ملک بھر سے آنے والے مریض اس سہولت سے مستفید ہوسکیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عوام کو بہتر علاج کی سہولیات فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ انڈس اسپتال کی انتظامیہ نے سالانہ اخراجات اور سرمایہ کاری میں مناسب رعایت دی ہے، جبکہ انڈس ہسپتال غیر منافع بخش بنیادوں پر طبی خدمات فراہم کر رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان چین دوستی ہسپتال کا نام مستقل طور پر برقرار رہے گا۔ صحت کے شعبے میں عوام اور دکھی انسانیت کی خدمت سے بڑھ کر کوئی قومی خدمت نہیں، عوام کی خدمت کرنے والوں کو ہمیشہ دعائیں ملتی رہیں گی۔ چینی سفیر جیانگ ژی ڈونگ نے کہا کہ پاک چین فرینڈشپ ہسپتال وزیراعظم شہباز شریف کی ذاتی دلچسپی اور سرپرستی کا نتیجہ ہے، اسپتال کو پاک چین فرینڈشپ ہسپتال کا نام دیا جانا قابلِ تحسین ہے۔ چینی سفیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں اور بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیوں نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر کی ہے، سی پیک کا دوسرا مرحلہ پاکستان کی معاشی ترقی اور عوامی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے خطاب کے اختتام پر پاک چین دوستی زندہ باد کا نعرہ بھی لگایا۔

بقیہ 05

گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے ناگزیر ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بیناز، بولیدہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان کے ایک دہشت گرد کو ہلاک کرنا سیکیورٹی فورسز کی اہم کامیابی ہے۔ دو خواتین کو اپنے ہمراہ لے جانے والے دہشت گردوں کے خلاف بروقت کارروائی سیکیورٹی فورسز کی مستعدی، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمت عملی کا مظہر ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں امن دشمن عناصر کے عزائم کی راہ میں مؤثر رکاوٹ ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں پوری قوت سے جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام تک ریاست کا عزم غیر متزلزل رہے گا۔

بقیہ 06

اجلاس 20 سے 22 نومبر 2026 تک نئی دہلی میں منعقد ہوگا۔ بھارتی وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے پاکستان سمیت ایس سی او کے تمام رکن ممالک کو دعوت دیے جانے کی تصدیق کردی ہے۔ بھارتی وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے میڈیا بریفنگ کے دوران بتایا کہ ایس سی او کے رکن ممالک کے علاوہ تنظیم کے مکالماتی شراکت داروں اور ایک مبصر ملک کو بھی فورم میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ ان کے مطابق یہ اجلاس 20 سے 22 نومبر تک نئی دہلی میں ہوگا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق پاکستان کے وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی کو بھی فورم میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ تاہم پاکستان کی جانب سے تاحال شرکت کے لیے نمائندے کے نام کا باضابطہ اعلان نہیں کیا گیا۔ فورم میں رکن ممالک کے درمیان تہذیبی روابط، ثقافتی سفارت کاری، مشترکہ ورثے، تعلیم اور روایتی علوم سمیت مختلف شعبوں میں تعاون پر تبادلہ خیال متوقع ہے۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان کشیدہ تعلقات کے باوجود ایس سی او کے پلیٹ فارم پر دونوں ممالک کی شرکت علاقائی سطح پر کثیرالجہتی سفارتی روابط کے تسلسل کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ 07

مصنوعات کے موجودہ ذخائر ضروریات کے لیے کافی ہیں، فی الحال ملک میں اضافی ایندھن بچت اقدامات کی ضرورت نہیں۔ قومی اسمبلی میں پیٹرولیم مصنوعات کے ذخائر اور قیمتوں سے متعلق تحریری جواب میں وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ درآمدات اور ملکی ریفائنریوں کی پیداوار کی مسلسل نگرانی کا نظام کام کر رہا ہے، ستمبر میں پیٹرول کی طلب 6 لاکھ 92 ہزار ٹن متوقع تھی، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے ذریعے 5 لاکھ 11 ہزار ٹن درآمدات کی منصوبہ بندی کی گئی۔ تحریری جواب کے مطابق ستمبر 2026 میں ڈیزل کی درآمدات کی کوئی منصوبہ بندی نہیں کی گئی، ستمبر 2026 میں ڈیزل کے ملکی ذخائر اور ریفائنریوں کی متوقع پیداوار کافی تھی، 22 ستمبر تک ملک میں پیٹرول کے ذخائر تقریباً 3 لاکھ 95 ہزار ٹن تھے، بندرگاہ اور سمندری حدود میں موجود جہازوں سمیت مجموعی دستیابی 5 لاکھ 6 ہزار ٹن تھی۔ وزیرِ پیٹرولیم نے کہا کہ ملک میں پیٹرول کے ذخائر 22 دن کی ضروریات کے لیے کافی تھے، 22 ستمبر تک ڈیزل کے ذخائر 5 لاکھ 68 ہزار ٹن، 30 دن کی ضروریات کے برابر تھے۔ جولائی 2026 میں پیٹرول کی فروخت میں سالانہ بنیاد پر 18 فیصد اضافہ ہوا، اگست میں پیٹرول کی فروخت جولائی کے مقابلے میں تقریباً 9 فیصد کم ہوئی۔

بقیہ 08

دونوں ممالک کے درمیان ثالثی کے لیے تیار ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ روس خطے میں فوجی کشیدگی کو مزید بڑھنے سے روکنے کے لیے بھی کوششیں کرنا چاہتا ہے۔ کریملن کے ترجمان نے کہا کہ اگر ایران کے افزودہ یورینیم کا معاملہ مذاکرات میں رکاوٹ بنا رہا تو روس اسے اپنے ہاں وصول کرنے کے لیے بھی تیار ہے۔ ترجمان نے انکشاف کیا کہ ایران کا معاملہ روس اور امریکا کے درمیان رابطوں میں باقاعدگی سے زیرِ بحث آتا ہے اور دونوں اپنے اپنے مؤقف کا تبادلہ کرتے رہتے ہیں۔ یاد رہے کہ روس اس سے قبل بھی ایران کے افزودہ یورینیم کو اپنے ہاں محفوظ رکھنے اور جوہری تنازع کے حل میں مدد دینے کی پیشکش کر چکا ہے۔ تاہم اپریل میں روسی حکام نے بتایا تھا کہ امریکا نے ایرانی یورینیم روس منتقل کرنے کی اس کی تجویز مسترد کر دی تھی۔ روس کی جانب سے جنگ بندی کے لیے فریقین کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنے کی پیشکش پر تاحال امریکا اور ایران نے کوئی ردعمل نہیں دیا ہے۔

بقیہ 09

عطاالرحمان کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمان کیا ایوان میں موجود تھے جب محسن نقوی نے ان کے بارے میں بات کی، محسن نقوی نے جے یو آئی ایف کا نام لیا، ماں ریاست ہے اور ایک بیٹے کے ساتھ ایسا رویہ رکھے، ایک طرف ماں خاموش ہے اور ایک بیٹے سے الجھ رہی ہے۔

بقیہ 10

صوبے میں امن وامان کے قیام اور امن دشمن عناصر کے مذموم عزائم ناکام بنانے کے لیے ناگزیر ہیں۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور مؤثر کارروائیاں صوبے میں امن و استحکام برقرار رکھنے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ریاست کے پختہ عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی اداروں کی کوششیں قابلِ تحسین ہیں، جو عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہے ہیں۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے۔ وزیر داخلہ بلوچستان نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے، عوام کے تحفظ کو یقینی بنانے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی اداروں کی کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 11

تھے۔ علامہ راجہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج میں پیپلز پارٹی کا کردار انتہائی غیر جمہوری رہا، پیپلز پارٹی نے گورنر راج لگانے میں بلاوجہ حکومت کی سپورٹ کی، پیپلز پارٹی نے عوامی مینڈیٹ پر ڈاکا ڈالا۔ سندھ، بلوچستان، جی بی کے بعد خیبر پختونخوا کے مینڈیٹ پر قبضہ کیا۔ سندھ کے عوام کے حقوق سے متعلق کوئی مشکل کھڑی کر رہا ہے تو وہ پیپلز پارٹی ہے۔ پیپلز پارٹی دوسروں صوبے کے اندر کیا کر رہی ہے؟ پیپلز پارٹی کو تو بات ہی نہیں کرنی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبوں کی تقسیم سے متعلق فیصلہ بانی پی ٹی آئی کے سوا کوئی نہیں کرسکتا، بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے بغیر پارٹی یا کوئی کچھ نہیں کرسکتا، پی ٹی آئی والوں کو بھی چاہیے اکثریت سے جو فیصلہ ہو اسی بات کو بیان کریں، اس وقت ذاتی رائے دینے سے کنفیوژن پیدا ہوتی ہے، خیال رکھتا ہوں کہ ایسی بات نہ کروں جس سے اندر کے اختلافات سامنے آئیں، صوبوں کی تقسیم سے متعلق اجلاس میں کوئی بات نہیں ہوئی۔ علامہ راجہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ عوام نے مینڈیٹ دیا تھا وہ چھین لیا گیا، آپ اس کی حفاظت نہیں کر سکے، ن لیگ نے پی ٹی آئی کا 8 فروری کا مینڈیٹ لوٹا اور کہتے ہیں آؤ ہمارے ساتھ بات کریں، ایم این ایز کو نااہل کیا، صوبے میں گورنر راج لگایا اور کہتے ہیں آؤ ہمارے ساتھ بات کریں، ہم بڑا ڈائیلاگ چاہتے ہیں۔

بقیہ 12

اور ڈیجیٹائزیشن کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری فنانس جہانگیر خان نے بی آر اے کو درپیش چیلنجز اور نظام کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے ایک جامع بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں نشاندہی کی گئی کہ ادارے کی کارکردگی کو مؤثر بنانے کے لیے واضح قوانین، باصلاحیت و جوابدہ قیادت، مضبوط تنظیمی ڈھانچہ اور ماہر عملہ انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے صوبے میں ٹیکس کلیکشن کے نظام کو شفاف اور تیز تر بنانے کی سخت ہدایت کی۔ انہوں نے زور دیا کہ ٹیکس وصولی کے عمل کو آسان اور جدید بنایا جائے تاکہ صوبائی آمدنی میں اضافہ ممکن ہو سکے اور عوامی فلاح کے منصوبوں کو بروقت مکمل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی معاشی خودمختاری اور ترقی کا دارومدار ایک مضبوط، شفاف اور فعال ٹیکس کے نظام پر ہے۔ ہمارا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے نہ صرف ٹیکس چوری کا سدباب ہو بلکہ عام شہری اور ٹیکس دہندگان کے لیے بھی آسانیاں پیدا ہوں۔ تمام متعلقہ افسران اپنی ذمہ داریاں مکمل پیشہ ورانہ مہارت اور ایمانداری سے ادا کریں تاکہ صوبے کے تمام طے شدہ ریونیو اہداف کو وقت پر حاصل کیا جا سکے اور عوامی وسائل کا بہتر استعمال یقینی ہو۔ اجلاس میں چیئرمین بی آر اے عبداللہ خان بھی موجود تھے۔

بقیہ 13

ہوگئے۔ غیر حتمی نتائج کے مطابق انڈیپنڈنٹ گروپ کے صدارتی امیدوار سید امجد شاہ لاہور سے 644 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ پروفیشنل گروپ کے امیدوار سردار امان خان 400 ووٹ حاصل کر سکے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے احسن بھون نے جیت پر بار کے وکلا کو مبارکباد دی اور تمام سیاسی جماعتوں کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے چودھری پرویز الہیٰ کا بھی شکریہ ادا کیا۔ احسن بھون نے کہا کہ آئین اور قانون کے مطابق ہونے والی ترامیم کی حمایت کریں گے۔ دوسری جانب نومنتخب صدر سید امجد شاہ نے بھاری مینڈیٹ ملنے پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ وہ حمایت کرنے پر وکلا برادری کے شکر گزار ہیں۔ سید امجد شاہ نے کہا کہ آئین اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، جبکہ وکلا کی فلاح و بہبود ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔

روزنامہ باخبر کوئٹہ

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 30 اکتوبر 2026ء

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ڈاکٹر بسم اللہ خان کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے

موجودہ حکومت سڑکوں کی تعمیر ومرمت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

صوبائی وزیر مواصلات

سڑکوں کی تعمیر سے کاشتکاروں کو اپنی زرعی اجناس بروقت اور آسانی کے ساتھ منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر آسکے گی تاکہ زرعی شعبے کو مزید ترقی دی جاسکے

تعمیراتی کاموں کے دوران معیاری میٹریل کا استعمال ہو اور تعمیراتی امور طے شدہ معیار اور مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق انجام دیے جائیں، میر سلیم خان کھوسہ

صحبت پور (خ ن) (نامہ نگار) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم خان کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے گرین بیلٹ میں تعمیر وترقی کا فروغ حکومت کے وژن کا اہم حصہ ہے، موجودہ حکومت گرین بیلٹ بالخصوص نصیر آباد ڈویژن میں سڑکوں کی تعمیر ومرمت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تاکہ کاشتکاروں کو اپنی زرعی اجناس بروقت اور آسانی کے ساتھ منڈیوں تک پہنچانے میں سہولت میسر

بقیہ نمبر 01 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیر میر سلیم احمد کھوسہ اور ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین صحبت پور میں فیملی پارک کا جائزہ لے رہے ہیں

ایوب اسٹیڈیم کوئٹہ میں وزیر اعلیٰ انٹرا اسکول ہاکی ٹورنامنٹ کا افتتاح

تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے مقابلے نوجوانوں میں نظم وضبط اور ٹیم ورک کو فروغ دیتے ہیں، میر لیاقت لہڑی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیر اعلیٰ بلوچستان انٹرا اسکول ہاکی ٹورنامنٹ کی افتتاحی تقریب اج یہاں ایوب اسٹیڈیم میں منعقد ہوئی اس پروقار تقریب کے مہمان خصوصی پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی تھے اس موقع پر پاکستان ہاکی

بقیہ نمبر 04 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ چیف کیسکو ایگزیکٹو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ملاقات کر رہے ہیں

استامحمد میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور بھارتی قبضے کے خلاف ریلی نکالی گئی

استامحمد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال کی ہدایت پر کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور بھارتی قبضے کے خلاف یوم سیاہ کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد اسماعیل لاشاری اور اسسٹنٹ کمشنر استامحمد ماریہ شمعون کی قیادت میں پرامن ریلی نکالی گئی ریلی میں ضلعی افسران سرکاری ملازمین اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی ڈپٹی کمشنر آفس استا محمد سے ہوتی ہوئی تحصیل روڈ۔ فائر بریگیڈ چوک سے گزرتے ہوئے واپس ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی اس موقع پر شرکا نے کشمیری عوام کے ساتھ

بقیہ نمبر 05 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

نصیر آباد، ریجنل ڈائریکٹر محتسب علی رضا مگسی کو سائل کھلی کچہری میں اپنے مسائل کے متعلق تحریری طور آگاہی فراہم کر رہا ہے

دالبندین میں جنسی وتولیدی صحت کے حقوق کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد

نوجوانوں میں شعور وآگاہی وثبت سمجھ بوجھ کو فروغ دینے کیلئے اس طرح کی سرگرمیاں نہایت مفید ہیں

دالبندین (نامہ نگار) دالبندین میں جنسی وتولیدی صحت کے حقوق کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد اسلامک ریلیف کی طرف سے کی گئی۔ دالبندین،

بقیہ نمبر 06 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ کی دوبارہ حد بندی تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جائے مبین خان

دو اضلاع میں تقسیم ہونے کے باوجود اب نئے سرے سے حد بندی کی کوششیں کی جارہی ہیں

ایک ضلع کی آبادی 6 لاکھ اور دوسرے کی 20 لاکھ رکھنا نا انصافی ہے سابق وزیر

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر مبین خان نے کہا ہے کہ کوئٹہ کو دو اضلاع میں تقسیم کرنے کے معاملے کا جائزہ لینے کیلئے قائم کمیٹی میں سابق ارکان اسمبلی، وزراء اور سیاسی جماعتوں کو نمائندگی دی جائے تاکہ زمینی حقائق، آبادی اور عوامی ضروریات

بقیہ نمبر 02 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی پولیس تھانہ سٹی میں پریس کانفرنس کا انعقاد

نصیر آباد (نامہ نگار) ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر نے آج پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل کی سربراہی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی انسپکٹر عبدالرؤف جمالی، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی محمد انور کھوسہ، انچارج سی آئی اے انچارج سب انسپکٹر بہادر علی ڈومکی اور ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید ہدایت اللہ کولاچی صدر

بقیہ نمبر 03 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

وائس چیئرمین بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ بلال خان کاکڑ بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو کی لانچنگ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

موسم سرما کا آغاز، گیس پریشر غائب، بھاری بلوں نے مشکلات بڑھا دیں

نواکلی، کلی کوتوال، کلی عمر، سرہ غرگئی، کلی الماس، ائیر پورٹ روڈ، کلی عالم خان۔ جیل روڈ، ہدہ برروری روڈ، تختانی بائی پاس اور ملحقہ علاقوں میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے، جس کے باعث گھریلو صارفین کو روزمرہ امور کی انجام دہی میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

گیس پریشر میں کمی کے باعث کھانا پکانے سمیت گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہو گیا ہے دوسری جانب صارفین کو بھاری بل بھی بھیجے جا رہے ہیں، گیس پریشر کی بحالی، بھاری بلوں اور صارفین کو درپیش مسائل کا نوٹس لیا جائے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر اور گردونواح میں گیس پریشر نہ ہونے کے باعث شہریوں کو سردی میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ نواکلی، کلی عمر، کلی کوتوال، سرہ غرگئی، کلی الماس، ائیر پورٹ روڈ، کلی عالم خان۔ جیل روڈ، ہدہ برروری روڈ، تختانی بائی پاس اور ملحقہ علاقوں میں گیس پریشر نہ ہونے کے برابر رہ گیا ہے، جس کے باعث گھریلو صارفین کو روزمرہ امور کی انجام دہی میں پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ شہریوں نے گیس کمپنی کی کارکردگی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ لاکھوں روپے تنخواہیں لینے والے افسران شہریوں کے مسائل حل کرنے کے بجائے دفاتر تک محدود ہو کر رہ گئے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک جانب گھروں میں گیس کی فراہمی متاثر ہے تو دوسری جانب صارفین کو بھاری بل بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ شہریوں نے شکایت کی کہ گیس پریشر میں کمی کے باعث کھانا پکانے سمیت گھریلو ضروریات پوری کرنا مشکل ہو گیا ہے، جبکہ متعلقہ

بقیہ نمبر 07 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی میں ڈپٹی کمشنر الیاس کبزئی کی قیادت میں یوم سیاہ کشمیر پر ریلی، کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی

کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھیں گے، ڈپٹی کمشنر سبی الیاس کبزئی

سبی (خ ن) یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی کی قیادت میں کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ریلی نکالی گئی، جس

بقیہ نمبر 08 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی امیر مولانا محمد خان شیرانی، صوبائی امیر مولانا عبدالمالک، طلباء کے مرکزی صدر حافظ نواز آزاد، صوبائی صدر حافظ سید نداء محمد شاہ، حاجی ایمن اللہ امین، حافظ ہمایوں چشتی، حاجی عبدالرزاق لانگو، گریگری انوسینٹ، حافظ عنایت مفتی عبدالوارثا ور دیگر جمعیت طلباء اسلام پاکستان بلوچستان کے زیر اہتمام سید شمس الدین شہید کی یاد میں شعور وآگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات کے پریزائڈنگ آفیسر جاڑین دشتی، پولنگ آفیسر میر عطاء اللہ لانگو، بیرسٹر علی احمد زہری اسد ریکسانی کی نگرانی میں امان اللہ یاسین زئی، امان اللہ کنرانی، علی احمد کرد، نادر چھلگری، خلیل پانیزئی، ملک امین اللہ کاکڑ، منیر کاکڑ، نصیب اللہ ترین، بدر منیر، راحب بلیدی، ملک سکندر ایڈوکیٹ، عبدالمجید دمڑ، ناصر کاسی اور دیگر ووٹ ڈال رہے ہیں

ملک عبدالغفار مندوخیل جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی کی ذاتی کاوشوں کی بدولت ٹھیکیداروں کے مسائل حل ہو رہے ہیں، خان کاکڑ

میرٹ پر ٹھیکیداروں کے جائز مسائل حل ہو رہا ہے، عبدالمالک سالانی

کوئٹہ (پ ر) ضلع کوئٹہ کے سیاسی رہنما عبدالمالک سالانی خان کاکڑ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر میر عبدالسلام لانگو چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی کی ذاتی

بقیہ نمبر 09 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

میونسپل کمیٹی کے بھاری بجٹ، فنڈز اور مشینری کے باوجود شہر گندگی کا ڈھیر بن گیا

گنداخہ (نامہ نگار) پیپلز پارٹی تحصیل گنداخہ کے صدر میر سمیع اللہ خان جمالی نے ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد کی کھلی کچہری میں خطاب کرتے ہوئے میونسپل کمیٹی گنداخہ کی کارکردگی، صفائی کی ابتر صورتحال، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور ترقیاتی فنڈز کے استعمال پر سوالات اٹھاتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں آنے والے فنڈز اور مختلف ترقیاتی اسکیموں کی شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔ میر سمیع اللہ خان جمالی نے ڈپٹی کمشنر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ میں بھاری بجٹ، وسیع فنڈز اور ہیوی مشینری موجود ہونے کے باوجود شہر صفائی کے فقدان کے باعث

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

مائنز ویلفیئر سکولوں کو محکمہ تعلیم کے حوالے کرنے کا فیصلہ واپس لیا جائے، سیف اللہ خان

ملازمین کے روزگار، معاشی تحفظ اور پیشہ ورانہ حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے

صدر یونائیٹڈ منرلز کمپنی ایمپلائز یونین کا صوبائی وزیر معدنیات اور سیکرٹری معدنیات سے مطالبہ

کوئٹہ (اے این این) یونائیٹڈ منرلز کمپنی ایمپلائز یونین کے صدر سیف اللہ خان نے مائنز ویلفیئر سکولوں کو محکمہ تعلیم کے حوالے کرنے کے فیصلے کی شدید مذمت کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم، صوبائی وزیر معدنیات اور سیکرٹری معدنیات سے مطالبہ کیا

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے

ڈی سی کوئٹہ

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کا شہید بے نظیر ہسپتال کوئٹہ کا دورہ ہسپتال کے مختلف شعبوں، طبی سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا

مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، عملے کی حاضری اور ہسپتال کے انتظامی امور کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات یقینی بنائے جائیں، ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ کے ہمراہ شہید بے نظیر ہسپتال کوئٹہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبوں، طبی سہولیات اور انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر شہزاد واحد نے ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال کے مسائل، ضروریات، او پی ڈی، ایمرجنسی سروسز، ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی دستیابی سمیت ایل ایم او

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

رکن بلوچستان اسمبلی زرک مندوخیل نے گورنمنٹ اسپیشل ہائر سیکنڈری اسکول کا دورہ کر رہے ہیں

کوئٹہ انجمن تاجران ایسوسی ایشن بلوچستان کے وفد کا آئی جی ایف سی بلوچستان (نارتھ) میجر جنرل محمد عاطف مجتبیٰ سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی اسلحہ لائسنس کی ڈیجیٹلائزیشن کے حوالے سے اسلحہ ڈیلرون کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عوامی فلاح وبہبود کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا

میر علی حسن زہری

میر علی حسن زہری کا دورہ حب، پارٹی کارکنوں اور عوام سے ملاقاتیں، عوام کی شکایات اور مسائل توجہ سے سنے اور بعض مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کئے

گڈانی اور وندر کے اسکولوں کیلئے بسوں کی فراہمی عوامی مسائل کے حل کی جانب عملی پیش رفت ہے، پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما کا حب میں شہریوں سے بات چیت

حب (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری وسینئر نائب صدر پی پی پی بلوچستان میر علی حسن زہری زہری فارم ہاؤس پہنچ گئے جہاں انہوں نے مختلف علاقوں سے آنے والے عوام اور پارٹی کارکنوں سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر عوام نے انہیں اپنے مسائل، مشکلات اور بنیادی ضروریات سے آگاہ کیا، جبکہ پارٹی کارکنوں کے ساتھ تنظیمی امور، عوامی

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر کے کالجوں کی تعلیمی کارکردگی اور انتظامی امور کا جائزہ، ڈائریکٹر کالجز کی زیر صدارت اجلاس

گوادر میں طالبات کی اعلیٰ ثانوی تعلیم کے لیے تین نئے گرلز انٹر کالجز قائم کر دیے گئے، پروفیسر برکت اسماعیل

گوادر (خ ن) صوبائی حکومت کی تعلیم دوست پالیسی اور معیاری تعلیم کے فروغ کے وژن کے تحت ضلع گوادر کے کالجوں کے پرنسپلز کا اجلاس ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بلوچ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کے کالجوں کے سربراہان نے

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

مفتی محمود مرکز کو تجاوزات کے نوٹس میں شامل کرنا بدنیتی پر مبنی اقدام ہے، حافظ صدیق مدنی

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء اور سابق ممبر یوتھ پارلیمنٹ حافظ محمد صدیق مدنی نے اپنے ایک مذمتی بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کے پشاور دفتر مفتی محمود مرکز کو تجاوزات کے معاملے میں نوٹس دینا بظاہر بدنیتی پر مبنی اقدام محسوس ہوتا ہے جس کی ہم شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مفتی محمود مرکز ایک اہم سیاسی ودینی جماعت کا مرکز ہے جسے سیاسی، جمہوری اور دینی سرگرمیوں کے حوالے سے نمایاں اہمیت حاصل ہے۔ ایسے مراکز کے بارے میں کوئی بھی اقدام کرتے وقت متعلقہ قوانین، شفافیت اور انصاف کے تقاضوں کو ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے کہا کہ اگر کسی عمارت یا زمین کے حوالے سے قانونی اعتراض موجود ہے تو اس معاملے کو غیر جانب دارانہ

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں یوم سیاہ کشمیر پر تقریب اور ریلی، طالبات کا کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی

مسئلہ کشمیر سے متعلق آگاہی کے لیے مضمون نویسی کے مقابلے، نمایاں طالبات میں انعامات تقسیم، پرنسپل یاسین بلوچ

گوادر (آئی این پی) صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر میں یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر خصوصی تقریب اور ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں طالبات اور اساتذہ نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی اور

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ محکمہ تعلیم میں لواحقین کوٹہ کے تحت تعیناتی ہونے والے امیدواروں میں تقرری کے آرڈرز تقسیم کر رہے ہیں

سابق وفاقی وزیر خلیل جارج ثنا انتظار، عمران سیسل اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا

ہرنائی میں یوم سیاہ کشمیر کے حوالے سے سیمینار، مظلوم کشمیری عوام سے یکجہتی کا اظہار

بھارتی مظالم کے خلاف آواز بلند کرنا عالمی برادری کی ذمہ داری ہے، مقررین

ہرنائی (آئی این پی) ضلعی انتظامیہ ہرنائی کے زیر اہتمام گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول ہرنائی میں 27 اکتوبر 'یوم سیاہ کشمیر' کے حوالے سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار اور بھارتی

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

ملک بشیر احمد ڈپٹی رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز راولپنڈی نے اپنا چارج سنبھال لیا

راولپنڈی (پ ر) ملک بشیر احمد ڈپٹی رجسٹرار کوآپریٹیو سوسائٹیز راولپنڈی نے اپنا چارج سنبھال لیا ہے اس موقع پر رانا امجد علی خان ڈائریکٹر پاکستان انٹرنیشنل ہومن رائٹس مومنٹ، چوہدری ظفر گوندل کوارڈینیٹر ٹو ایگزیکٹو ڈائریکٹر پاکستان انٹرنیشنل ایئر ہومن رائٹس، سید ذوالقرنین سکندر ڈسٹرکٹ وائس پریزیڈنٹ سرگودھا ڈویژن، طارق مہناس کوارڈینیٹر ڈائریکٹر پاکستان انٹرنیشنل ہومن رائٹس مومنٹ، مقصود احمد سرکل رجسٹرار کوآپریٹیو چکوال نے ان کا استقبال کیا اور گلدستہ پیش کیا

بلوچستان کی ٹریڈ یونین تنظیموں نے "لیبر کوڈ" مزدور دشمن قرار دیکر مسترد کر دیا

لیبر کوڈ میں کردار ادا کرنے پر ڈی جی لیبر کیخلاف بلوچستان ہائی کورٹ سے رجوع کریں گے: سلطان خان

لیبر کوڈ کی آڑ میں مزدوروں پر ٹھیکیداری نظام مسلط کیا جارہا ہے: عبدالستار، شاہ علی بگٹی

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن اور بلوچستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونینز سمیت بلوچستان سے تعلق رکھنے والی سی بی اے ٹریڈ یونین تنظیموں نے "لیبر کوڈ" کو مزدور دشمن قرار دے کر مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سبی اور گردونواح میں گیسٹرو کی وبا پھیل گئی سینکڑوں بچے متاثر

سبی سمیت گردونواح میں گیسٹرو کی وباء پھیل گئی سینکڑوں بچے دست اور الٹی کا شکار ہو کر سرکاری ونجی ہسپتال پہنچ گئے آلودہ پانی سب سے بڑی وجہ قرار

پانی اوبال کر استعمال کیا جائے او آر ایس کی زیادہ سے زیادہ استعمال سمیت فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع کرنے سے بچے کی زندگی بچ سکتی ہے، ماہرین کا مشورہ

ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے ہنگامی بنیادوں پر ڈی ایس او سمیت ڈویژنل ٹیچنگ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سبی کے ایم ایس کو ضروری علاج معالجے کی ہدایات کی ہے

سبی (نامہ نگار) پانی کا کمال سبی سمیت گردونواح میں گیسٹرو کی وباء پھیل گئی سینکڑوں بچے دست اور الٹی کا شکار ہو کر سرکاری ونجی ہسپتال پہنچ گئے پانی اوبال کو استعمال کیا جائے او آر ایس کی زیادہ سے زیادہ استعمال سمیت فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

جیم خانہ کے رہائشی وقاص چوہان ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سردار منظور خان کاکڑ کا سردار حسین اسلم بھٹی سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) سردار منظور احمد خان کاکڑ صدر ال کاکڑ قبائل فیڈریشن سیکرٹری جنرل بلوچستان یوتھ فرنٹ ممتاز قبائلی سیاسی وسماجی رہنما سندھ بلوچستان نے وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر ہردلعزیز سماجی وسیاسی رہنما سردار حسین اسلم بھٹی سے ان کی رہائش گاہ ایچ بی ہاس بھٹ ائی لینڈ میں ملاقات کی اور ان کی دادی کی وفات پر اظہار تعزیت اور مرحومہ کے لیے دعائے مغفرت کی اس موقع پر سردار منظور احمد خان کاکڑ نے کہا سردار حسین اسلم بھٹی علاقے کی مشہور و

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

سیف کوئٹہ کے عہدیداران جمشید دوتانی، عبدالغفور مدنی، سردار عبدالرزاق ستوریانی بھکی جگدیش کمار اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

استامحمد، امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال شہری عدم تحفظ کا شکار

استامحمد (نامہ نگار) ضلع استامحمد کے ضلعی ہیڈ کوارٹر شہر استامحمد میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال کے باعث شہریوں اور تاجروں میں تشویش پائی جارہی ہے۔ علی آباد روڈ پر گنداخہ بس اڈے کے قریب ایان پلال موبائل شاپ پر چار مسلح ڈاکوں ایک کے ساتھ کلاشنکوف اور تین پسٹل سے لیس ڈاکوؤں نے مبینہ

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان کھاد کی شفاف ترسیل اور نگرانی کے نظام پر عملدرآمد کے حوالے سے ضلعی سطح کی کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تحصیلدار سریاب کوئٹہ مہتاب مری کی کارکردگی قابل تعریف ہے، جاوید بلوچ

موصوف کی کاوشوں سے سریاب تحصیل آفس کی ریونیو میں بھی اضافہ ہو رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) سریاب کے سیاسی رہنما عبدالمالک سالانی جاوید بلوچ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تحصیلدار سریاب کوئٹہ مہتاب مری کی کارکردگی قابل تعریف ہے موصوف سریاب کے عوام کے زمینوں کو شفاف طریقے سے رجسٹریشن

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، ایڈ بلوچستان کے زیر اہتمام رائٹ ٹو انفارمیشن لاء کے حوالے سے ضلعی سیمینار سے میر بہرام لہڑی، عادل جہانگیر، فرخندہ اورنگزیب ودیگر اظہار خیال کر رہے ہیں

پی بی 53 کوئٹہ کے عوام تمام بنیادی سہولیات سے محروم، شہری مشکلات کا شکار

منتخب نمائندے نے پشتون باغ، انڈر کالونی علاقے کو نظر انداز کر رکھا ہے، سردار اورنگ شاہ خلجی

حلقے کے مختلف علاقوں میں پانی، بجلی، گیس اور معیاری سڑکوں کی عدم فراہمی ہیں' سیاسی وقبائلی رہنماء

کوئٹہ (اے این این) سیاسی وقبائلی رہنما سردار اورنگ شاہ خلجی نے کہا ہے کہ حلقہ پی بی 53 کوئٹہ کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، جبکہ علاقے کے منتخب رکن بلوچستان اسمبلی صمد گورگیج نے مبینہ طور پر حلقے کو نظر انداز کر رکھا ہے پانی، بجلی، گیس اور سڑکوں سمیت بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے باعث شہریوں کو روزمرہ زندگی میں شدید مشکلات کا

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں سردی کی لہر برقرار

کوئٹہ (خ ن) محکمہ موسمیات کی رپورٹ کے مطابق صوبہ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں آنے والے دنوں میں موسم عمومی طور پر خشک رہے گا، جبکہ صوبے کے شمالی اور پہاڑی اضلاع میں صبح اور رات کے اوقات میں سردی کی شدت برقرار رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی جانب سے جاری کردہ اعداد و

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

غلط چالان پر متعلقہ افسران کے خلاف کارروائی ہوگی' ڈی ایس پی ٹریفک

ٹریفک کو جدید تقاضوں کے مطابق چلانے کیلئے آئی جی پولیس بلوچستان کے وژن کے مطابق آغاز کر لیا' سجاد آغا

ٹریفک نفری کمی کے باوجود پورے کوئٹہ شہر کو کنٹرول کیا ہے مزید بھی اقدامات کرینگے

کوئٹہ (اے این این) ڈی ایس پی ٹریفک سجاد آغا نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ٹریفک اصلاحات کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور آئی جی پولیس بلوچستان کے وژن کے مطابق آغاز کر لیا اور اس سلسلے میں عوام اور ان کو جدید تقاضوں کے مطابق چلانے کے لیے

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 6 پر ملاحظہ فرمائیں

روزنامہ باخبر کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو پرنٹر پبلشر شاغاسی نے آریانہ پرنٹرز سے چھپوا کر
شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر روزنامہ باخبر کے دفتر سے
شارع عدالت کوئٹہ سے شائع کیا بانی اکرم اللہ خان

روزنامہ ''باخبر'' کوئٹہ 30 اکتوبر 2026ء

مکہ دفاعی معاہدے کے رکن ممالک کے اعلیٰ حکام کی ایرانی قیادت سے ملاقاتیں

مکہ دفاعی معاہدے کے رکن ممالک پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے اعلیٰ حکام نے ایرانی قیادت سے ملاقاتیں کیں۔ پاکستان سے آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، سعودی عرب سے وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان جبکہ ترک انٹیلی جنس کے سربراہ ابراہیم قالن ملاقاتوں میں شریک ہوئے۔ سعودی عرب پر حوثی حملوں کے بعد ان ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح پر یہ پہلی بار ملاقاتیں ہوئیں۔ ایران کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ تہران میں چار ملکی اجلاس کرنے کی تجویز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے پیش کی تھی جس کو ایران نے منظور کرلیا۔ انھوں نے بتایا کہ ایران تہران میں سعودی عرب، پاکستان اور ترکیہ کے اعلیٰ سطح وفود کی میزبانی کررہا ہے۔ ایرانی ترجمان کے مطابق، ایران کسی بھی ممکنہ صورتحال کا سامنا کرنے کے لیے تیار ہے، تاہم سفارت کاری کے دروازے بند نہیں کیے گئے۔ ایران اور امریکا کے درمیان ثالثوں کے ذریعے پیغامات کا تبادلہ جاری ہے اور پاکستان ان رابطوں میں اہم کردار ادا کرتا رہا ہے۔

سعودی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ وزیر دفاع خالد بن سلمان کے دورہ تہران کا مقصد موجودہ بحران کم کرنے اور سفارتی حل کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔ ملاقاتوں میں پاکستان اور قطر کی طرف سے کی گئی ثالثی کی کوششوں کی حمایت کرنا ہے۔ خطے میں دوبارہ فوجی کشیدگی روکنے کے لیے بات چیت کی راہیں کھولنے پر زور دیتے ہیں۔ امید کرتے ہیں کہ خطے میں امن کے لیے موجودہ بحران کے خاتمے کا معاہدہ طے پا جائے گا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ایران کے ساتھ ملاقات اسی سفارتی عمل کا حصہ ہے جس کے ذریعے خطے میں کشیدگی کم کرنے اور تنازعات کے پرامن حل کی حوصلہ افزائی کی جارہی ہے۔ یہ رابطے ایسے وقت میں ہورہے ہیں جب خطے میں جاری تنازعات کے تناظر میں مختلف ممالک سفارتی کوششوں اور باہمی مذاکرات کے ذریعے صورتحال کو بہتر بنانے پر زور دے رہے ہیں۔

اسی سلسلے میں چار ملکی اجلاس کا اعلامیہ جاری کیا گیا جس کے مطابق چاروں ملکوں میں تعاون مضبوط بنانے اور علاقائی امن و سلامتی کے فروغ کے لیے مذاکرات جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا۔ مذاکرات کی میزبانی ایران کے سکیورٹی چیف محسن رضائی نے کی۔ اجلاس میں ایرانی صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان اور وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کا مرکزی موضوع خطے میں امن و سلامتی تھا۔ تینوں ملکوں کے اعلیٰ حکام نے ایران کی سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل سے بھی مشاورت کی۔ چاروں ملکوں نے خطے میں امن و سلامتی کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کا عزم کیا۔ اس دوران طے کیا گیا کہ ایران، پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب علاقائی سلامتی پر تعاون بڑھائیں گے کیونکہ خطے میں پائیدار امن کے لیے علاقائی ملکوں کی مشترکہ کوششیں ضروری ہیں۔

دریں اثنا، ایرانی صدر نے چار ملکی اجلاس سے خطاب میں کہا کہ ایران اسلامی اتحاد کا باعث بننے والی ہر مفاہمت کی حمایت کرتا ہے۔ مسلم ممالک مشترکہ صلاحیتوں سے دنیا کو انصاف اور ترقی کا نمونہ دے سکتے ہیں۔ اسلامی ممالک کا اتحاد اسرائیل کو جارحیت جاری رکھنے سے روک سکتا ہے۔ اسرائیل کا خیال تھا کہ فوجی جارحیت ایران کو جھکنے پر مجبور کردے گی۔ دباؤ اور فوجی جارحیت نے ایرانی قوم کا اتحاد مضبوط کیا۔ خطے نے حالیہ برسوں میں اسرائیلی جرائم کی وسیع لہر دیکھی ہے۔ نقصانات اور مشکلات کے باوجود ایرانی قوم دفاع وطن پر ڈٹی رہی۔ ایران کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کرنے کا تصور غلط ہے۔ مسلم ممالک کو اپنے عوام کیلئے درپیش خطرات کے خلاف متحد ہو کر کھڑا ہونا چاہیے۔ ایران خطے میں اختلافات ختم کرنے اور تعاون بڑھانے پر تیار ہے۔ ایران بین الاقوامی قوانین کے تحت اپنے قانونی حقوق کا مطالبہ کرتا ہے۔ ایران اپنے دفاع کے لیے بھرپور اقدامات کرے گا۔ اسلامی ممالک مل کر حملوں اور عدم تحفظ کا مقابلہ کریں۔ ایران جوہری ہتھیار بنانے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا۔

موجودہ صورتحال میں پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور ایران کے اعلیٰ حکام کے مابین ملاقاتیں نہایت خوش آئند ہیں۔ اس وقت مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال صرف خطے کے ممالک ہی نہیں بلکہ پوری دنیا کے لیے شدید تشویش کا باعث بنی ہوئی ہے۔ ایسے میں تہران سے آنے والی خبر نے امید کی ایک کرن دکھائی ہے۔ ان ملاقاتوں سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ مسلم دنیا اپنے مسائل کا حل خود تلاش کرنے کی طرف بڑھ رہی ہے۔ ان ملاقاتوں میں شریک ہونے والے حکام کی اپنے ممالک میں حیثیت بھی اپنے اندر ایک پیغام رکھتی ہے۔

یہاں ایک بنیادی سوال یہ اٹھتا ہے کہ مسلم دنیا کب تک اپنے فیصلے دوسروں کے ایوانوں میں ہوتے دیکھتی رہے گی؟ پچھلی ایک صدی کی تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی مسلم ممالک باہم دست و گریباں ہوئے فائدہ کسی تیسرے نے اٹھایا۔ سرحدی تنازعات، مسلکی اختلافات اور سیاسی رقابتوں کو ہوا دی گئی، اسلحے کی منڈیاں گرم ہوئیں اور وسائل سے مالا مال خطہ مسلسل غربت، بے روزگاری اور بے یقینی کا شکار رہا۔ تیل اور گیس کے ذخائر، بحری گزرگاہیں، نوجوان آبادی اور جغرافیائی اہمیت سب کچھ ہمارے پاس ہے لیکن ہمارا باہمی اختلاف ایسے مسائل کا باعث بن رہا ہے جن کی وجہ سے ہم مسلسل زوال آمادہ ہیں۔ باہمی اعتماد کا فقدان ہمارا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور تہران میں ہونے والی بیٹھک اسی کمی کو پورا کرنے کی طرف پہلا قدم ہے۔ ایک ملاقات سے برسوں کی بداعتمادی ختم نہیں ہوتی مگر اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ برف پگھلنا شروع ہوگئی ہے۔

ہمیں یہ بھی ماننا ہوگا کہ خطے میں موجود ممالک کے مابین اختلافات حقیقی ہیں۔ سعودی عرب پر حوثی حملوں نے ریاض میں شدید تشویش پیدا کی۔ ایران کو اپنی سلامتی کے بارے میں خدشات ہیں اور سعودی عرب اور ترکیہ کے اپنے تحفظات ہیں۔ سچائی یہ ہے کہ اتحاد کا مطلب اختلافات کا خاتمہ نہیں بلکہ یہ ہے کہ اختلاف کو دشمنی بننے سے روکا جائے اور تنازع کو طاقت کی بجائے مکالمے سے نمٹایا جائے۔ یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ مسلم اتحاد کا تصور جذباتی نعرے سے آگے بڑھ کر ٹھوس بنیادوں کا تقاضا کرتا ہے۔ پہلی بنیاد باہمی احترام اور عدم مداخلت ہے، یعنی ہر ملک کی خود مختاری اور سرحدوں کا احترام کیا جائے۔ دوسری بنیاد معاشی تعاون ہے۔ مسلم ممالک کی باہمی تجارت ان کی مجموعی صلاحیت سے بہت کم ہے۔ توانائی، زراعت، ٹیکنالوجی اور تعلیم کے شعبوں میں مشترکہ منصوبے ان ملکوں کو ایک دوسرے کی ضرورت بنا سکتے ہیں اور جو ملک ایک دوسرے کی ضرورت ہوں وہ ایک دوسرے سے لڑنے کی قیمت خوب سمجھتے ہیں۔ تیسری بنیاد شفاف مکالمہ ہے جس میں شکایات چھپانے کی بجائے میز پر رکھی جائیں۔ چوتھی بنیاد عوامی سطح پر روابط ہیں، یعنی طلبہ، تاجروں اور علما کا تبادلہ ہونا چاہیے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ تہران کی اس نشست کو محض تصویروں اور بیانات و اعلانات تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ اعلامیے کے ذریعے ظاہر کیے گئے عزم کو ایک مستقل میکانزم کی شکل دی جائے جس کے تحت باقاعدہ اجلاس ہوں، مشترکہ کمیٹیاں بنیں اور تنازعات کے حل کا واضح طریقہ کار طے ہو۔

پاسپورٹ کا رنگ کیا انسانی عظمت کا معیار ہے؟

تحریر: طاہر جمیل نورانی

وطن عزیز میں بڑھتی کمر توڑ مہنگائی بے روزگاری معاشی بحران روزافزوں دہشت گردی کے بڑھتے واقعات اور سیاسی عدم استحکام سے دل پہلے ہی سخت پریشان تھا کہ پہلے سے مراعات یافتہ طبقہ کے ایک اور نئے مطالبہ کی فوری توثیق سے دل مزید غمزدہ اور سوچوں کا شیرازہ مزید بکھر گیا ہے۔ یہ نیا مطالبہ کیا ہے؟ اس پر آگے چل کر میں اس سوچ میں گم ہوگیا ہوں کہ قیام پاکستان کا بنیادی تصور جو بانی پاکستان محمد علی جناح اور شاعر مشرق علامہ محمد اقبال نے دیا 79 برس گزر جانے کے باوجود ہمارے سیاست دان اور حکمران اس پر کیوں عمل پیرا نہ ہو سکے؟ قائداعظم محمد علی جناح نے تو اپنی جنوری 1948 میں کی گئی تقریر میں ہی اس امید کا اظہار کردیا تھا کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان جلد ہی دنیا کی ایک عظیم مگر باوقار مملکت بن جائے گا۔ قائداعظم نے فرمایا: مجھے یقین کامل ہے کہ آپ اپنے رویوں اور طرز عمل سے پاکستان کو کبھی نیچا نہیں ہونے دیں گے خدمت کی بہترین روایات کو قائم رکھتے ہوئے آپ دنیا کی عظیم قوم کی حیثیت سے پاکستان کی عزت و وقار کو ہمیشہ سربلند اور سرفراز کریں گے۔

مگر افسوس صد افسوس! کہ آزادی وطن کا ایک طویل عرصہ گزارنے کے باوجود قوم پر مسلط کئے مفاد پرست سیاست دان اور حکمران پاکستان کو حقیقی اسلامی ریاست بنا سکے اور نہ ہی ملک میں جمہوری نظام کا نفاذ ہو سکا۔ وعدہ کیا گیا کہ اقلیتوں کو تحفظ! اور اردو زبان کو بطور قومی زبان سرکاری حیثیت دی جائے گی اسی طرح بیت المال کے تصور کو رائج کیا جائے گا غریب اور دیہاڑی دار کی روزی کا بندوبست ہوگا مگر افسوس! عوام کی تمام تر خواہشات اور امنگوں کو خودغرضی کی بھینٹ چڑھا دیا گیا اور یوں قوم آج بے یار و مددگار دکھائی دے رہی ہے۔ قوم کو اپنے حکمرانوں سیاست دانوں اور ارکان اسمبلی سے توقعات تھیں کہ ایک عام آدمی کے مالی و معاشی حالات میں جہاں استحکام اور بہتری آئے گی وہیں ملک کی مجموعی حالت پر بھی غیر معمولی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ مگر افسوس! عوام اور بالخصوص سفید پوش طبقہ بری طرح کسمپرسی غربت اور مہنگائی کی چکی میں پس رہا ہے جبکہ دوسری جانب مراعات یافتہ سرکاری نیم سرکاری طبقے اور اعلیٰ عوامی شخصیات نے مزید مراعات کے حصول کیلئے اپنی خواہشات کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ 19 اکتوبر 2026 کو پاکستان کی سینٹ نے ایک ایسا بل منظور کیا ہے جس کے تحت ارکان سینٹ کو BLUE PASSPORT کی اب لائف ٹائم سہولتیں میسر ہونگی۔ بلیو پاسپورٹ ہوتا کیا ہے؟ زیادہ تر لوگ اس کے بارے میں مکمل معلومات نہیں رکھتے۔

بنیادی طور پر بلیو پاسپورٹ محض ایک سفری دستاویز نہیں بلکہ اسے ایک خاص سرکاری حیثیت کی علامت بھی سمجھا جاتا ہے۔ یہ پاسپورٹ مخصوص اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز افراد اور قواعد کے تحت صرف ان اہل افسران کو دیا جاتا ہے جنہیں اپنی سرکاری ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لئے بیرون ملک سفر کی سہولیات میسر ہوتی ہیں۔ مگر ہمارے ہاں سب سے زیادہ افسوسناک پہلو یہ کہ بعض اوقات سرکاری سہولتوں کو عوامی خدمت کے بجائے ذاتی مرتبے اور امتیازی کی علامت بنا دیا جاتا ہے۔ حالانکہ کسی بھی عہدے یا سرکاری دستاویز کی اصل اہمیت اس سے وابستہ ذمہ داریوں میں ہوتی ہے۔ یہ بات ہمیشہ یاد رکھنی چاہیے کہ پاسپورٹ کا رنگ کسی انسان کی اصل عظمت کا ہرگز معیار نہیں بلکہ اصل وقار دیانت داری خدمت خلق اور قومی ذمہ داریوں کو ایمانداری اور احسن طریقے سے نبھانے میں پنہاں ہے۔ اسی طرح کسی ملک و قوم کے وقار اور عزت کا اندازہ کسی خاص رنگ کے پاسپورٹ سے نہیں بلکہ قومی کردار اور عمل سے لگایا جاتا ہے۔

اگلے روز ہوا یوں کہ پاکستان سینٹ کے ایک قابل احترام رکن عبدالقادر صاحب نے سینٹ میں پاسپورٹ ایکٹ ترمیمی بل پیش کرتے ہوئے یہ تجویز بھی پیش کردی کہ قومی اسمبلی اور سینٹ کے ان تمام پارلیمنٹیرین سمیت جو عوامی خدمات سرانجام دے رہے ہیں ان کا رکین کو بھی جو سینٹ یا اسمبلی کی مدت پوری نہیں کر پائے بلیو پاسپورٹ کا مبینہ طور پر حق دار ٹھہرایا جائے۔ اس دی گئی تجویز کا دائرہ کار اگر یہاں تک ہی رہتا تو بھی اس خواہش پر نیل ٹاک ہوسکتی تھی مگر مجھ تک میرے ذرائع نے جب یہ خبر پہنچائی کہ سینٹ میں پیش کردہ تجویز میں ارکان پارلیمنٹ کے بچوں کو بھی مبینہ طور پر بلیو پاسپورٹ جاری کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا ہے تو میری حیرت کی انتہا نہ رہی۔ ذرائع کے مطابق سابق پارلیمنٹیرین کے زیر کفالت ان بچوں کو جن کی عمر 28 سال سے کم ہے نیلا پاسپورٹ دینے کی تجویز شامل تھی تاہم یہ بل سینٹ میں حکومتی ارکان کی مخالفت کے بعد مبینہ طور پر واپس لے لیا گیا تھا۔

اب 19 اکتوبر 2026 کے بل کی صورتحال کا اگر عمیق نظری سے جائزہ لیا جائے تو سینٹ نے یہ بل منظور کرلیا ہے جس کے تحت سابق ایم این ایز اور سینیٹرز اپنی مدت ملازمت مکمل نہ کرنے کے باوجود بلیو سرکاری پاسپورٹ برقرار رکھ سکیں گے۔ بشرطیکہ مقررہ شرائط پوری ہوں تاہم یہ بل ابھی قومی اسمبلی سے منظور ہونا باقی ہے اس لئے ذہن میں رہے کہ اس بارے میں ابھی حتمی قانون نافذ نہیں ہوا۔ قومی اسمبلی اس بل کی اگر توثیق کرتی ہے تو اس کے بعد اگلا مرحلہ قانون بننے کا ہوگا۔ اس بات کو بھی ذہن میں رکھیں کہ میرے ذرائع کے مطابق ملک میں بلیو پاسپورٹوں کی تعداد پہلے 75 ہزار کے قریب تھی جسے کم کرکے اب 45 ہزار اس لئے کر دیا گیا ہے تاکہ ان سرکاری پاسپورٹوں کی غیر ضروری تعداد اور ان کے غلط استعمال سے دیگر ملکوں کے ساتھ ہونے والے ویزہ چھوٹ معاہدوں کی رفتار میں استحکام پیدا کیا جاسکے۔

برطانیہ سمیت دنیا بھر میں جاری عام پاسپورٹوں سرکاری پاسپورٹوں اور ڈپلومیٹک پاسپورٹوں کے بارے میں اگلے روز میں نے اپنے ایک ماہر سفید فام دوست سے جاننا چاہا تو اس کا کہنا تھا کہ مذکورہ پاسپورٹوں کے اجرا میں بظاہر تو کوئی رکاوٹ نہیں مگر بعض ترقی پذیر ممالک میں عوامی اور سرکاری پاسپورٹوں کی درجہ بندی کی بنا پر عوام احساس کمتری سے دوچار ہیں۔ ہر شہری کی خواہش ہوتی ہے کہ اسے بھی اعلیٰ افسروں کی طرح نیلا پاسپورٹ ملے مگر بعض ملکی قوانین اس بات کی انہیں اجازت نہیں دیتے کہ بلیو پاسپورٹ اور ڈپلومیٹک پاسپورٹ سرکاری اداروں کے سرکاری افسران کا ہی حق ہے جسے دوران سروس وہ استعمال اور ریٹائرمنٹ کے بعد ان سے پاسپورٹ واپس لے لیا جاتا ہے۔ عوام اور بیوروکریسی کے مابین یہی وہ بنیادی معاملہ ہے جس سے اعتماس کی بحالی متاثر ہوتی ہے۔

دوست کی یہ باتیں سننے کے بعد میں اب اس سوچ میں گم ہوں کہ ملک مقروض لا اینڈ آرڈر کے مخدوش حالات جبکہ عوام کو تو بجلی گیس پٹرول اور دو وقت کی روٹی کے حصول کے لالے پڑے ہوئے ہیں اور دوسری جانب اسی عوام کے ووٹوں سے اسمبلیوں اور سینٹ میں پہنچنے والے معزز ارکان پارلیمنٹ اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد بھی اپنے اور اپنے بچوں کے اعلیٰ مستقبل کے لئے مزید اضافی مراعات کی توقعات وابستہ کئے ہوئے ہیں۔

ہے کوئی معزز وزیر مشیر جو یہ بتا سکے کہ ریٹائرمنٹ کے بعد ارکان اسمبلی کو فار لائف اور ان کے بچوں کو اگر بلیو پاسپورٹ کی سہولت دستیاب ہوسکتی ہے تو پھر ملک میں گرین پاسپورٹ رکھنے والے سینئر سٹیزن اور معذور افراد کے لئے بلیو پاسپورٹ کی سہولت آخر کیوں ممکن نہیں؟؟؟

شجرکاری

تحریر: دانیال حسن چغتائی

انسان اور درخت کا رشتہ اتنا ہی قدیم ہے جتنا خود انسان کا زمین سے۔ انسان نے زمین پر قدم رکھا تو درختوں نے اسے آکسیجن، سایہ، خوراک، دوا، لباس اور مکان فراہم کیا۔ مگر جب سے انسان نے ترقی کے نام پر فطرت سے بغاوت کی، اس نے سب سے پہلے درختوں کو ہی نشانہ بنایا۔ آج جب زمین کے باشندے گرمی کی شدت سے بلبلا رہے ہیں، موسم کی شدت حد سے زیادہ بڑھ چکی ہے، سیلاب، طوفان اور قحط روزمرہ کے واقعات بن چکے ہیں تو اس کا واحد حل شجرکاری ہے۔

یہ سچ ہے کہ زمین کو بچانے کے لیے شجرکاری سب سے آسان، سستا اور دیرپا طریقہ ہے۔ درخت سایہ دار ہرے بھرے پودے ہونے کے ساتھ ساتھ زمین کے قدرتی محافظ ہیں۔ یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کرتے ہیں، آکسیجن خارج کرتے ہیں، زمین کے درجہ حرارت کو متوازن رکھتے ہیں، ہوا کو صاف کرتے ہیں، زمین کی زرخیزی میں اضافہ کرتے ہیں اور آندھی طوفان کے اثرات کو کم کرتے ہیں۔ ایک بڑا درخت سالانہ تقریباً 20 کلوگرام کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کرتا ہے، جو ایک انسان کے لیے سال بھر کی آکسیجن فراہم کرنے کے برابر ہے۔

گزشتہ دہائیوں میں دنیا بھر میں درجہ حرارت میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان جیسے ممالک جہاں پہلے ہی پانی کی قلت، غیر منصوبہ بند ترقی اور شہروں کی بے ہنگم توسیع کا سامنا ہے، وہاں شجرکاری کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

گرمی کی شدت، لو، بارشوں کی کمی اور قحط سالی کی بڑی وجوہات میں درختوں کی بے دریغ کٹائی شامل ہے۔ اگر ہم ان مسائل کا دیرپا حل چاہتے ہیں تو ہمیں اپنی زمین پر درختوں کا سبز تاج دوبارہ سجانا ہوگا۔

شجرکاری کوئی بہت مہنگا یا سائنسی عمل نہیں، نہ ہی اس کے لیے کوئی خاص مہارت درکار ہوتی ہے۔

طالب علم، دکان دار، کسان، گھریلو خاتون، کوئی بھی شخص کسی بھی دن، کسی بھی جگہ درخت لگا سکتا ہے۔ اگر ایک سال تک پانی مسلسل دیا جاتا رہے تو درخت اپنی جڑیں خود پکڑ لیتا ہے۔ درخت کا ایک پودا محض چند روپوں میں خریدا جاسکتا ہے، لیکن اس کے فوائد صدیوں تک محیط ہوتے ہیں۔

اسلام ہمیں فطرت سے محبت اور درخت لگانے کی تعلیم دیتا ہے۔ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

"اگر قیامت بھی آجائے اور تمہارے ہاتھ میں ایک پودا ہو، تو اسے زمین میں گاڑ دو۔"

یہ حدیث شجرکاری کی اہمیت کو ظاہر کرنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی بتاتی ہے کہ درخت لگانا صدقہ جاریہ ہے۔

اسی طرح، اخلاقی اعتبار سے بھی یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم اپنے بعد آنے والی نسلوں کے لیے بہتر ماحول چھوڑ کر جائیں۔ قومی سطح پر شجرکاری معیشت کو سہارا دینے، سیاحت کے فروغ، اور عوامی صحت کو بہتر بنانے کا ذریعہ بن سکتی ہے۔

خوش آئند بات یہ ہے کہ پاکستان میں گزشتہ کچھ برسوں سے شجرکاری کے حوالے سے شعور میں اضافہ ہورہا ہے۔ عوامی سطح پر درختوں کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ اسکولوں، کالجوں، مساجد، پارکوں، سڑکوں اور دیہی علاقوں میں شجرکاری مہمات کا انعقاد مثبت پیش رفت ہے تاہم، یہ تحریکیں اسی وقت مؤثر ہوں گی جب ان کے ساتھ عوام کی شرکت، مستقل مزاجی اور نگرانی بھی ہو۔

اگر ہر پاکستانی شہری سال میں صرف ایک درخت بھی لگائے، تو 24 کروڑ کی آبادی کے لحاظ سے ہر سال 24 کروڑ درخت زمین پر آجائیں گے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ آنے والے ایک سے دو سالوں میں ہمارے ملک کا درجہ حرارت اب سے بہت کم ہوگا۔ یعنی ہم محض نیت، ارادے اور عمل سے زمین کے ماحولیاتی نظام میں انقلابی بہتری لاسکتے ہیں۔ یہ وہ عمل ہے جس میں بہت زیادہ سرمائے کی بھی ضرورت نہیں ہے لیکن اس کے نتیجے میں سبز انقلاب برپا ہوسکتا ہے۔

طلبہ اور تعلیمی ادارے شجرکاری میں کلیدی کردار ادا کرسکتے ہیں۔ اگر ہر اسکول میں سالانہ شجرکاری ہفتہ منایا جائے، ہر بچہ کم از کم ایک پودا لگائے، اور اس کی نگہداشت کی ذمہ داری لے، تو شعور کی یہ کیفیت آگے چل کر سرسبز معاشرے کی بنیاد رکھے گی۔

یہ جنگ زمین کی بقا کی جنگ ہے، انسانیت کے تحفظ کی جنگ ہے۔

ہمیں یہ فیصلہ کرنا ہے کہ ہم درخت کاٹنے والوں میں شامل ہوں گے یا درخت لگانے والوں میں۔

درخت لگانا ہی زمین کو بچانے کا سب سے آسان طریقہ ہے۔ اس سے ہم اپنی زمین کو بچا بھی سکتے ہیں اور خوبصورت بھی بنا سکتے ہیں۔

ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ: کہانی دو نوٹیفکیشنز کی

تحریر: مشفق لولابی

چارلس ڈکنز کے ناول A Tale of Two Cities کا آغاز اس جملے سے ہوتا ہے: It was the best of times, it was the worst of times (وہ بہترین زمانہ بھی تھا اور بدترین بھی)۔ یہ جملہ دو شہروں کے ساتھ ساتھ ایک ہی معاشرے میں دو طبقوں کی الگ الگ زندگی کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔ ایک طرف وہ ہیں جن کے لیے قانون نرم اور سہولتیں وافر ہیں اور دوسری جانب وہ جن کے لیے ہر ضابطہ سخت اور ہر رعایت ناپید ہے۔ پنجاب کے محکمہ ہائر ایجوکیشن کی طرف سے 21 اکتوبر کو جاری ہونے والے دو نوٹیفکیشنز پڑھ کر یہی خیال ذہن میں آتا ہے کہ ہمارا نظام حکومت بھی دو الگ پیمانوں کو لے کر چل رہا ہے۔ ایک پیمانہ افسر شاہی کے لیے ہے اور دوسرا اس استاد کے لیے جسے بظاہر نسلیں سنوارنے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔

پہلے نوٹیفکیشن کے ذریعے صوبے کے مختلف شہروں میں واقع 43 کالجوں میں مستقل پرنسپلز تعینات کیے گئے ہیں۔ یہ یقیناً ایک اچھی خبر ہے کیونکہ مستقل پرنسپلز کی غیر موجودگی میں اداروں کو مختلف طرح کے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے جن کا حل مستقل پرنسپلز ہی مہیا کرسکتے ہیں مگر اس سلسلے میں جو نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے اس کی آخری سطر اس خوشی پر پانی پھیر دیتی ہے جو پرنسپلز کی تقرری سے ہونی چاہیے۔ اس میں لکھا ہے کہ ان تقرریوں یا تبادلوں پر کوئی ٹی اے/ڈی اے نہیں دیا جائے گا، یعنی جس استاد کو سرکاری حکم پر ایک سے دوسرے شہر بھیجا جارہا ہے اسے سفر کا خرچ اور روزانہ الاونس نہیں ملے گا۔ ویسے تو ان لوگوں کی تعداد کم ہی ہے جنہیں ایک سے دوسرے شہر بھیجا گیا ہے لیکن ایسا کسی ایک شخص کے ساتھ بھی ہونا زیادتی ہی کہلائے گا۔

اس بات کی بے حسی پر غور کیجیے۔ ایک پروفیسر جس نے برسوں پڑھایا اور ترقی کے مراحل طے کیے، اب پرنسپل بنا کر دوسرے ضلع میں بھیجا جارہا ہے۔ اسے اپنا سامان باندھنا ہے، کرائے کا مکان یا عارضی ٹھکانا ڈھونڈنا ہے، گھر والوں کو یا تو ساتھ لے جانا ہے یا پیچھے چھوڑنا ہے اور یہ سب اپنی جیب سے کرنا ہے۔ بیوروکریسی کے مقابلے میں حکومت کی طرف سے اساتذہ کو ملنے والی تنخواہیں اور مراعات ویسے ہی بہت کم ہیں، ایسے میں سفری اخراجات اور رہائش کا بوجھ اس کی مالی حالت پر براہِ راست وار ہے۔ حکم دینے والے بھول جاتے ہیں کہ ٹی اے/ڈی اے کوئی مہربانی یا انعام نہیں بلکہ یہ سرکاری ڈیوٹی کی وجہ سے پیدا ہونے والے خرچ کی واپسی ہے۔

یہاں اصل سوال یہ ہے کہ یہ شرط صرف اساتذہ کے لیے ہی کیوں ہے؟ سب جانتے ہیں کہ جب کسی بیوروکریٹ کا تبادلہ ہوتا ہے تو معاملہ اس سے یکسر مختلف ہوتا ہے۔ اسے سفری الاونس ملتا ہے، نئی جگہ پہنچنے سے پہلے سرکاری رہائش تیار ہوتی ہے، گاڑی اور عملہ دستیاب ہوتا ہے اور ہر طرح کی سہولت سرکاری خزانے سے فراہم کی جاتی ہے۔ کسی کو یہ پوچھنے کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی کہ سفر وغیرہ کا خرچ کون اٹھائے گا مگر جب بات استاد کی آتی ہے تو اچانک ضوابط یاد آجاتے ہیں، کفایت شعاری کا درس شروع ہوجاتا ہے اور خزانہ خالی دکھائی دینے لگتا ہے۔ یہ کفایت شعاری اگر اصول ہے تو پھر اسے سب پر لاگو ہونا چاہیے۔ صاف نظر آرہا ہے کہ یہ قواعد و ضوابط کا معاملہ نہیں بلکہ امتیازی سلوک ہے۔

اب آئیے دوسرے نوٹیفکیشن کی طرف جو پہلے سے بھی زیادہ حیران کن ہے۔ اس کا تعلق سرگودھا کے علاقے میانی میں واقع گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج سے ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، سیاسیات کے اسسٹنٹ پروفیسر ندیم عمر ملک کو جو انچارج پرنسپل کے طور پر کام کررہے ہیں، 9 مئی سے 8 نومبر 2026 تک کے لیے ڈی ڈی او اختیارات میں توسیع دی گئی ہے۔ ذرا تاریخیں دیکھیے، توسیع کی مدت 9 مئی سے شروع ہوتی ہے اور نوٹیفکیشن 21 اکتوبر کو جاری ہوا ہے، یعنی تقریباً ساڑھے پانچ مہینے گزر جانے کے بعد وہ منظوری دی گئی جو مدت کے آغاز سے پہلے ملنی چاہیے تھی۔ باقی ماندہ مدت اب بمشکل دو ہفتوں کی رہ گئی ہے مگر کاغذ پر پورے چھے ماہ کی توسیع دے دی گئی۔

ڈی ڈی او یعنی ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر کے اختیارات محض کاغذی کارروائی نہیں ہوتے، کسی بھی سرکاری ادارے کی مالی رگوں میں انھی اختیار سے زندگی دوڑتی ہے۔ کالج کے بینک اکاؤنٹس سے رقوم نکالنا، روزمرہ اخراجات کا بندوبست کرنا، بل ادا کرنا، ضروری سامان خریدنا اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والے عملے کی تنخواہیں جاری کرنا سب انھی اختیارات کے تحت ہوتا ہے۔ اگر کسی کالج میں باقاعدہ پرنسپل نہ ہو اور انچارج کے پاس یہ اختیار بھی نہ ہو تو ادارہ عملاً مفلوج ہو کر جاتا ہے۔ بجلی اور پانی کے بل رکے رہتے ہیں، مرمت کا کام ٹھپ ہوجاتا ہے اور سب سے بڑھ کر وہ لوگ متاثر ہوتے ہیں جن کا روزگار یومیہ اجرت سے وابستہ ہے۔ جس شخص کی ماہانہ آمدن چند ہزار روپے ہو اس کے لیے ایک مہینے کی تاخیر بھی قرض، فاقے اور بچوں کی فیس کے مسئلے میں بدل جاتی ہے۔ یہ نقصان کسی فائل کا نہیں بلکہ انسانوں کا ہے، اور چھے ماہ کی تاخیر کا مطلب یہ ہے کہ کسی کو اس نقصان کی پرواہی نہیں۔

یہاں بنیادی سوال یہ اٹھتا ہے جس کا جواب سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو دینا چاہیے کہ مئی سے اکتوبر تک اس کالج کے تمام امور اگر التوا میں پڑے رہے تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے؟ کیا یہ کسی کلرک کی غفلت تھی، کسی خاص شعبے کی سست روی یا اعلیٰ سطح پر عدم توجہی؟ کیا اس تاخیر کی کوئی انکوائری ہوئی؟ کیا کسی کو جواب دہ ٹھہرایا گیا؟ روایت یہ ہے کہ جب کسی استاد سے ذرا سی کوتاہی ہوجائے تو فوری طور پر شوکاز نوٹس جاری ہوجاتا ہے لیکن جب محکمے کی اپنی کوتاہی سے سینکڑوں لوگ متاثر ہوں تو خاموشی چھا جاتی ہے۔ احتساب کا یہ یکطرفہ تصور قابلِ قبول نہیں۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ یہ کوئی انوکھا واقعہ نہیں، پنجاب کے بہت سرکاری کالج برسوں سے مستقل پرنسپلز کی راہ تک رہے ہیں۔ یہاں یہ سوال بھی جائز ہے کہ کیا یہ سب محض نااہلی کی وجہ سے ہورہا ہے یا اس کے پیچھے کوئی سوچی سمجھی حکمتِ عملی کارفرما ہے۔ کیا معاملات کو اتنا الجھنے دیا جارہا ہے کہ سرکاری کالج بتدریج غیر مؤثر ہوجائیں اور لوگ نجی اداروں کی طرف رخ کرنے پر مجبور ہوں؟ دعوے سے تو کچھ نہیں کہا جا سکتا لیکن جب مسلسل ایسے فیصلے سامنے آئیں جو سرکاری تعلیمی اداروں کو کمزور کریں تو شکوک کا پیدا ہونا فطری بات ہے۔ ان شکوک کو دور کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس کا طریقہ بیانات نہیں بلکہ ٹھوس اور منصفانہ اقدامات ہیں۔ پنجاب کے وزیر تعلیم اور وزیراعلیٰ کو بھی اس معاملے پر خاموش نہیں رہنا چاہیے۔ وہ عوام کے منتخب نمائندے ہیں اور سرکاری تعلیمی اداروں کی بہتری کے وعدے انھی کے نام سے کیے جاتے ہیں۔ اگر ان کے ماتحت محکمے میں اساتذہ کو تبادلوں کے موقع پر سفری اخراجات سے محروم رکھا جاتا ہے اور کالجوں کے مالی اختیارات مہینوں تک معطل رہتے ہیں تو یہ ان کی حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔

اس سلسلے میں اصلاح کے لیے چند عملی اقدامات ناگزیر ہیں: پہلا یہ کہ تقرر و تبادلے پر ٹی اے/ڈی اے کے معاملے میں اساتذہ اور دیگر سرکاری ملازمین کے درمیان کوئی فرق نہ رکھا جائے اور ہر وہ ملازم جسے سرکاری حکم پر ایک سے دوسرے شہر بھیجا جائے اپنے جائز اخراجات کا حق دار قرار پائے؛ دوسرا یہ کہ کسی تعلیمی ادارے میں مستقل سربراہ کی غیر موجودگی میں ڈی ڈی او اختیارات کسی کو دینا ناگزیر ہو تو ان کی تجدید کا ایسا خودکار نظام بنایا جائے کہ مدت ختم ہونے سے پہلے نئی منظوری جاری ہوجائے تاکہ کوئی ادارہ ایک دن بھی مالی طور پر مفلوج نہ ہو؛ تیسرا یہ کہ ایسے معاملات میں تاخیر کے ذمہ دار افسروں کا تعین کیا جائے اور انھیں جواب دہ بنایا جائے؛ چوتھا یہ کہ روزانہ اجرت پر کام کرنے والے عملے کی تنخواہوں کو انتظامی کوتاہیوں کی نذر ہونے سے بچانے کے لیے متبادل انتظام کیا جائے

حوثی حملے: حرمین شریفین امتِ مسلمہ کی ریڈ لائن

تحریر: مشتاق الرحمٰن

گزشتہ روز اتوار کے دن حوثی باغیوں نے ایک بار پھر سعودی عرب کی طرف 11 بیلسٹک میزائل داغے ہیں، جنہیں سعودی اور اتحادی افواج نے ناکارہ بنادیا۔ ان میزائلوں کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور سات گاڑیوں کو نقصان پہنچا ہے جبکہ تین دکانیں بھی تباہ ہوگئی ہیں۔

حوثیوں کا پے در پے اس طرح سعودی عرب پر حملے کرنا، بالخصوص حرمین شریفین میں افراتفری پھیلانا اور زائرین کو خوف زدہ کرنا ایک گھناؤنا اور عالمی منصوبہ ہے، جسے اب پوری طرح بے نقاب ہوجانا چاہیے۔ مسلسل حرمین شریفین مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ اور ریاض کی طرف میزائل داغنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ حوثی باغی اسلام کے امن و آشتی کے نشان والے مقدس شہروں میں افراتفری پھیلانا چاہتے ہیں۔ ان کا اصل ہدف حرمین شریفین ہے، جبکہ سعودی حکومت اور شاہی خاندان تو صرف ایک بہانہ ہے

اس سازش کو اب امت مسلمہ کو سمجھ لینا چاہیے، کیونکہ حرمین شریفین مسلمانوں کی ریڈ لائن ہیں اس پر کسی قسم کی تخریب کاری کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

گزشتہ کچھ عرصے سے مشرق وسطیٰ بالخصوص سعودی عرب کے امن کو تباہ کرنے کی جو کوششیں ہورہی ہیں، وہ اب جنگ کے شعلے نہیں بلکہ پوری مسلم امہ کے لیے ایک گہرے بحران کی شکل اختیار کرتی جارہی ہیں۔ ریاض اور دیگر اہم شہروں پر ہونے والے حالیہ میزائل اور ڈرون حملے اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ خطے میں امن دشمن عناصر اپنی تخریبی کارروائیوں سے باز نہیں آرہے۔ حوثی باغیوں کی جانب سے سول تنصیبات، ہوائی اڈوں اور پروازوں کو نشانہ بنانا نہ صرف بین الاقوامی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے بلکہ یہ خطے کے استحکام کے لیے بھی ایک سنگین خطرہ ہے۔

آج ایک عالمی اور اسلام دشمن منصوبے کے تحت حوثی باغی جان بوجھ کر دنیا کی سب سے مقدس ترین جگہوں اور امن کی علامات والے شہروں کو نشانہ بنارہے ہیں تاکہ وہاں افراتفری پھیلے اور لوگ بیت اللہ کی طرف جانا چھوڑ دیں۔ یہ کسی حکومت یا شاہی خاندان کے خلاف کارروائی نہیں ہے، بلکہ یہ پورے عالمِ اسلام اور امتِ مسلمہ کے خلاف ایک انتہائی گھناؤنی سازش ہے۔ امتِ مسلمہ کو اس سازش کی گہرائی کو اچھی طرح سمجھنا ہوگا۔ جو بھی طاقتیں ان حوثی باغیوں کی پشت پناہی کر رہی ہیں، انھیں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ حرمین شریفین تمام مسلمانوں کی ریڈ لائن ہیں۔ اس نوعیت کے اوچھے ہتھکنڈوں سے اس مقدس فضا کو نہ تو دبایا جاسکتا ہے اور نہ ہی ان کا یہ ناپاک خواب کبھی شرمندہ تعبیر ہوگا۔ امتِ مسلمہ حرمین شریفین کا تقدس اور مقام اچھی طرح جانتی ہے، اور اس معاملے میں کوئی بھی اسلامی ملک کسی بھی قسم کی رعایت دینے کو تیار نہیں۔

حوثی باغیوں اور ان کے ہم نواؤں کو اب بھی اپنے رویے پر غور کرنا چاہیے اور اسلام دشمن قوتوں کا آلہ کار بننے سے باز آجانا چاہیے، ورنہ تباہی ان کا مقدر بن جائے گی۔ یہ حملے عام شہریوں اور مسافروں کے اندر خوف و ہراس پھیلانے اور حرمین کے امن کو تباہ کرنے کی کوشش ہیں۔ کب تک امتِ مسلمہ اور زائرین ان مسلسل حملوں کے سائے میں زندگی بسر کرتے رہیں گے

اب وقت آگیا ہے کہ اسلامی دفاعی اتحاد اور عالمی برادری اس حوالے سے حتمی اور فیصلہ کن قدم اٹھائے اور ان جارحانہ کارروائیوں کا مستقل سدِباب کرے۔ اگر یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو خطے اور حرمین شریفین کا امن شدید خطرے میں پڑ جائے گا، جو پورے عالمِ اسلام کے لیے انتہائی تشویش کا باعث ہے۔ حوثی باغیوں کے لیے بھی اسی میں بہتری ہے کہ وہ حرمین شریفین کے تقدس کا احترام کریں، افراتفری پھیلانے سے رکیں اور اسلام مخالف قوتوں کے ہاتھوں استعمال ہونا بند کریں، تاکہ امتِ مسلمہ میں امن اور استحکام قائم رہ سکے۔ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ جنگ اور محاذ آرائی کی راہ ترک کرکے گفت و شنید اور پائیدار امن کے راستے کو اپنایا جائے، کیونکہ اگر اس وقت ہوش سے کام نہ لیا گیا تو یہ چنگاریاں پورے خطے کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہیں جس کا خمیازہ پوری دنیا کو بھگتنا پڑسکتا ہے

حقیقت کا فریب۔

تحریر: علیشبا بگٹی۔

ایک شخص ساری زندگی ایک خیال کو سچ سمجھتا رہا۔ اس نے اسی خیال کی بنیاد پر فیصلے کیے، اسی کے دفاع میں لوگوں سے بحثیں کیں، اختلاف کرنے والوں کو غلط سمجھا اور اپنی رائے پر کبھی نظرِ ثانی کی ضرورت محسوس نہ کی۔ وقت گزرتا رہا، دنیا بدلتی رہی، نئے شواہد سامنے آتے رہے، مگر اس کا یقین اپنی جگہ قائم رہا۔ جب زندگی کی شام ہوئی تو وہ اسی خیال کو سینے سے لگائے دنیا سے رخصت ہوگیا۔ اس کے پاس عمر بھر کا تجربہ تھا، مگر یہ جاننے کی فرصت نہ تھی کہ جس بات کو وہ سچ سمجھتا رہا، کیا وہ واقعی سچ بھی تھی؟ اس کی زندگی کا المیہ غلط ہونا نہیں تھا، بلکہ اپنی غلطی دریافت کرنے کا موقع گنوا دینا تھا۔

برٹرینڈ رسل (1872) تا (1970) نے انسانی ذہن کی اسی کمزوری کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ اگر تم فلسفی بننا چاہتے ہو تو سب سے پہلے یہ سمجھو کہ زیادہ تر لوگ ایسے عقائد کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں جن کی مضبوط عقلی بنیاد نہیں ہوتی۔ ایک شخص جس بات کو درست سمجھتا ہے، دوسرا اسی کو غلط قرار دیتا ہے، مگر دونوں اپنے اپنے یقین کو آخری حقیقت سمجھتے ہیں۔ رسل برطانوی فلسفی، منطق دان، ریاضی دان اور سماجی مصلح تھے۔ انہیں 1950 میں ادب کا نوبل انعام ملا۔ ان کی فکر کا بنیادی سبق یہ تھا کہ انسان کو اپنے عقائد سے زیادہ ان کی بنیادوں کی فکر کرنی چاہیے، کیونکہ بسا اوقات ہم سچ کی تلاش نہیں کررہے ہوتے، بلکہ اپنے پہلے سے قائم یقین کے لیے تسلی بخش دلائل تلاش کررہے ہوتے ہیں۔

انسان کی نفسیات کا ایک عجیب تضاد ہے۔ وہ خود کو عقل مند سمجھتا ہے، مگر اکثر اس کی عقل حقیقت دریافت کرنے کے بجائے اس کے پہلے سے کیے گئے فیصلوں کا دفاع کرتی ہے۔ پہلے وہ کسی شخص کو دوست یا دشمن قرار دیتا ہے، پھر اسی فیصلے کے مطابق اس کے ہر عمل کی تشریح کرتا ہے۔ اپنا آدمی غلطی کرے تو مجبوری دکھائی دیتی ہے، مخالف وہی غلطی کرے تو بددیانتی نظر آتی ہے۔ اپنے رہنما کی خاموشی حکمت اور مخالف کی خاموشی کمزوری بن جاتی ہے۔ گویا حقیقت ایک ہی ہوتی ہے، لیکن اسے دیکھنے کے لیے ہر شخص اپنی پسند کا آئینہ استعمال کرتا ہے۔

نفسیات میں اس رویے کو confirmation bias تصدیقی تعصب کہا جاتا ہے۔ انسان ان معلومات کو زیادہ اہمیت دیتا ہے جو اس کے پہلے سے قائم خیالات کی تائید کرتی ہوں، جبکہ مخالف شواہد کو نظرانداز کرنے یا رد کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس طرح اس کا ذہن منصف کے بجائے وکیل بن جاتا ہے۔ منصف دونوں طرف کے دلائل سنتا ہے، جب کہ وکیل اپنے مؤکل کو بچانے کی کوشش کرتا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ ہم میں سے بہت سے لوگ اپنی زندگی میں سچائی کے منصف بننے کے بجائے اپنے عقائد کے وکیل بن کر رہ جاتے ہیں۔

آپ کسی شخص کو اس کی غلطی بتا کر دیکھیے۔ اگر وہ حقیقت کا طالب ہے تو دلیل سنے گا، ثبوت مانگے گا اور ممکن ہے اپنی رائے بدل لے۔ لیکن اگر اس کی شناخت اسی خیال سے وابستہ ہو تو وہ دلیل کا جواب دینے کے بجائے دلیل دینے والے کی نیت پر حملہ کرے گا۔ وہ اسے حاسد، دشمن یا ناواقف قرار دے گا، مگر اپنے موقف پر نظرثانی نہیں کرے گا۔ اس کے لیے غلطی تسلیم کرنا محض رائے بدلنا نہیں، بلکہ اپنی انا کے سامنے شکست قبول کرنا بن جاتا ہے۔ حالانکہ عقل مندی اس میں نہیں کہ انسان کبھی غلط ثابت نہ ہو، بلکہ اس میں ہے کہ غلط ثابت ہونے پر اپنی غلطی ماننے کا حوصلہ رکھتا ہو۔

رسل کا اصل سوال یہی ہے کہ ہم کسی بات پر یقین کیوں کرتے ہیں؟ کیا ہمارے پاس اس کے حق میں ثبوت موجود ہیں؟ کیا ہم نے مخالف دلیل کو دیانت داری سے سنا ہے؟ کیا ہم نے اپنے نظریے کو تنقید کی کسوٹی پر پرکھا ہے، یا محض اس لیے قبول کرلیا ہے کہ خاندان، معاشرے، جماعت یا ماحول نے بچپن سے ہمارے ذہن میں بٹھا دیا تھا؟ وراثت میں ملنے والی ہر چیز قیمتی نہیں ہوتی۔ بعض اوقات انسان کو اپنے خیالات کی بھی ویسی ہی جانچ پڑتال کرنی پڑتی ہے جیسی وہ کسی دوسرے سے ملنے والی مشکوک چیز کی کرتا ہے۔

تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ انسان نے کئی تصورات کو صدیوں تک درست سمجھا، مگر نئے مشاہدات اور تحقیق نے ان کی اصلاح کردی۔ زمین کو کائنات کا مرکز سمجھنے کا تصور فلکیاتی تحقیق کے سامنے برقرار نہ رہ سکا، اور بیماریوں کے بارے میں رائج کئی پرانے نظریات سائنسی شواہد سے غلط ثابت ہوئے۔ فرق ان لوگوں میں تھا جنہوں نے حقیقت سامنے آنے پر اپنے خیالات بدل لیے اور ان میں جو اپنے پرانے یقین کو بچانے کے لیے حقیقت ہی سے انکار کرتے رہے۔ علم آگے بڑھتا رہا، کیونکہ کچھ لوگوں نے یہ تسلیم کرنے کی ہمت کی کہ ان سے پہلے کے لوگ غلط بھی ہوسکتے تھے اور وہ خود بھی غلط ہوسکتے ہیں۔

اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر روایت غلط ہے، ہر عقیدہ بے بنیاد ہے یا ہر بات پر شک کرنا دانش مندی ہے۔ زندگی کے بہت سے معاملات میں تجربہ، اعتماد اور اخلاقی اقدار بھی اہم ہوتے ہیں۔ فلسفے کا مقصد ہر چیز سے انکار کرنا نہیں، بلکہ یہ سمجھنا ہے کہ کسی بات کو کس بنیاد پر قبول کیا جارہا ہے اور نئے شواہد سامنے آنے پر اس میں اصلاح کی کتنی گنجائش ہے۔ شک کا مقصد یقین کو تباہ کرنا نہیں، اسے زیادہ مضبوط اور معتبر بنانا ہے۔ جو شخص ہر بات مان لیتا ہے، وہ اپنا ذہن دوسروں کے حوالے کردیتا ہے، اور جو ہر بات کا انکار کرتا ہے، وہ اپنی ضد کا قیدی بن جاتا ہے۔ دانائی ان دونوں انتہاؤں کے درمیان ہے، جہاں انسان نہ ہر دعوے کے سامنے سر جھکاتا ہے اور نہ ہر دلیل کو سنے بغیر مسترد کرتا ہے۔

ہمارے معاشرے کا ایک بڑا المیہ یہ بھی ہے کہ ہم نے سوال کو گستاخی، اختلاف کو دشمنی اور تنقید کو بے ادبی سمجھ لیا ہے۔ گھر میں بچہ سوال کرے تو اسے خاموش کرا دیا جاتا ہے، تعلیمی ادارے میں طالب علم اختلاف کرے تو اس کی تربیت پر سوال اٹھایا جاتا ہے، دفتر میں ماتحت کوئی جائز اعتراض کرے تو اسے نافرمان سمجھ لیا جاتا ہے، اور معاشرے میں کوئی شخص رائج خیال کے خلاف دلیل دے تو اس کی بات سننے سے پہلے اس کی نیت پر فیصلہ صادر کردیا جاتا ہے۔ ہم بھول جاتے ہیں کہ سوال کرنے والا ہمیشہ غلط نہیں ہوتا اور جواب دینے والا ہمیشہ درست نہیں ہوتا۔

جو معاشرہ سوال سے ڈرتا ہے، وہ رفتہ رفتہ سوچنے کی صلاحیت کھو دیتا ہے۔ وہاں دلیل کی قوت کے بجائے بولنے والے کا مرتبہ دیکھا جاتا ہے، حقیقت کے بجائے عہدے اور شہرت کو اہمیت دی جاتی ہے۔ ایک ہی بات طاقتور شخص کہے تو دانش مندی اور کمزور شخص کہے تو گستاخی بن جاتی ہے۔ یوں سچائی کا معیار دلیل سے نکل کر طاقت کے ہاتھ میں چلا جاتا ہے۔ یہ بیماری صرف سیاست یا سرکاری اداروں تک محدود نہیں، بلکہ خاندانی تعلقات، کاروبار، تعلیم اور روزمرہ زندگی میں بھی نظر آتی ہے۔ ہم اپنی ناکامیوں کے اسباب تلاش کرنے کے بجائے حالات کو الزام دیتے ہیں، اپنے فیصلوں کا جائزہ لینے کے بجائے دوسروں کو قصوروار ٹھہراتے ہیں اور اپنی اصلاح سے پہلے دنیا کی اصلاح کے منصوبے بنانے لگتے ہیں۔ دوسروں کا احتساب آسان اور اپنا احتساب مشکل ہے، کیونکہ دوسروں کی غلطی ہماری برتری کا احساس بڑھاتی ہے، جبکہ اپنی غلطی ہماری حدود سے آشنا کرتی ہے۔

قرآن مجید بھی انسان کو بے علم بات کے پیچھے چلنے سے روکتا ہے۔ سورۃ الحجرات میں خبر کی تحقیق کی تعلیم دی گئی ہے، جبکہ سورۃ الاسرا کی آیت 36 میں ارشاد ہے کہ جس بات کا علم نہ ہو، اس کے پیچھے نہ چلو، بے شک کان، آنکھ اور دل، سب کے بارے میں سوال ہوگا۔ یہ تعلیم واضح کرتی ہے کہ سنی سنائی بات کو حقیقت سمجھ لینا کافی نہیں، بلکہ تحقیق، شعور اور جواب دہی بھی ضروری ہیں۔ ایمان ہو یا علم، اخلاق ہو یا روزمرہ فیصلہ، انسان کو اپنے فہم اور اپنے عمل کی ذمہ داری قبول کرنا پڑتی ہے۔

برٹرینڈ رسل کی فکر ہمیں یہی سکھاتی ہے کہ ذہنی آزادی کا آغاز اس وقت ہوتا ہے جب ہم اپنے خیالات کو تنقید سے بالاتر سمجھنا چھوڑ دیتے ہیں۔ علم صرف معلومات جمع کرنے کا نام نہیں، ان کی جانچ کرنے کا نام بھی ہے، ذہانت صرف درست جواب دینے میں نہیں، درست سوال اٹھانے میں بھی ہے، اور دانائی صرف اپنے موقف پر قائم رہنے میں نہیں، شواہد کے خلاف ہونے پر اسے چھوڑ دینے میں بھی ہے۔ جس دن انسان یہ تسلیم کرلیتا ہے کہ اس کا علم نامکمل اور اس کا فیصلہ غلط ہوسکتا ہے، اسی دن اس کے لیے سیکھنے کے نئے دروازے کھلتے ہیں۔ ورنہ عمر بڑھتی رہتی ہے، عہدہ بلند ہوتا رہتا ہے، شہرت پھیلتی رہتی ہے، مگر ذہن ایک ہی جگہ ٹھہرا رہتا ہے۔

زندگی میں کبھی کسی خیال پر یقین بہت مضبوط ہوجائے تو ذرا رک کر اپنے آپ سے تین سوال کیجیے۔ میرے پاس اس بات کے حق میں کیا ثبوت ہے؟ اگر کوئی شخص اس کے خلاف دلیل دے تو کیا میں اسے دیانت داری سے سنوں گا؟ اور اگر میرا موقف غلط ثابت ہوجائے تو کیا میں اسے بدلنے کے لیے تیار ہوں؟ ان سوالوں کے جواب انسان کو دوسروں سے پہلے اپنے سامنے کھڑا کردیتے ہیں۔ یہی وہ لمحہ ہے جب انا اور عقل کے درمیان اصل مقابلہ شروع ہوتا ہے۔

ماضی کی کہانیوں میں سب سے بڑی نصیحت یہی چھپی ہے کہ وقت بدلتا ہے، معلومات بدلتی ہیں اور انسان کے بنائے ہوئے تصورات بھی بدل جاتے ہیں، لیکن ضد انسان کو تبدیلی سے محروم کردیتی ہے۔ جو لوگ اپنے یقین کو حقیقت سے بڑا سمجھتے ہیں، وہ وقت گزرنے کے باوجود سیکھ نہیں پاتے، اور جو اپنی غلطی تسلیم کرلیتے ہیں، وہ شکست کے اندر بھی کامیابی کا راستہ تلاش کرلیتے ہیں۔ اس لیے ماضی کو صرف یاد نہ کیجیے، اس سے سبق بھی سیکھیے۔ اپنے بزرگوں کی دانائی سے فائدہ اٹھائیے، مگر ہر وراثت میں ملنے والے خیال کو آخری سچ نہ سمجھیے، اپنے تجربے پر اعتماد کیجیے، مگر اسے ناقابلِ تردید فیصلہ نہ بنائیے، اور اپنی رائے کا دفاع ضرور کیجیے، مگر حقیقت سامنے آنے پر اسے بدلنے کا حوصلہ بھی رکھیے۔

کیونکہ زندگی کا سب سے بڑا المیہ غلط ہونا نہیں، غلطی کے ساتھ پوری زندگی گزار دینا ہے، سب سے بڑی شکست دلیل ہار جانا نہیں، دلیل سننے سے انکار کردینا ہے، اور سب سے بڑی کامیابی ہر بحث جیتنا نہیں، بلکہ اپنے پرانے خیال کو غلط ثابت کرکے حقیقت کے ایک قدم قریب پہنچ جانا ہے۔ ماضی سے وہی سبق سیکھتا ہے جو اپنے یقین سے زیادہ سچائی کو عزیز رکھتا ہے، ورنہ تاریخ بدل جاتی ہے، زمانہ گزر جاتا ہے، مگر انسان اپنی ہی غلطی کا قیدی بنا رہتا ہے۔

ادارتی صفحے پر شائع ہونے والے کالم اور مضامین کالم اور مضمون نگاروں کی ذاتی آراء ہیں ادارے کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔ ادارہ

BAAKHABAR

مختصر اشتہارات

CLASSIFIED

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پلاٹ نمبر B-17 بلاک B ٹائپ I اور III جس پر مکان بنا ہوا ہے واقع قاسم سٹی نزد پی اے ایف ہیں، سمنگلی روڈ، کوئٹہ 3568 خسرہ نمبر 1635/1615/683 انتقال نمبر جو آریان خان درانی سے ڈاکٹر سیمین گل ولد عبد الحکیم بلوچ، سکنہ کوئٹہ کے نام منتقل/خرید کیا جارہا ہے۔ اگر کسی شخص، ادارے یا فریق کو مذکورہ جائیداد، انتقال یا خرید و فروخت کے متعلق کوئی اعتراض ہو تو وہ اشتہار کی اشاعت کے 5 یوم کے اندر اندر اپنے قابل قبول ثبوت کے ساتھ رابطہ کرے۔ بصورت دیگر بعد ازاں کوئی اعتراض قابل سماعت نہ ہوگا۔ المشتہر:۔ ڈاکٹر سیمین گل رابطہ نمبر 03324443313

تلاش گمشدہ

میرے مرحوم والد کا MNIC کارڈ نمبر 602-53-133497 بنام شاہ جہان تھانہ زرغون آباد کے حدود میں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03108341255 پر مطلع کریں المشتہر:۔ سالار خان ولد شاہ جہان سکنہ نواں کلی کوئٹہ

تلاش گمشدہ

سندھ بینک ڈیرہ میراد جمالی برانچ کا ایک عدد کال ڈپازٹ نمبر 242154 تاریخ اجرا 25/8/2026 بنام ایکس ای این انجینئر روڈ سی ڈبلیو پی اینڈ ایچ ڈیپارٹمنٹ جعفر آباد کہیں گم ہوگیا ہے تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ سندھ بینک ڈیرہ مراد جمالی

تلاش گمشدہ

میری بی ایس سی کی ڈی ایم سی رول نمبر 19806 رجسٹریشن نمبر 1996 بی ایڈ کی ڈی ایم سی رول نمبر 2550، ایم ایس کی ڈی ایم سی رول نمبر 314 اور لوکل سرٹیفکیٹ بنام غوث الدین ولد محمد نور ہرنائی شہر میں گم ہوگئے ہیں ملنے پر موبائل نمبر 03327932680 پر مطلع کریں

اطلاع عام

سکنہ مسمی محمد عارف ولد نورالحق سکنہ بازار چاؤترہ زیارت اشتہار مشتہر ہے کہ مسمی محمد آصف پر واجب الادا رقم مبلغ پانچ لاکھ روپے جو کہ کاروباری لین دین میں بقایاجات تھے اس رقم کی مد میں ایک عدد بینک چیک من حالف کو دیا گیا چیک نمبر 00209948 تاریخ 19/5/2026 (عسکری بینک) جو کہ مذکورہ وقت پر کیش نہ ہوسکا ڈیس اونر ہوگیا اب مذکورہ بالا چیک مجھ سے کہیں گم ہوگیا ہے بسیار تلاش کے باوجود دستیاب نہ ہے لہذا بذریعہ اشتہار تلاش کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ محمد عارف ولد نورالحق شناختی کارڈ نمبر 55401-2007281-7

تلاش گمشدہ

راوی موٹرسائیکل ماڈل 2019 انجن نمبر HKFADF5886 چیسز نمبر HKFHID6293 کا اوور چہ بنام محمد اسلم ولد بادشاہ اغبرگ میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03335629577 پر مطلع کریں

اطلاع عام

مسمی محمد اسماعیل نے ایک عدد مکان 1350 فٹ موضع کوتوال تپہ درانی زرغون آباد فیز III خالد حیات ولد عبداللہ جان سے خریدا ہے اگر کسی کو اعتراض ہے تو 7 دن کے اندر اعتراض داخل کریں المشتہر:۔ محمد اسماعیل موبائل نمبر 03337866788

اطلاع عام

عوام الناس کیلئے مشتہر ہے کہ میں نے اپنی دکان نمبر G/84-A واقع شہر ژوب بدست عظیم خان ولد حاجی عمر خان قوم میاں خیل سکنہ محلہ خروٹ آباد ژوب تحصیل و ضلع ژوب پر قیمتاً فروخت کردی ہے۔ جس کا انتقال میونسپل کمیٹی ژوب میں مشتری کے نام کرانا مقصود ہے لہذا اگر کسی شخص یا ادارہ کو کوئی اعتراض ہو تو ایک ہفتہ کے اندر میونسپل کمیٹی ژوب سے رجوع کریں المشتہر:۔ رفیع اللہ ولد حاجی خدائے نظر قوم بابڑ سکنہ محلہ نیو ناصر آباد ژوب تحصیل و ضلع ژوب

تلاش گمشدہ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440035013915 بنام خدائے نظر ولد حضور بخش بروری روڈ کے حدود میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03342425619 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی نمبر 54304-0346093-9 بنام احمد اللہ ولد محمد نذیر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03013767713 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا ڈرائیونگ لائسنس نمبر 0820001727 بنام احمد اللہ والد محمد نذیر کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03013767713 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا موٹرسائیکل نمبر MZ5925 انجن نمبر HKFABE6963 چیسز نمبر HKFHHG597 کے کاغذات بنام عبدالروف کاسی ولد عبدالسلام کاسی خروٹ آباد کوئٹہ کے قریب گم ہوگئے ہیں ملنے پر موبائل نمبر 03342421823 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

قومی شناختی کارڈ نمبر 54501-2105537-1 بنام فیض محمد ولد صالح محمد سریاب روڈ پر گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03368007018 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا موٹرسائیکل نمبر MAT3630 انجن نمبر DSE2186729 چیسز نمبر DSC3188383 کے کاغذات کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر ایکسائز آفس پہنچا دیں المشتہر:۔ سور علی ولد مہر اللہ

درستگی تاریخ پیدائش

میری میٹرک کی سند میں میرا تاریخ پیدائش 21/5/1996 ہے جبکہ اصل تاریخ پیدائش 21/12/1999 ہے لہذا درستگی کیلئے مشتہر ہے المشتہر:۔ سیماگل بنت لعل بخش

تلاش گمشدہ

میرا ٹرک نمبر TKD528 انجن نمبر 7612741 چیسز نمبر 36145710654783 ماڈل 1970 بک کا پہلا صفحہ گم ہوگیا ہے ملنے پر ایکسائز آفس پہنچادیں

تلاش گمشدہ

میرا ٹرک نمبر TKK176 انجن نمبر EH70081718 چیسز نمبر FF172A10040 ماڈل 1988 بک کا پہلا صفحہ گم ہوگیا ہے ملنے پر ایکسائز آفس پہنچادیں

تلاش گمشدہ

میرا ٹرک نمبر TKU085 چیسز نمبر FD3HGA1103 بک کا پہلا صفحہ گم ہوگیا ہے ملنے پر ایکسائز آفس پہنچا دیں

تلاش گمشدہ

میرا ٹرک نمبر AAC646 انجن نمبر B184008 چیسز نمبر 7225342 بک کا پہلا صفحہ گم ہوگیا ہے ملنے پر ایکسائز آفس پہنچادیں

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 55401-2077537-5 بنام ضیاء الرحمٰن ولد عبدالفتاح گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03325875722 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 54303-8870542-7 بنام عبدالمالک ولد عبدالرحیم نیو کلی تورہ شاہ میں کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر موبائل نمبر 03343838739 پر مطلع کریں

تلاش گمشدہ

میرا موٹرسائیکل پرائڈر 100 سی سی ماڈل 2026 انجن نمبر M060164 چیسز نمبر BH560029 بنام وزیر خان ولد دین کا اصل لیٹر دوران سفر کہیں گر کر گم ہوگیا ہے ملنے پر قریبی لیٹر بکس میں ڈال دیں

تلاش گمشدہ

1977 کا شناختی کارڈ محررہ 6/5/2021 کو گم ہوگیا تھا بنام تاج محمد ولد طوانو کا کارڈ گم ہوگیا تھا شناختی کارڈ نمبر 602-27-331371 ملنے پر موبائل نمبر 03013735360 پر مطلع کریں

بعدالت نائب تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم تحصیل سنجاوی

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی نیاز محمد ولد نادر خان قوم ونیچی سکنہ کاڑہ تحصیل سنجاوی درخواست گزاری ہے کہ انہوں نے موضع کاڑہ حلقہ چوتیر میں جدید نوتوڑ بیرون از لائن آراضی کو آباد کرکے وہاں پر گھر بھی موجود ہے۔ جس پر ہم اس وقت رہائش پذیر ہیں اب مذکورہ آراضی کو بزرگرلشبند الاٹمنٹ کرانا چاہتا ہے۔ اگر مذکورہ الاٹمنٹ بزرگرلشبند پر کسی شخص، اشخاص، تپی دار یا ادارہ کو کسی قسم کا اعتراض ہو تو 14 یوم کے اندر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً تحریری طور پر پیش کرے مقررہ معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر و اعتراض جمع نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 29/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

نائب تحصیلدار سنجاوی

بعدالت نائب تحصیلدار کھڈ کوچہ ضلع مستونگ

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ کہ عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ از روئے درخواست مسمی محمد عمیر ولد رحمت اللہ قوم شاہوانی ساکن کلی کوگھر تحصیل و ضلع مستونگ کا نام ریونیو ریکارڈ بحوالہ کھاتہ نمبر 34/34 موضع ڈھلوسب تحصیل کھڈ کوچہ میں غلطی سے بلال احمد ولد رحمت اللہ درج ہوا ہے اب درخواست دہندہ کی درخواست صحت و کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی رو سے بجائے بلال احمد کے محمد عمیر ولد رحمت اللہ اندراج مقصود ہے اس بابت کسی شخص، اشخاص یا کسی ادارہ کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو عرصہ 7 یوم میں زیر دستخطی کو پیش کرے بعد از میعاد کوئی اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔ اشتہار ہذا 29/10/2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

نائب تحصیلدار کھڈ کوچہ

بعدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ

سول ریویژن نمبر 207 سال 2025 فیصل پراچہ ولد محمد نعیم پراچہ سکنہ مکان نمبر A-55 نیو گارڈن بلاک سعید کالونی نمبر II کینال روڈ فیصل آباد پٹیشنر **بنام** کامران خان ولد مختار خان مرحوم ذات لودھی سکنہ مکان نمبر 3-9/14 نتھا سنگھ سٹریٹ مسجد روڈ کوئٹہ وغیرہ رسپانڈنٹس

اشتہار بنام رسپانڈنٹس نمبر 11 اور 12:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا رسپانڈنٹ نمبر 11۔ محمد عارف 12۔ محمد عثمان ہر دو پسران عبدالرحمان ساکنان لودھی جنرل سٹور مسجد روڈ کوئٹہ دیدہ و دانستہ تعمیل سمن سے گریزاں ہیں اور دستیاب نہیں ہوسکتے، لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 13/11/2026 بوقت صبح 9:00 بجے عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ میں خود یا بذریعہ وکیل پیش ہوکر مقدمہ ہذا کی پیروی کریں بصورت دیگر ان کے خلاف کارروائی حسب ضابطہ یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 24 اکتوبر 2026 کو میرے دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

(طارق محمود)
ایڈیشنل رجسٹرار (جوڈیشل ایس بی)
عدالت عالیہ بلوچستان کوئٹہ

بعدالت فیملی جج III کوئٹہ

مثل نمبر 79/2026 فضیلہ ناز بیوہ محمد سرفراز سکنہ فیصل ٹاؤن بروری روڈ کوئٹہ **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست گارڈین

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ ساعت 5/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ ساعت پر حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں۔ بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 20/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

فیملی جج III کوئٹہ

بعدالت جناب راقبہ اخونزادہ سینئر سول جج IV سریاب کوئٹہ

مثل نمبر 1/2026 — آئندہ تاریخ پیشی 4/11/2026

1۔ بی بی گلنساء بیوہ اللہ بخش 2۔ محمد انور 3۔ محمد اکبر 4۔ محمد اصغر 5۔ بی بی عابدہ 6۔ ساجدہ بی بی 7۔ سعدیہ حلیمہ گل پسران و دختران اللہ بخش مرحوم ساکنان کلی کوگڑائی سریاب کوئٹہ **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام ہر خاص و عام:۔ ہرگاہ یہ کہ سائل/سائلہ/سائلان نے ایک درخواست جانشینی عدالت ہذا میں برائے حصول رقم پنشن و بینک رقم متوفی اللہ بخش گزاری ہے جسکی آئندہ تاریخ پیشی 4/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 29/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج IV سریاب کوئٹہ

بعدالت جناب بشیر احمد بازئی سول جج صاحب سنجاوی

درخواست جانشینی نمبر 17/2026 — متدائرہ 24/10/2026

1۔ نور محمد پسر شہید محمد اشرف 2۔ سائبہ والدہ شہید محمد اشرف 3۔ میر حمزہ 4۔ رخسانہ بی بی 5۔ شازیہ بی بی 6۔ آسیہ نور 7۔ فوزیہ نور **بنام**:۔ عوام الناس مسول علیہم

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925ء برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ بذریعہ اشتہار ہذا خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا درخواست گزاران نے بذریعہ مختار میر حمزہ ولد نور محمد سکنہ سنجاوی تحصیل سنجاوی ضلع زیارت درخواست ہذا بغرض حصول جانشینی سرٹیفکیٹ بدیں مضمون گزاری ہے کہ مسمی محمد اشرف ولد نور محمد سکنہ سنجاوی مورخہ 6/7/2026 کو بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے اور یہ کہ متوفی کے مبلغ 112 روپے بینک اسلامی اکاؤنٹ نمبر 11810011657366 میں جمع شدہ ہیں اور سائلان بالا متوفی کے جائز ورثاء ہیں۔ چونکہ درخواست ہذا کی تاریخ پیشی مورخہ 9/11/2026 کو عدالت ہذا بمقام سنجاوی مقرر ہوچکی ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو وہ اصالتاً حاضر عدالت ہذا ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 24 اکتوبر 2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بشیر احمد بازئی — سول جج سنجاوی

بعدالت جناب بشیر احمد بازئی سول جج صاحب سنجاوی

درخواست جانشینی نمبر 17/2026 — متدائرہ 27/10/2026

1۔ بی بی کافیہ والدہ مرحوم شمس الدین 2۔ فرید اللہ 3۔ بی بی ثمینہ 4۔ اکرام اللہ 5۔ عارفہ بی بی 6۔ ظفر اللہ 7۔ امین اللہ 8۔ انعام اللہ 9۔ نجیب اللہ 10۔ بی بی روزینہ 11۔ سمیع اللہ اقوام دومڑ ساکنان اصغرہ راجلون تحصیل سنجاوی **بنام**:۔ عوام الناس مسول علیہم

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925ء

ہرگاہ بذریعہ اشتہار ہذا خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا دعویٰ مدعیان نے عدالت ہذا میں دائر کیا ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 11/11/2026 کو عدالت ہذا بمقام سنجاوی مقرر ہوچکی ہے۔ اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو وہ اصالتاً حاضر عدالت ہذا ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 27 اکتوبر 2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

بشیر احمد بازئی — سول جج سنجاوی

بعدالت جناب قاضی جھالاوان II خضدار

اشتہار زیر آرڈر 5 رول 20 ض۔د مقدمہ نمبر 35/2026 مسماۃ سمیرہ بنام نور احمد

دعویٰ تنسیخ نکاح بوجہ ظلم و ستم

اشتہار بنام مدعا علیہ نور احمد ولد محمد قوم ملازئی ساکن نند عزیز مسجد سوراب:۔ ہرگاہ تم مدعا علیہ پر عام ذرائع سے سمنات تعمیل نہیں ہو پارہے ہیں یا تم دیدہ دانستہ طور پر تعمیل سمن سے گریزاں ہو۔ لہذا بذریعہ ہذا تم مدعا علیہ کو حکم دی جاتی ہے کہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 12/11/2026 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر جواب دہی کریں بصورت عدم حاضری تمہارے خلاف حسب ضابطہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 28/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

عبدالخالق — قاضی جھالاوان II خضدار

بعدالت جناب سول جج مسلم باغ

جانشینی نمبر 11/2026 — متدائرہ 29/10/2026 — تاریخ پیشی 12/11/2026

1۔ صلاح الدین 2۔ ایمل خان 3۔ ذرک خان 4۔ احمد خان 5۔ ہوا دخان 6۔ فاطمہ حیاء پسران و دختران زینہ بی بی قوم کاکڑ شموزئی ساکنان بابو محلہ بازار مسلم باغ **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 سکسیشن ایکٹ 1925

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ بمقام مندرجہ درخواست جانشینی سائل نے بذریعہ کونسل عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ جس کی تاریخ پیشی مورخہ 12/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ لہذا عوام الناس کو بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ عنوان بالا کی بابت کوئی اعتراض ہو تو مقررہ بالا تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر پیروی دعویٰ/درخواست کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اشتہار ہذا آج مورخہ 29/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سول جج مسلم باغ

بعدالت جناب سینئر سول جج III کوئٹہ

مثل نمبر 29/2025 — آئندہ تاریخ ساعت 30/10/2026

بختاور وغیرہ **بنام**:۔ عبدالرحیم وغیرہ — **درخواست اجراء**

اشتہار بنام مدعیون ڈگری نمبر 4۔ سید محفل الدین ولد سید بہاؤالدین سکنہ مسجد ابراہیم زئی کلی کربلا پشین / موجودہ پتہ زخمی بلڈنگ سرکی روڈ کوئٹہ:۔ ہرگاہ یہ کہ مندرجہ عنوان بالا درخواست اجراء عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ ساعت مورخہ 30/10/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ ہی کہ مندرجہ عنوان بالا درخواست اجراء میں ڈگری دار نمبر 4 تعمیل سمن سے دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں اور حاضر نہ ہے۔ لہذا اشتہار ہذا بنام مذکورہ بالا اجراء نمبر 4 جاری کیا جاتا ہے کہ اگر مندرجہ بالا اجراء نمبر آئندہ ساعت کو بمقام کوئٹہ اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا نہیں ہوئے تو اس نسبت سے انکے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 24/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج III کوئٹہ

اطلاع عام بابت داخلہ برائے درجہ ہفتم (انتالیسویں اینٹری 39th Entry) برائے تعلیمی سال 2027

Website: www.brcloralai.edu.pk

بلوچستان ریزیڈنشل کالج لورالائی میں درجہ ہفتم میں تعلیمی سال 2027 کے لیے آن لائن داخلے کا آغاز ہوچکا ہے۔ داخلے کے سلسلے میں چند ضروری تفصیلات درج ذیل ہیں۔
(1) عمر کی حد 11 سال سے 13 سال تک ہے۔ یعنی طالب علم کی تاریخ پیدائش یکم مارچ 2014 اور 29 فروری 2016 کے مابین ہونی چاہیے۔ عمر کم یا زیادہ ہونے کی صورت میں داخلہ فارم منسوخ کردیا جائے گا۔ انٹرویو کے دوران اگر داخلہ کمیٹی محسوس کرے کہ امیدوار کی عمر 13 سال سے زیادہ ہے تو اس صورت میں عمر کی تصدیق CMH کوئٹہ کے میڈیکل بورڈ سے کرائی جائے گی۔ (2) تحریری ٹیسٹ بلوچستان ٹیکسٹ بک بورڈ کے درجہ ششم کے مکمل نصاب (Syllabus) 2026 میں سے صرف چار مضامین انگریزی (25 نمبر)، ریاضی (25 نمبر)، اردو (25 نمبر) اور جنرل سائنس (25 نمبر) کا لیا جائے گا۔ کل نمبر 100 ہوں گے۔ (3) داخلہ ٹیسٹ انگریزی میڈیم میں 40% معروضی (Objective) اور 60% موضوعی (Subjective) پر مشتمل ہوگا۔ طلباء کا انتخاب خالصتاً بذریعہ اینٹری ٹیسٹ ہوگا۔ جس کی مقررہ تاریخ، وقت اور جگہ کے بارے بعد میں آگاہ کردیا جائے گا۔ (4) آن لائن داخلہ فارم پر کرنے کی آخری تاریخ 22 نومبر 2026 رات 12 بجے تک ہے۔ اس کے بعد ایڈمیشن پورٹل بند ہوجائے گا۔ (5) مندرجہ ذیل ڈاکومنٹس کو Scan کرکے فارم کے ساتھ Upload کریں۔
(الف)۔ امیدوار کی حالیہ تصویر (پاسپورٹ سائز، بلیو یا وائٹ بیک گراؤنڈ کے ساتھ۔ بصورت دیگر فارم مسترد کردیا جائے گا) (ب)۔ ب فارم (ج)۔ اسکول Hope سرٹیفکیٹ (د)۔ لوکل/ڈومیسائل سرٹیفکیٹ (ہ)۔ والد کا شناختی کارڈ (و)۔ بینک چالان
مندرجہ بالا ڈاکومنٹس کے واضح نہ ہونے کی صورت میں داخلہ فارم مسترد کردیا جائے گا۔ لہذا آپ مطلوبہ کاغذات یا تصویر احتیاط سے Upload کریں تاکہ کسی قسم کی زحمت سے بچ سکیں۔ (6) داخلہ فارم اور دیگر کاغذات کالج نہ بھیجیں۔ **نوٹ**:۔ (1) غیر رجسٹرڈ سکول کے فارم قابل قبول نہیں ہوں گے۔ (2) جعلی لوکل، ب فارم اور تاریخ پیدائش میں کٹنگ اور رد و بدل کی وجہ سے داخلہ مسترد کردیا جائے گا۔ (3) آن لائن رجسٹریشن اور داخلہ فارم جمع کرانے کے سلسلے میں مدد کے لیے صبح 09:00 تا 01:00 بجے تک ہیلپ ڈیسک سے مندرجہ ذیل نمبروں پر رابطہ کرسکتے ہیں۔ ٹیلی فون نمبر 0824400105, 0824920504 ای میل admissions@brcloralai.edu.pk

پرنسپل کیپٹن وقار کاکڑ شہید
بلوچستان ریزیڈنشل کالج لورالائی

PRQ No2166/29-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت جناب سینئر سول جج II بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 41/2026 — آئندہ تاریخ پیشی 9/11/2026

1۔ انوری بیگم بیوہ عبدالرحیم 2۔ شیخ عبدالقادر خان رحیم مختیار ولد عبدالرحیم مرحوم دونوں سکنہ مکان نمبر 308-6/9 نیو علی بہادر روڈ کوئٹہ 3۔ شیخ ابراہیم بابر خان رحیم ولد عبدالرحیم مرحوم 2th 2700, Bronshoj 38 Muldager R/o **بنام**:۔ کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ تحصیلدار سٹی کوئٹہ عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام ہر خاص و عام:۔ ہرگاہ یہ کہ سائل/سائلہ/سائلان نے ایک درخواست جانشینی عدالت ہذا میں برائے حصول رقم پنشن و بینک رقم متوفی عبدالرحیم گزاری ہے جسکی آئندہ تاریخ پیشی 9/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 28/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج II کوئٹہ

بعدالت جناب سینئر سول جج II بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 42/2026 — آئندہ تاریخ پیشی 9/11/2026

1۔ بی بی رحیمہ بیوہ سفر محمد 2۔ مقبول خان 3۔ دولت خان 4۔ مزمل خان 5۔ مدثر خان 6۔ مزکر خان 7۔ مصور خان پسران و دختران سفر محمد اپیلانٹ 4 تا 7 نابالغان بذریعہ والدہ گارڈین سائلہ نمبر 1 اقوام کاکڑ ساکنان افغان روڈ کوئٹہ **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام ہر خاص و عام:۔ ہرگاہ یہ کہ سائل/سائلہ/سائلان نے ایک درخواست جانشینی عدالت ہذا میں برائے حصول رقم پنشن و بینک رقم متوفی سفر محمد گزاری ہے جسکی آئندہ تاریخ پیشی 9/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست کی بابت کسی کو کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو تاریخ مقررہ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہذا ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 29/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج II کوئٹہ

بعدالت جناب محمد انور مینگل سینئر سول جج IV بااختیارات ڈسٹرکٹ جج کوئٹہ

مثل نمبر 65/2026 — آئندہ تاریخ ساعت 11/11/2026

1۔ امجد حسین 2۔ بی بی حمیدہ 3۔ نسرین تمام پسران و دختران ولد محمد حسن بذریعہ اٹارنی درخواست گزار نمبر 1، 4۔ مزمل 5۔ حذیفہ پسران محمد اکبر نابالغان بذریعہ گارڈین درخواست گزار نمبر 1 سکنہ محلہ کلی اسماعیل جبل روڈ کوئٹہ **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی/لیٹر آف ایڈمنسٹریشن

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ درج بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ سماعت 11/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ درج بالا مقدمہ ہذا میں سائلین نے درخواست جانشینی/لیٹر آف ایڈمنسٹریشن عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا درخواست کی بابت کسی کو بھی کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو مقررہ تاریخ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 28/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج IV کوئٹہ

بعدالت جناب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چاغی بمقام دالبندین

1۔ بی بی خدیجہ بیوہ مرحوم خدابخش 2۔ بی بی حمیدہ 3۔ زاہدہ 4۔ بی بی سلمٰی 5۔ عابدہ 6۔ مروا 7۔ محمد حامد دختران و پسران مرحوم خدابخش ساکنان کلی ملک عید محمد پٹ گونگو دالبندین ضلع چاغی سائلان/درخواست گزاران **بنام** عوام الناس

درخواست زیر دفعہ 372 جانشینی ایکٹ 1925ء برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ سائلان/درخواست گزاران نے ایک درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے یہ کہ مسمی خدابخش ولد عبداللہ محکمہ ٹاؤن کمیٹی بطور بیلدار ملازم تھا جو کہ مورخہ 1 جولائی 2026 کو دوران سروس وفات پاگئے یہ کہ سائلان کو مرحوم خدابخش ولد عبداللہ کے محکمہ کے ذمہ واجب الادا رقم گریجویٹی اور فیملی پنشن کی منتقلی بنام سائلان جانشینی سرٹیفکیٹ مطلوب ہے۔ سائلان/درخواستگو اران مرحوم کے حقیقی پسماندگان ہیں درخواست گزاران/سائلان کو متوفی کے شرعی ورثاء قرار دیئے جانے کی بابت درخواست جانشینی عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ جس کی آئندہ تاریخ پیشی 12/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا کے ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر درخواست ہذا کی نسبت کسی کو کوئی اعتراض ہو تو پندرہ دن کے اندر سول جج دالبندین کے عدالت میں مقررہ تاریخ پیشی پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر درخواست ہذا کی پیروی کرے بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 28/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج چاغی بمقام دالبندین

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ/سول جج لہڑی بمقام سبی

فیملی دعویٰ نمبر 43/2026 مسماۃ وزیراں دختر محمد صدیق زوجہ دھنی بخش 2 نصیب اللہ ولد دھنی بخش اقوام ڈندور ساکنان الہ آباد چارموری سبی درخواستگو ار نمبر 2 نابالغ بذریعہ درخواستگو ار نمبر 1 حقیقی والدہ گارڈین بنام دھنی بخش ولد امام بخش قوم ڈندور سکنہ چھڑا کارخانہ سبی **درخواست نان نفقہ**

نوٹس اشتہار بنام:۔ دھنی بخش ولد امام بخش قوم ڈندور سکنہ چھڑا کارخانہ سبی ہرگاہ عنوان بالا دعویٰ تمہارے خلاف مدعیہ وزیراں نے عدالت ہذا میں دائر کیا ہے۔ جس میں تم مدعا علیہ نوٹس کی تعمیل اور حاضری سے جان بوجھ کر گریزاں ہو لہذا بذریعہ اشتہار ہذا تم مدعا علیہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 04/11/2026 کو اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں پیش ہوکر عنوان بالا دعویٰ کی پیروی کریں بصورت دیگر تمہارے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج مورخہ 28 ماہ اکتوبر 2026ء کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

عالم زیب خان کاکڑ — جوڈیشل مجسٹریٹ/سول جج لہڑی بمقام سبی

بعدالت ایڈیشنل سیشن جج II نصیر آباد بمقام ڈیرہ مراد جمالی

اپیل درخواست جانشینی نمبر 3/2026 1 شازیہ قادر دختر غلام قادر بہن مرحوم 2 محمد آصف ولد غلام قادر بھائی مرحوم بنام 1 عوام الناس 2 طاہرہ بی بی زوجہ صادق نواز چک شاہ پور ڈسٹرکٹ راجن پور 3 شاہدہ بتول 4 زاہدہ بی بی دختران غلام قادر

اپیل زیر دفعہ 384 جانشینی ایکٹ 1925 برخلاف
حکم مورخہ 25/8/2026 جوڈیشل مجسٹریٹ سول جج ڈیرہ مراد جمالی

ہرگاہ کہ درخواست جانشینی سائلان متذکرہ بالا عدالت ہذا میں داخل کی گئی ہے۔ جس میں بابت اشتہار تاریخ سماعت مورخہ 10/11/2026 کے لئے مقرری کی گئی ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہر خاص عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی نسبت اگر کسی کو کسی قسم کا عذر اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت 10/11/2026 بوقت صبح 9:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر درخواست کی پیروی کریں بصورت دیگر درخواست میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی آج مورخہ 20/10/2026 کو میرے مہر و دستخط سے جاری ہوا۔

ایڈیشنل سیشن جج II نصیر آباد بمقام ڈیرہ مراد جمالی

TENDER NOTICE

The SP/ ADMN: CCPO- QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. TSE-2627101217011 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee 1000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Structures and Building and Construction and Manufacturing Components and Supplies (Total Item(s) Count: 7)	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 1,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 1,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee The firm has to provide work orders only of government department. However, semi government and NGOs work order are not acceptable. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 12 November, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 12 November, 2026till 01:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 02:00 PM Address: Deputy Inspector General of Police Office, Zarghoon Road Quetta **Phone no: 0819201264Fax no: 0819202142**
Email: mehatableashfaq19122000@gmail.com

Assistant Director for Dy: Inspector General of Police, Quetta

DPRQ/PRQ No.2126/29-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

نیشنل ماس ریسلنگ چیمپئن شپ نارتھ پنجاب نے جیت لی

اسلام آباد (آئی این پی) نویں نیشنل ماس ریسلنگ چیمپئن شپ میں سنسنی خیز اور دلچسپ مقابلوں کے بعد نارتھ پنجاب نے 88 پوائنٹس کیساتھ پہلی پوزیشن اپنے نام کرلی۔ پاکستان سپورٹس کمپلیکس میں منعقدہ ایونٹ میں سولہ ٹیموں کے کھلاڑیوں کے درمیان پندرہ کیٹگریز میں مقابلے ہوئے۔ وفاقی وزیر قومی ورثہ اورنگزیب خان کھچی، چیئرمین کشمیر کمیٹی رانا قاسم نون، چیئرمین پاکستان ماس ریسلنگ فیڈریشن نواب فرقان، اولمپین صدف صدیقی، پاکستان میں کرغز جمہوریہ کے ناظم الامور آئیبک، پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل محمد سعید، سابق ڈی جی پی ایس بی اختر نواز گنجیرا سمیت دیگر شخصیات نے اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ خواتین کی 75 کلوگرام کیٹیگری میں اسلام آباد کی اقرا نصیب نے فائنل میں بلوچستان کی عائشہ خان کو شکست دی، 70 کلوگرام کیٹیگری میں عائشہ دلشاد، 65 کلوگرام میں مریم شریف نے گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔ مینز 90 کلوگرام کیٹیگری کا فائنل واپڈا کے محمد عاصم نے جیتا، 75 کلوگرام کیٹیگری اسامہ بٹ، 80 کلوگرام اورنگزیب شاہ، 105 کلوگرام کیٹیگری میں احمد چیمہ نے گولڈ میڈل جیتا۔ اختتامی تقریب میں کھلاڑیوں میں میڈلز اور انعامات تقسیم کیے گئے۔

پی سی بی اور الائیڈ بینک کے درمیان سکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے لیے 10 کروڑ روپے کا معاہدہ

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور الائیڈ بینک آف پاکستان کے درمیان سکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے لیے معاہدہ طے پاگیا، جس کے تحت الائیڈ بینک سپانسرشپ کی مد میں مجموعی طور پر 10 کروڑ روپے فراہم کرے گا۔ قذافی سٹیڈیم میں مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں چیئرمین پی سی بی محسن نقوی مہمان خصوصی تھے، وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ، رکن قومی اسمبلی عون چوہدری اور ڈائریکٹر کمرشل پی سی بی علی عدنان زیدی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ مفاہمتی یادداشت پر پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے چیف آپریٹنگ آفیسر سمیر احمد اور الائیڈ بینک آف پاکستان کی جانب سے چیف کمرشل اینڈ ریٹیل بینکنگ نارتھ عابد انور نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت پاکستان کرکٹ بورڈ سکولز ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تمام انتظامات کرے گا، جبکہ پروگرام کے ذریعے سکولوں میں کرکٹ کا دائرہ کار مزید بڑھایا جائے گا۔

اسلام آباد میں آئندہ ماہ تین جونیئر انٹرنیشنل ٹینس ٹورنامنٹ منعقد ہونگے

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر اہتمام نومبر میں ورلڈ ٹینس ٹور جونیئرز کے تین بین الاقوامی ٹینس ٹورنامنٹس اسلام آباد میں کھیلے جائیں گے، جن میں ملکی اور غیر ملکی جونیئر کھلاڑی اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ شیڈول کے مطابق پہلا جے 60 انٹرنیشنل جونیئر ٹینس ٹورنامنٹ 2 سے 8 نومبر تک کھیلا جائے گا، جبکہ دوسرا ایونٹ جے 30 ٹورنامنٹ 9 سے 14 نومبر تک منعقد ہوگا۔ تیسرا جے 30 ٹورنامنٹ 16 سے 21 نومبر تک کھیلا جائے گا۔ تینوں بین الاقوامی ایونٹس پاکستان ٹینس فیڈریشن کے زیر اہتمام پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس اسلام آباد میں منعقد ہوں گے۔ ان مقابلوں کا انعقاد پاکستان میں جونیئر ٹینس کے فروغ، نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی تجربہ فراہم کرنے اور عالمی سطح پر اپنی رینکنگ بہتر بنانے کے مواقع دینے میں اہم کردار ادا کرے گا۔

ہانگ کانگ سکسز: عباس آفریدی کی قیادت میں قومی ٹیم ٹائٹل کے دفاع کیلئے روانہ

ہانگ کانگ (آئی این پی) ہانگ کانگ سکسز ٹائٹل کے دفاع کے لیے پاکستان ٹیم عباس آفریدی کی قیادت میں روانہ ہوگئی ہے۔ قومی اسکواڈ میں کپتان عباس آفریدی کے علاوہ عبدالصمد، احمد دانیال، محمد عرفان خان، خواجہ نافع، محمد شہزاد اور سعد مسعود شامل ہیں۔ ہانگ کانگ سکسز ٹورنامنٹ 30 اکتوبر سے یکم نومبر تک کھیلا جائے گا۔ تین روزہ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیمیں حصہ لیں گی جنہیں چار گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پاکستان ٹیم بھارت اور یو اے ای کے ساتھ گروپ سی میں شامل ہے۔ یاد رہے کہ پاکستان نے گزشتہ سال فائنل میں کویت کو 43 رنز سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا تھا۔

سہ ملکی سیریز: حارث رف اور انگلش ٹیم پر جرمانہ

لاہور (آئی این پی) قومی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر حارث رف کو میچ فیس کا 20 فیصد جرمانہ کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق حارث رف نے انگلینڈ کے خلاف میچ میں آئی سی سی کوڈ آف کنڈکٹ کے لیول ون کی خلاف ورزی کی تھی۔ حارث رف کے ڈسپلنری ریکارڈ میں ایک ڈی میرٹ پوائنٹ کا بھی اضافہ کردیا گیا ہے۔ حارث رف نے وائیڈ کی اپیل کی اور پھر انگلینڈ کے آل راؤنڈر ول جیکس سے بحث کرنے لگے تھے۔ دوسری جانب سلو اوور ریٹ پر انگلینڈ ٹیم پر بھی 10 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ انگلینڈ کی ٹیم مقررہ وقت میں تین اوورز پیچھے تھی۔

بعدالت جناب مسٹر اورنگزیب گومن صاحب ایڈیشنل سیشن جج VIII کوئٹہ

مثل نمبر 3/2026 — آئندہ تاریخ پیشی 10/11/2026

یحییٰ بشیر **بنام**:۔ ذوالفقار علی — **دعویٰ ریکوری** US-37

اشتہار بنام مدعا علیہ ذوالفقار علی ولد عارف علی ساکن نیچاری روڈ کوئٹہ:۔ ہرگاہ عنوان بالا میں مسول علیہم/مدعا علیہ ذوالفقار علی ولد عارف علی کو عدالت ہذا کا نوٹس کی تعمیل سے دیدہ و دانستہ طور پر گریزاں ہیں اور روپوش ہیں۔ لہذا بذریعہ اشتہار ہذا مسول علیہم/مدعا علیہ شائع کیا جاتا ہے اگر مسول علیہم/مدعا علیہ آئندہ تاریخ ساعت پر جو کہ محررہ 10/11/2026 ہے تاریخ مقررہ پر، بمقام کوئٹہ حاضر عدالت نہیں ہوگا تو اس کے خلاف یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ آج مورخہ 27/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

ایڈیشنل سیشن جج VIII کوئٹہ

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ IV کوئٹہ

مثل نمبر 32/2026 — آئندہ تاریخ ساعت 11/11/2026

مدثر خان بنام عوام الناس 1۔ مدثر خان 2۔ مصور خان 3۔ شکیلہ بی بی 4۔ لبنہ 5۔ منیب خان 6۔ مہران خان 7۔ رابعہ، 8۔ فتی دختران و پسران مرحوم امیر سہراب خان اختر بی بی سکنہ سٹریٹ نمبر 2 سوسائٹی پولیس لائن گلستان روڈ کوئٹہ **بنام**:۔ عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ درج بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ جسکی آئندہ تاریخ ساعت 11/11/2026 کو مقرر ہوچکی ہے۔ درج بالا مقدمہ ہذا میں سائلین نے درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ عدالت ہذا میں گزاری ہے۔ لہذا بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا درخواست کی بابت کسی کو بھی کسی قسم کا کوئی عذر ہو تو مقررہ تاریخ پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ آج مورخہ 28/10/2026 کو بدستخط میرے و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

سینئر سول جج IV کوئٹہ

TENDER NOTICE

TSE-2627101216523 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 3000 PKR and bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	REHABILITATION / CONSTRUCTION BT ROAD, SIDE DRAIN, SEWERAGE AT IDREES BAGH AREA NEAR BHU ALAM KHAN QUETTA PSDP # 1309 (Z2026.0843)	35,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required Turn over of at least 24,500,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work PEC Category Code is C-5 and above (Upto 65 million) and Specialized Code is CE01-(I) (Road and Pavements Drainage & Retaining Structure), CE09(ii) (Water Supply), The firm must have completed two similar works of Constt of Roads and side drain Projects each 60% of the estimated cost, in the last 3 years in any Govt sector The firm must have completed two similar works of sewerage line Projects each 60% of the estimated cost, in the last 3 years in any Govt sector All bidders shall submit the contract agreements of the all similar nature works mentioned above The bidder shall submit a Power of Attorney Rs.100/- judicial stamp paper, mentioning the name of work and TSE No. In case of the owner, a self-authorization undertaking on stamp paper shall be provided, duly attested by 1st class magistrate The bidder shall submit valid Rs.100/- affidavit declaring no conflict of interest, blacklisting, major litigation, nonperformance, or failure to sign any contract in last five years, dyly attested by oath commissioner. The bidders are required to provide CDR or B/Gurantee and Green challan and BPPRA Deposit slip **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 13 November, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System Address: Executive Engineer UPDD Quetta DivisionNew Zarghoon Road Phone no: 0819211904
Fax no: 0819211904Email: ghaffar.nasar9@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA

DPRQ/PRQ No.2128/29-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

گوادر، رکن صوبائی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ و دیگر لواحقین کوٹہ کے تحت تقرری کے آرڈرز کی تقسیم کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بقیہ 01

آسکے اور زرعی شعبے کو مزید ترقی دی جاسکے۔ اس کے ساتھ ساتھ تعلیم، صحت اور دیگر بنیادی شعبوں میں سرکاری عمارتوں کی تعمیر و مرمت کے منصوبوں کو بھی ترجیحی بنیادوں پر مکمل کروایا جا رہا ہے تاکہ عوام ان منصوبوں کے ثمرات سے جلد از جلد مستفید ہوسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نصیرآباد ڈویژن کے دورے کے موقع پر ضلع صحبت پور میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے اور متعلقہ افسران سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 02

کے مطابق فیصلے کیے جاسکیں۔ ایک بیان میں انہوں نے دعویٰ کیا کہ ضلع ژوب کے مستقل باشندے اور کوئٹہ سے منتخب ہوکر وزیر صحت بننے والے شخص کی ایماء پر شہر کی حدود میں دوبارہ ردوبدل کیا جا رہا ہے، جس کے نتیجے میں ایک ضلع کی آبادی 6 لاکھ جبکہ دوسرے کی 20 لاکھ ہونے کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ مین نالے کی بنیاد پر تقسیم سے ہزارہ برادری کا حلقہ بھی تقسیم ہو رہا ہے، جبکہ کینٹ کو نواں کلی، ہنہ اوڑک اور کچلاک سے منسلک کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ مبین خان نے کمیٹی میں حقیقی اسٹیک ہولڈرز کو نمائندگی نہ دینے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خدشہ ظاہر کیا کہ حدود میں تبدیلی عوامی ضروریات کے بجائے سیاسی مفادات کے تحت کی جاسکتی ہے، جس سے مستقبل میں مزید مسائل پیدا ہوں گے۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے مطالبہ کیا کہ معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے اور کوئٹہ کی تقسیم یا حدود میں ردوبدل کا فیصلہ کرتے وقت آبادی کے تناسب، زمینی حقائق اور عوامی مفادات کو ترجیح دی جائے۔

بقیہ 03

سب انسپکٹر جاوید احمد کھوسہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ سرکل سٹی کے مختلف تھانوں کی حدود میں مشترکہ کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے اندھے قتل، ڈکیتی اور دیگر سنگین مقدمات میں مطلوب متعدد ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ اس موقع پر ایس ڈی پی او سرکل سٹی غلام سرور مینگل، ایس ایچ او سٹی عبدالرؤف جمالی، ایس ایچ او شہید نذیر احمد عمرانی منگولی محمد انور کھوسہ، ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید ہدایت اللہ کولاچی صدر جاوید احمد کھوسہ، انچارج سی آئی اے نصیرآباد بہادر علی ڈوکی و دیگر پولیس آفیسران موجود تھے۔ ایس ایس پی نصیرآباد نے کہا کہ پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی کی حدود مورخہ 27 اگست 2026ء کو ٹمپل شاخ کے قریب پانچ مسلح ملزمان نے سبزی فروش نیاز علی جکھرانی سے موٹر سائیکل اور دو موبائل فون چھیننے اور مزاحمت پر فائرنگ کر کے اسے قتل کر دیا۔ ایس ایچ او پولیس تھانہ شہید نذیر احمد عمرانی منگولی نے ایس ایچ او سٹی و انچارج سی آئی اے نصیرآباد و پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم چاکر ولد ہیبت، قوم لاشاری، کو گرفتار کر کے ایک مسروقہ موبائل فون برآمد کرلیا۔ جبک

بقیہ 04

ایسوسی ایشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری سعید امین معاون خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ای ڈی او تعلیم کوئٹہ اور دیگر آفیسران بھی موجود تھے اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے اپنے خطاب میں نوجوانوں کے لیے کھیلوں کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ کھیلوں کے فروغ سے نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے، ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے اور قومی سطح پر ٹیلنٹ سامنے لانے کے مواقع میسر آئینگے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی یہ دلی خواہش ہے کہ نوجوانوں کو کھیلوں کی جانب راغب کرنے کے لیے انہیں زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنے چاہیے اس موقع پر کھلاڑیوں کا تعارف حاصل کیا گیا اور ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے ہاکی ایسوسی ایشن کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ نوجوانوں کو کھیلوں کے بہتر مواقع فراہم کرنے اور ہاکی سمیت دیگر کھیلوں کے فروغ کے لیے اقدامات کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں میں کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد نوجوان نسل میں نظم و ضبط، ٹیم ورک اور مثبت سوچ کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ ایسے ٹورنامنٹس کا تسلسل برقرار رکھا جانا چاہیے تاکہ اسکولوں کے باصلاحیت کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مزید مواقع مل سکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے بھی کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے ہاکی ایسوسی ایشن کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 05

بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ ہر مشکل گھڑی میں کھڑی ہے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اسماعیل لاشاری اور اسسٹنٹ کمشنر ماریہ شمعون نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کشمیری تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے جب بھارتی افواج نے جموں و کشمیر میں مداخلت کرتے ہوئے قبضے کی بنیاد رکھی اس دن کو ہر سال یوم سیاہ کے طور پر منانے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ کشمیری عوام کی طویل جدوجہد قربانیوں اور ان کے بنیادی حقوق کی جانب مبذول کرانا ہے مقررین نے کہا کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور اس دوران انہوں نے بے شمار قربانیاں دی ہیں ان کا کہنا تھا کہ مسئلہ کشمیر کا منصفانہ اور پرامن حل اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہونا چاہیے تاکہ انہیں اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق حاصل ہو سکیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا اور کشمیریوں کی جائز جدوجہد کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا۔ یوم سیاہ منانے کا مقصد دنیا کو یہ پیغام دینا ہے کہ مسئلہ کشمیر ایک حل طلب تنازع ہے اور خطے میں پائیدار امن کے قیام کے لیے اس کا منصفانہ حل ناگزیر ہے مقررین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ متحد ہے اور ان کی جدوجہد آزادی اور حق خودارادیت کی حمایت جاری رکھے گی

بقیہ 06

اسلامک ریلیف کے یوتھ انگیجمنٹ پروگرام کے تحت دالبندین میں جنسی و تولیدی صحت کے حقوق (Sexual and Reproductive Health Rights SRHR) کے موضوع پر ایک آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کی سعادت سید محمد الیاس نے حاصل کی۔ اس کے بعد تعارفی نشست منعقد ہوئی، جس میں تمام شرکا نے اپنا تعارف پیش کیا۔ اس موقع پر اسلامک ریلیف کے کمیونٹی موبلائزر غلام حیدر نے شرکا کو سیشن کے ایجنڈے اور جنسی و تولیدی صحت کے حقوق کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی۔ انہوں نے اس موضوع کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور نوجوانوں میں شعور و آگاہی کو فروغ دینے کے لیے متعلقہ معلومات سے شرکا کو آگاہ کیا۔ سیشن کے اختتام پر سوال و جواب کی نشست منعقد کی گئی، جس میں شرکا نے موضوع سے متعلق مختلف سوالات کیے اور اپنی معلومات و سمجھ بوجھ میں اضافہ کیا۔ شرکا نے اسلامک ریلیف کے یوتھ انگیجمنٹ پروگرام کے تحت منعقدہ اس آگاہی سیشن کو سراہتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں میں شعور و آگاہی اور مثبت سمجھ بوجھ کو فروغ دینے کے لیے اس طرح کی سرگرمیاں نہایت مفید ہیں

بقیہ 07

حکام کی جانب سے مسئلے کے حل کے لیے مؤثر اقدامات دکھائی نہیں دے رہے۔ بیان میں صوبائی حکومت کی کارکردگی پر بھی تنقید کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ شہریوں کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے حکومتی سطح پر مؤثر کردار ادا نہیں کیا جا رہا۔ شہریوں نے متعلقہ حکام اور عدلیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس پریشر کی بحالی، بھاری بلوں اور صارفین کو درپیش مسائل کا نوٹس لیا جائے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ 08

میں ضلعی و سول افسران، معتبرین، اساتذہ، طلباء سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر ریلی کے شرکاء نے کشمیری شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے اور مظلوم کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کے لیے ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی۔ اور کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان کے حق خودارادیت کی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ریلی کے شرکاء نے کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خاتمے اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کے عزم کا اعادہ کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ 27 اکتوبر کشمیر کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب 1947 میں بھارتی افواج مقبوضہ کشمیر میں داخل ہوئیں۔ اس دن کو ہر سال یوم سیاہ کے طور پر منانے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ کشمیری عوام کی مشکلات اور ان کے حق خودارادیت کی جانب مبذول کرانا ہے۔

بقیہ 09

کاوشوں کی بدولت ایسوسی ایشن کی جدوجہد کی بدولت ٹھیکیداروں کے مسائل حل ہو رہے ہیں میرٹ پر ٹھیکیداروں کے جائز مسائل حل ہو رہا ہے ٹھیکیداروں کی شفافیت کی بدولت صوبے کے تمام اضلاع میں اجتماعی فنڈ کے منصوبوں کا معیاری طریقے سے مکمل کر کے ترقی کے ثمرات کو عوام تک پہنچ رہا ہے ٹھیکیدار ایسوسی ایشن کی کاوشوں سے ٹھیکیداروں کے تمام محکموں میں مشکلات کے خاتمے کے لئے عملی اقدامات کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 10

گندگی کا ڈھیر بن چکا ہے، جبکہ شہریوں کو بنیادی بلدیاتی سہولیات کی فراہمی بھی تسلی بخش دکھائی نہیں دیتی۔ انہوں نے کہا کہ اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب میں بھی مبینہ طور پر امتیازی طرز عمل اختیار کیا گیا ہے، جہاں بعض افراد نے اپنے گھروں کے سامنے لائٹس نصب کرائی ہیں، جبکہ دیگر علاقوں کے رہائشی اس بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پہلے سے نصب بعض اسٹریٹ لائٹس بھی مبینہ طور پر اتار کر لے جائی گئی ہیں، جس پر متعلقہ حکام کو نوٹس لینا چاہیے۔ پیپلز پارٹی تحصیل گنداخہ کے صدر نے کہا کہ شہریوں کو امید تھی کہ گنداخہ میں تقریباً تیرہ کروڑ روپے کی ترقیاتی اسکیموں سے شہر کی حالت بہتر ہوگی اور صفائی، روشنی اور دیگر بنیادی سہولیات میں نمایاں تبدیلی آئے گی، تاہم ان کے بقول شہر کی صورتحال بہتر ہونے کے بجائے پہلے سے زیادہ خراب دکھائی دے رہی ہے۔ میر سمیع اللہ خان جمالی نے خصوصی طور پر مطالبہ کیا کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ کو ملنے والے ماہانہ ایجنسی فنڈز کی بھی شفاف سے شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور یہ معلوم کیا جائے کہ یہ فنڈز کہاں، کس مد میں اور کن مقاصد کے لیے خرچ کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب میونسپل کمیٹی کو ماہانہ بنیادوں پر فنڈز فراہم کیے جاتے ہیں تو اس کے باوجود شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال اور بنیادی سہولیات کا فقدان کئی سوالات کو جنم دیتا ہے۔ متعلقہ حکام فنڈز کے اجراء، اخراجات، بلوں اور استعمال کے ریکارڈ کی مکمل جانچ پڑتال کر کے حقائق عوام کے سامنے لائیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گنداخہ میں مختص اور خرچ کیے گئے ترقیاتی فنڈز، تیرہ کروڑ روپے کی اسکیموں، ماہانہ ایجنسی فنڈز، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور میونسپل کمیٹی کی ہیوی مشینری کے استعمال کا مکمل ریکارڈ چیک کر کے غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں، تاکہ فنڈز کے درست استعمال کو یقینی بنایا جاسکے اور اگر کسی قسم کی بے ضابطگی سامنے آئے تو ذمہ داروں کا تعین کیا جاسکے۔ میر سمیع اللہ خان جمالی نے مزید کہا کہ میونسپل کمیٹی کے چیف آفیسر کو متعدد مرتبہ مسائل سے آگاہ کیا گیا، لیکن ان کے مطابق تاحال اس سلسلے میں مؤثر دلچسپی اور عملی اقدامات نظر نہیں آئے۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد سے اپیل کی کہ وہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ماہانہ ایجنسی فنڈز اور ترقیاتی اسکیموں کی مکمل چھان بین، شہر میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے اور اسٹریٹ لائٹس کی منصفانہ تنصیب یقینی بنانے کے لیے ضروری اقدامات کریں، تاکہ گنداخہ کے شہریوں کو ان کا بنیادی حق اور بلدیاتی سہولیات میسر آسکیں۔

بقیہ 11

ہے کہ مذکورہ فیصلہ فوری طور پر واپس لیا جائے اور مائنز ویلفیئر سکولوں کے اساتذہ سمیت تمام ملازمین کے روزگار، معاشی تحفظ اور پیشہ ورانہ حقوق کو یقینی بنایا جائے۔ گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے سیف اللہ خان نے کہا کہ مائنز ویلفیئر سکولوں کو محکمہ تعلیم کے حوالے کرنے کے فیصلے سے وہاں خدمات انجام دینے والے اساتذہ اور دیگر ملازمین کے مستقبل کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال پیدا ہونے کا خدشہ ہے، جس کے منفی اثرات تعلیمی نظام پر بھی مرتب ہوسکتے ہیں۔ یونائیٹڈ منرلز کمپنی ایمپلائز یونین کے صدر سیف اللہ خان نے کہا کہ کسی بھی انتظامی فیصلے سے قبل ملازمین کے حقوق، روزگار کے تحفظ اور ان کی پیشہ ورانہ خدمات کو مدنظر رکھنا ناگزیر ہے، مائنز ویلفیئر سکولوں کے اساتذہ اور دیگر ملازمین دور دراز اور پسماندہ کان کنی کے علاقوں میں انتہائی محنت، لگن اور ایمانداری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں، یہ ملازمین کان کنوں کے بچوں کو تعلیم کی روشنی سے منور کرنے اور ان کے بہتر مستقبل کی تعمیر میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، اس لیے ان کی خدمات، تجربے اور تعلیمی شعبے میں طویل جدوجہد کو نظرانداز نہیں کیا جانا چاہیے، حکومت کو چاہیے کہ وہ مائنز ویلفیئر سکولوں سے متعلق کسی بھی فیصلے میں ملازمین کے معاشی و پیشہ ورانہ مفادات، ملازمت کے تسلسل اور سماجی تحفظ کو اولین ترجیح دے تاکہ اساتذہ اور دیگر عملے کو بے یقینی اور مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ صدر یونائیٹڈ منرلز کمپنی ایمپلائز یونین نے واضح کیا کہ یونین ملازمین کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر متعلقہ فورم پر آواز بلند کرتی رہے گی اور اساتذہ و دیگر ملازمین کے معاشی اور پیشہ ورانہ مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ مائنز ویلفیئر سکولوں کے مستقبل سے متعلق فیصلے میں ملازمین کے تحفظات کو سنجیدگی سے سنا جائے اور ان کے حقوق کی ضمانت فراہم کی جائے۔

بقیہ 12

رابطوں اور علاقائی مسائل پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔ میر علی حسن زہری نے عوام کی شکایات اور مسائل توجہ سے سنے اور بعض مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی اقدامات کیے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ عوام کو درپیش مشکلات کے ازالے، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور لوگوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش جاری رکھی جائے گی۔ ان ملاقاتوں کا بنیادی مقصد عوام سے براہ راست رابطہ برقرار رکھنا، ان کی مشکلات سے آگاہی حاصل کرنا اور مسائل کے حل کے لیے مؤثر اقدامات کو آگے بڑھانا ہے۔

بقیہ 13

شرکت کی اور اداروں کی تعلیمی کارکردگی، انتظامی امور اور تدریسی سرگرمیوں سے متعلق پیش رفت سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ اجلاس میں طلبہ کی حاضری، ایسوسی ایٹ ڈگری پروگرامز، پر پیش رفت، معاوضوں سے متعلق امور اور کالجوں کی مؤثر فعالیت سمیت مختلف تعلیمی و انتظامی معاملات کا جائزہ لیا گیا اس موقع پر ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز مکران پروفیسر برکت اسماعیل نے ضلع گوادر کے کالجوں کی کارکردگی پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ موجودہ تعلیمی سیشن کے دوران طالبات کی اعلیٰ ثانوی تعلیم تک رسائی بڑھانے کے لیے تین نئے گرلز انٹر کالجز قائم کیے گئے ہیں، جن میں گورنمنٹ گرلز انٹر کالج اورماڑہ، گورنمنٹ گرلز انٹر کالج پسنی اور گورنمنٹ گرلز انٹر کالج سربندر شامل ہیں۔ یہ پیش رفت علاقے میں طالبات کے لیے تعلیمی مواقع کی توسیع کی جانب اہم پیش رفت ہے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد حسین بلوچ نے پرنسپلز کی تعلیمی بہتری کے لیے کوششوں کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ طلبہ کی باقاعدہ حاضری یقینی بنانے، تدریسی معیار بلند کرنے اور تعلیمی نتائج بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی جائے، تاکہ طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور کالجوں کی مجموعی کارکردگی میں مزید بہتری لائی جاسکے

بقیہ 14

معروف سماجی سیاسی قبائلی شخصیت ہیں ان کی طویل فلاحی خدمات کی فہرست طویل ہے انہوں نے علاقے کی تعمیر و ترقی میں قابل تحسین کردار ادا کیا انہوں نے غریب عوام خصوصاً کراچی کے قریب اباد جزائر میں ان گنت فلاحی اور سماجی کام سرانجام دیے سردار منظور احمد خان کاکڑ نے کہا ہم سردار حسین بھٹی کی اعلیٰ سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں سردار منظور احمد کاکڑ نے بلوچستان یوتھ فرنٹ کی جانب سے انہیں گولڈ میڈل پہنایا گیا جب کہ سردار حسین اسلم بھٹی نے سردار منظور احمد خان کاکڑ کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا انہوں نے یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کراچی میں اباد لوگوں کے مسائل کو بلا امتیاز اسمبلی کے فلور پر اجاگر کریں گے اور ان مسائل کو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے

بقیہ 15

سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے ہسپتال کے مختلف وارڈز، یونٹس اور او پی ڈیز کا دورہ کیا اور وہاں موجود ڈاکٹروں و طبی عملے سے ملاقات کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی بات چیت کی اور علاج معالجے کی سہولیات، درپیش مشکلات اور شکایات کے بارے میں دریافت کیا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ویکسینیشن یونٹ کا بھی معائنہ کیا اور وہاں فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری، مریضوں کو بروقت علاج کی فراہمی اور عوامی مسائل کے حل کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی، عملے کی حاضری اور ہسپتال کے انتظامی امور کو مؤثر بنانے کے لیے اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں ہسپتالوں کی کارکردگی اور عوامی شکایات کا جائزہ لیا جاتا رہے گا۔

بقیہ 16

ان کے حق خودارادیت کی حمایت کا اعادہ کیا تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول سے ہوا۔ اس موقع پر طالبات اور فیکلٹی ممبران نے تقاریر کے ذریعے مسئلہ کشمیر کی تاریخی اہمیت، کشمیری عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کو اجاگر کیا۔ کالج پرنسپل سیمن بلوچ نے اپنے خطاب میں یوم سیاہ کشمیر کی اہمیت بیان کرتے ہوئے طالبات کو مسئلہ؟ کشمیر کے حوالے سے آگاہی فراہم کی تقریب کے دوران مضمون نویسی سمیت مختلف مقابلے بھی منعقد کیے گئے، جن میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ بعدازاں پرنسپل سیمن بلوچ کی قیادت میں کالج کے احاطے میں ریلی نکالی گئی، جس کے ذریعے کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا پیغام دیا گیا اور عالمی برادری پر زور دیا گیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کرے۔

بقیہ 17

تحقیقات، ٹھوس شواہد اور قانون کے مطابق حل کیا جائے نہ کہ کسی سیاسی جماعت کو نشانہ بنانے کا تاثر پیدا کیا جائے۔ قانون کا اطلاق تمام شہریوں، اداروں اور سیاسی جماعتوں پر یکساں ہونا چاہیے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ جمعیت علماء اسلام خیبر پختونخوا کے مفتی محمود مرکز کو جاری کردہ نوٹس کے قانونی جواز اور حقائق کو واضح کیا جائے اور اگر کارروائی میں کسی قسم کی ناانصافی یا بدنیتی پائی جاتی ہے تو اسے فوری طور پر واپس لیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ جمہوری معاشرے میں سیاسی جماعتوں کو اپنے آئینی و قانونی حقوق کے مطابق سرگرمیاں جاری رکھنے کا حق حاصل ہے، اور کسی بھی ادارے کو اس حق کو متاثر کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ حافظ محمد صدیق مدنی نے جمعیت علماء اسلام کی قیادت اور کارکنوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم اس اقدام کی مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ تمام معاملات کو قانون، انصاف اور غیر جانب داری کے اصولوں کے تحت حل کیا جائے۔

بقیہ 18

کرنے سے بچے کی زندگی بچ سکتی ہے تفصیلات کے مطابق سبی و گردونواح میں مضر صحت پانی کے استعمال سے سبی سمیت گردونواح میں سینکڑوں معصوم بچے گیسٹرو کا شکار ہوکر ہسپتالوں میں پہنچ گئے دست الٹی سے بچے موت و زندگی کا شکار ہوئے ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ اسی صورت حال میں فوری طور پر تجربہ کار ڈاکٹرز سے چیک اپ سمیت پانی کو ابال کر کے پینے کے علاوہ او آر ایس کا زیادہ سے زیادہ استعمال بھی بچے کی جان کو بچنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے گیسٹرو کی وبائی اطلاعات پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے ہنگامی بنیادوں پر ڈی ایس او سمیت ڈویژنل ٹیچنگ ہیڈ کوارٹر ہسپتال سبی کے ایم ایس کو ضروری علاج معالجے کی ہدایات کی ہے۔

بقیہ 19

طور پر ڈکیتی کی واردات کرتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کے موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل لوٹ لی اور باآسانی فرار ہوگئے۔ ایان موبائل شاپ مالک کے مطابق مسلح ڈاکو دکان سے متعدد موبائل فون، جن میں آئی فون بھی شامل تھے اور جن کی مجموعی مالیت تقریباً 25 لاکھ روپے بتائی گئی ہے، 70 ہزار روپے نقد اور دکان کے باہر کھڑی موٹر سائیکل اپنے ساتھ لے گئے۔ واقعے کے بعد تاجر برادری اور پلال برادری میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے کے باعث کاروباری سرگرمیاں اور شہریوں کا تحفظ متاثر ہو رہا ہے۔ واضح رہے کہ مذکورہ واردات کے دوران بجلی کی بندش کا بھی ڈاکوؤں نے مبینہ طور پر فائدہ اٹھایا، جس سے سیکیورٹی کے انتظامات پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ استا محمد کے شہریوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیا جائے، ملزمان کو گرفتار کر کے لوٹا گیا سامان برآمد کیا جائے اور شہر میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں اور تاجروں کو تحفظ فراہم کیا جا سکے

بقیہ 20

ٹریفک کے ساتھ تعاون کریں جہاں ٹریفک کی خامی نظر آئے وہ براہ راست ٹریفک آفس میں شکایت درج کر سکتے ہیں ٹریفک کو بہتر بنانے کے لیے لائسنس کا اجراء بھی جدید تقاضوں کے مطابق جاری کریں گے غلط چالان پر متعلقہ افیسران کے خلاف کارروائی ہوگی یہ بات انہوں نے ٹریفک آفس میں ٹریفک سے متعلق شعور و آگاہی مہم سے متعلق نوجوانوں کے سیمینار اور میڈیا سے خطاب بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ آج سیمینار کا اصل مقصد عوام میں ٹریفک سے متعلق شعور پیدا کرنا ہے یہاں پر ٹریفک سے متعلق جب اکثر اوقات مسئلے پیدا ہوتے ہیں اس کی اصل وجہ ہم ٹریفک کے قوانین سے ناواقف ہے باہر ممالک میں اگر کوئی شخص نو پارکنگ کی خلاف ورزی کریں تو ہمارے پاکستانی لاکھوں روپے جرمانہ ہوتے ہیں یہی وجہ ہے کہ کوئی بھی شخص نہ تو ٹریفک کی خلاف ورزی کرتے ہیں اور نہ ہی ٹریفک والوں کے ساتھ الجھن ہوتی ہے بلکہ ٹریفک والوں کے ساتھ تعاون بھی کرتے ہیں لیکن ہمارے ہاں اگر کسی شخص کو ٹریفک کی خلاف ورزی یا نو پارکنگ میں اپنی گاڑی کھڑی کرتے ہیں اور ٹریفک والے سارجنٹ یا سپاہی ان کو دو ہزار جرمانہ کرتے ہیں تو وہ واویلا حتی کہ نوبت لڑائی کی پہنچتی ہے لیکن ہمارے ہاں ایسی پالیسی ہے کہ ہم سب سے پہلے وزیر اعلیٰ بلوچستان اور آئی جی پولیس کے ٹریفک اصلاحات اور جدید تقاضوں کے مطابق عوام میں شعور پیدا کرے گی اور اس کے بعد آہستہ آہستہ اگر کوئی ٹریفک کی خلاف ورزی کریگی تو اس کو جرمانہ بھی کرے گا عوام اس سلسلے میں ٹریفک والوں کے ساتھ تعاون کریں کیونکہ ہمارے ٹریفک نفری کی بھی کمی ہے لیکن پورے کوئٹہ شہر کو کنٹرول کیا ہے اور مزید بھی اس حوالے وہ اقدامات کریں جو عوام اور ٹریفک کے مفاد میں ہوں۔

بقیہ 21

شمار کے مطابق صوبے کے مختلف شہروں میں کم سے کم درجہ حرارت مندرجہ ذیل ریکارڈ کیا گیا: شمالی و پہاڑی اضلاع میں زیارت 3C، قلات 4C، کوئٹہ 6C، چمن 9C اور ژوب 11C۔ ساحلی علاقے میں گوادر 20C اور جیوانی 22C اور دیگر اضلاع میں نوکنڈی 19C، سبی 21C اور تربت 21C۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ان اضلاع میں بالخصوص شمالی علاقوں کے رہائشی صبح اور رات کے وقت ٹھنڈی ہوائیں چلنے کے باعث بدلتے ہوئے موسم سے محتاط رہیں۔

بقیہ 22

سامنا ہے، لیکن عوامی مسائل کے حل کے لیے کوئی مؤثر اقدامات دکھائی نہیں دے رہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں سردار اورنگ شاہ خلجی نے کہا کہ پشتون باغ، انڈر کالونی سمیت حلقہ پی بی 53 کے مختلف علاقوں میں بنیادی سہولیات کی صورتحال تشویشناک ہے۔ کئی علاقوں کے مکین پانی کی قلت، بجلی کی مشکلات اور گیس کی عدم دستیابی سے پریشان ہیں، جبکہ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جس سے آمدورفت اور معمولات زندگی متاثر ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے اپنے مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے منتخب نمائندوں سے امیدیں وابستہ کر رکھی ہیں

بقیہ 23

معروف سماجی سیاسی قبائلی شخصیت ہیں ان کی طویل فلاحی خدمات کی فہرست طویل ہے انہوں نے علاقے کی تعمیر و ترقی میں قابل تحسین کردار ادا کیا انہوں نے غریب عوام خصوصاً کراچی کے قریب اباد جزائر میں ان گنت فلاحی اور سماجی کام سرانجام دیے سردار منظور احمد خان کاکڑ نے کہا ہم سردار حسین بھٹی کی اعلیٰ سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان کی اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں سردار منظور احمد کاکڑ نے بلوچستان یوتھ فرنٹ کی جانب سے انہیں گولڈ میڈل پہنایا گیا جب کہ سردار حسین اسلم بھٹی نے سردار منظور احمد خان کاکڑ کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا انہوں نے یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کراچی میں اباد لوگوں کے مسائل کو بلا امتیاز اسمبلی کے فلور پر اجاگر کریں گے اور ان مسائل کو حل کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے

بقیہ 24

کر کے عوام دوستی کا ثبوت دے رہا ہے اور سریاب تحصیل آفس کی ریونیو میں بھی اضافہ ہو رہا ہے مہتاب مری کی اقدامات کی بدولت اور شفافیت کی وجہ سے سریاب کے علاقوں میں تجارت اور کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہو رہا ہے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہو رہے ہیں یہ تمام کریڈیٹ مہتاب مری کو جاتا ہے۔

بقیہ 25

بلوچستان حکومت کی طرف سے انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (آئی ایل او) کے تعاون سے "بلوچستان لیبر کوڈ" کی آڑ میں مزدوروں پر ٹھیکیداری نظام مسلط کرنے کی کوشش کر رہی ہے، لیبر کوڈ نافذ ہونے سے پاکستان میں ٹریڈ یونین کا خاتمہ ہو جائے گا، اس لیے ہم لیبر کوڈ کو مسترد کرتے ہیں جبکہ محنت کشوں کے حقیقی نمائندوں سے مشاورت کے بغیر اگر موجودہ لیبر قوانین میں تبدیلی کی کوشش کی گئی تو بلوچستان سمیت ملک بھر میں احتجاجی تحریک چلائیں گے۔

بقیہ 26

غاصبانہ تسلط کے خلاف آواز بلند کرنا تھا۔ سیمینار کی قیادت ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین نے کی۔ تقریب میں پولیس و سویلین انتظامیہ اور محکمہ تعلیم کی اعلیٰ شخصیات نے شرکت کی حاضرین میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (DEO) غلام حیدر ترین، ہیڈ ماسٹر شمس الدین، اسسٹنٹ کمشنر ہرنائی اسرار احمد، ڈی ایس پی غلام محمد کھوسہ، ایس ایچ او سٹی محمد عمر رند، ایس ایچ او ڈیلکونہ ملک حبیب اللہ ترین، اور ایس ایچ او صدر سید کامل شاہ نمایاں تھے۔ ان کے علاوہ علاقائی معززین، اساتذہ کرام اور اسکول کے طلبہ کی ایک بڑی تعداد نے تقریب میں شرکت کر کے کشمیریوں سے محبت کا عملی ثبوت دیا۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے 27 اکتوبر کے دن کی تاریخی اہمیت اور مسئلہ کشمیر کے پس منظر پر تفصیلی روشنی ڈالی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد سلیم ترین اور دیگر مقررین کا کہنا تھا کہ 27 اکتوبر 1947 تاریخ کا وہ سیاہ ترین دن ہے جب بھارتی افواج نے تمام تر بین الاقوامی قوانین اور انسانی اقدار کو پامال کرتے ہوئے وادی کشمیر میں قدم رکھا۔ اس غاصبانہ اقدام کے نتیجے میں پاکستان اور بھارت کے درمیان پہلی جنگ چھڑ گئی اور تب سے لے کر آج تک مسئلہ کشمیر دونوں ممالک کے درمیان ایک دیرینہ اور خونچکاں تنازع کی شکل اختیار کیے ہوئے ہے۔؟ مقررین نے مزید کہا کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں اس دن کو ہر سال "یوم سیاہ" کے طور پر منانے کا مقصد عالمی برادری اور اقوام متحدہ کی توجہ مقبوضہ وادی میں جاری بھارتی مظالم کی جانب مبذول کروانا اور کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی حمایت کا اعادہ کرنا ہے۔؟ سیمینار کے دوران اسکول کے طلبہ نے بھی کشمیریوں سے یکجہتی کے لیے ملی نغمے اور تقاریر پیش کیں۔ تقریب کے اختتام پر مقبوضہ کشمیر کی آزادی، شہدائے کشمیر کے درجات کی بلندی اور ملک و قوم کی سلامتی و استحکام کے لیے خصوصی اجتماعی دعا کی گئی۔

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے رکن صوبائی اسمبلی نوابزادہ میر ظفر اللہ زہری کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

نصیرآباد، سپرنٹنڈنٹ انجینئر مدثر کھوسہ کو ایکسین شمس الملک بادینی پٹ فیڈر کینال کے حوالے سے آگاہی فراہم کر رہے ہیں

جماعت اسلامی کے جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ و دیگر ذمہ داران پریس کانفرنس کر رہے ہیں

اسلامک ریلیف کے زیر اہتمام دالبندین میں جنسی و تولیدی صحت کے حقوق کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد

راولپنڈی ملک بشیر احمد ڈپٹی رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز راولپنڈی چارج سنبھالنے پر رانا امجد علی خان ڈائریکٹر پاکستان انٹرنیشنل ہومن رائٹس موومنٹ، چوہدری ظفر گوندل کوارڈینیٹر ٹو ایگزیکٹو ڈائریکٹر پاکستان انٹرنیشنل ایئر ہومن رائٹس، سید ذوالقرنین سکندر ڈسٹرکٹ وائس پریزیڈنٹ سرگودھا ڈویژن، طارق مہناس کوارڈینیٹر ڈائریکٹر پاکستان انٹرنیشنل ہومن رائٹس موومنٹ، مقصود احمد سرکل رجسٹرار کوآپریٹو چکوال گلدستہ پیش کر رہے ہیں

سردار منظور احمد خان کاکڑ سردار حسین بھٹی سے ملاقات کر رہے ہیں

مستونگ کے انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد یاسر ہنگلوئی نے ایشین اور ورلڈ برونز میڈلز جیت لیے

محمد یاسر ہنگلوئی کی کامیابی مستونگ کیلئے اعزاز ہے حاجی قادر بخش ہنگلوئی کی مبارکباد

مستونگ (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ مستونگ ویٹ لفٹنگ ایسوسی ایشن کے صدر حاجی قادر بخش ہنگلوئی نے مستونگ سے تعلق رکھنے والے انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد یاسر ہنگلوئی کو دوسری ایشین اینڈ ورلڈ ماسٹر ویٹ لفٹنگ چیمپئن شپ اور گرینڈ پرکس 2026 میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایشین اور ورلڈ برونز میڈلز جیتنے پر مبارکباد پیش کی ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ اس بین الاقوامی ویٹ لفٹنگ مقابلے میں محمد یاسر ہنگلوئی کی کامیابی مستونگ کے لیے اعزاز ہے۔ ان کی اس نمایاں کامیابی سے نہ صرف مستونگ بلکہ پورے بلوچستان کا نام بھی روشن ہوا ہے۔ حاجی قادر بخش ہنگلوئی نے محمد یاسر ہنگلوئی کی کامیابی کو ان کی محنت، عزم، مستقل مزاجی اور کھیلوں سے وابستگی کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر ایسے اعزازات حاصل کرنا قابل فخر ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ محمد یاسر ہنگلوئی مستقبل میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منواتے ہوئے مزید کامیابیاں حاصل کریں گے۔ محمد یاسر ہنگلوئی کی اس کامیابی پر اہل مستونگ اور کھیلوں سے وابستہ حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے۔ ان کی کامیابی نوجوان کھلاڑیوں کے لیے ایک مثال ہے کہ محنت، لگن اور حوصلے کے ذریعے بین الاقوامی سطح پر ملک و قوم کا نام روشن کیا جاسکتا ہے

نصیرآباد، ریجنل ڈائریکٹر محتسب علی رضا مگسی کھلی کچہری کے بعد صحافیوں سے گفتگو کر رہے ہیں

تربت، محکمہ تعلیم ضلع کیچ کے افسران سائنسی پروجیکٹ پیش کرنے پر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول چاہ سر کے طلباء کی ستائش کر رہے ہیں

لورالائی، پولیس تھانہ پنجن کی کارروائی منشیات کی تیاری میں استعمال ہونے والے 600 گلوگرام اومان بوٹی برآمد کر کے دو ملزمان گرفتار اور دو گاڑیاں قبضے میں لے لی گئیں

TENDER NOTICE

Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Buildings) C W P P & H department District Killa Abdullah invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2500 PKR and bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	**Construction & Rehabilitation of offices at tehsil level office residences PSDP # 140 Z2026.0602** Construction of Assistant Commissioner office & residence at tehsil Gulistan District Killa Abdullah. **TSE-2627101215863**	46,389,364

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least for RS:32,472,554 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-5 and above (Upto 65 million)In Relevant Category and Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . Affidavit confirming no conflict, no current blacklisting/debarment, major litigation, non-performance in last 5 years, or failure to sign contract. Any prior blacklisting/debarment and restoration must be disclosed with details and proof Bidder must have completed at least 3 similar projects in the last 5 years. Each project must have at least 80% similar work and cost at least 50% of the estimated cost. Maintenance, restoration, rehabilitation and subcontracted works are not accepted. CDR and Green Challan must mentioned Tender TSE on both documents **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **13 November, 2026** till **09:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **10:00 AM on EPPS System Address:** Jangal Pir Alizai Road Killa Abdullah **Phone no:** 0826920040

Email: executiveengrbldgkillabdullah@gmail.com

Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department, District Killa Abdullah

DPRQ/PRQ No.2133/29-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627101216473 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 3000 PKR and bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	PROVISION OF HOME SOLAR AT QUETTA	30,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 21,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm PEC Category Code is C-5 and above (Upto 65 million) and Specialized Code is EE11(ii) (Solar Energy),EE11(iii) (Solar Energy system),EE11(iv) (General Operational Works only),EE11(vi) (General Electrical Works Only),EE11(vi) (Solar Installation), The bidders must have successfully undertaken/completed at least two (03) projects of Home Solar System projects in single component each at least 60% of the estimated cost, in the last 3 years in any Govt sector All bidders shall submit the contract agreements of the all similar nature works The bidders must have successfully completed at least two (02) projects of Solar street light each at least 60% of the estimated cost, in the last 3 years in any Govt sector The bidder shall submit a Power of Attorney Rs.100/- judicial stamp paper, mentioning the name of work and TSE No. In case of the owner, a self-authorization undertaking on stamp paper shall be provided, duly attested by 1st class magistrate The bidders are required to provide CDR or B/Gurantee and Green challan and BPPRA Deposit slip The bidder shall submit valid Rs.100/- affidavit declaring no conflict of interest, blacklisting, major litigation, nonperformance, or failure to sign any contract in last five years, dyly attested by oath commissioner. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 13 November, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System Address: Executive Engineer UPDD Quetta Division New Zarghoon Road Phone no: 0819211904

Fax no: 0819211904Email: ghaffar.nasar9@gmail.com

EXECUTIVE ENGINEER URBAN PLANNING & DEV: DEPARTMENT QUETTA DIVISION QUETTA

DPRQ/PRQ No.2127/29-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-2627101216903 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings Zhob invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of Tehsildar Office and Tehsildar Residence of Proposed Subdivision at Murgha Kibzai, Zhob District	40,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 28,000,000 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm 3 Similar assignments must be 70% of the total amount of bid cost .Completed in last three years CDR 3% Of Estimated Cost from Shaduled Bank of pakistan & Green challan of amounting RS.1500 The bidder shall submit a Power of Attorney Rs.100/- judicial stamp paper, mentioning the name of work and TSE No., duly attested by the oath commissioner. In case of the owner, a self-authorization undertaking on stamp paper shall be provided. PEC Category Code is C-5 and above (Upto 65 million) 2026-27 **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 12 November, 2026till 11:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 12:00 PM on EPPS System Address: District Zhob Phone no: 3013763038 Email: farooqtareen2018@gmail.com

Executive Engineer (Buildings) CWPP&H Department, District Zhob

DPRQ/PRQ No.2136/29-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 14

بعد رواں سال 80 کھرب ادائیگیوں کا تخمینہ ہے۔ قرضوں کی بڑھتی ادائیگیوں کا بوجھ ملکی مالیاتی نظام کیلئے سنگین خطرہ ہےاوراندرونی وبیرونی سود ہر سال ملک کی ٹیکس اور غیر ٹیکس آمدن کا بڑا حصہ کھا جاتا ہے سال 31-2030 میں سود 100 کھرب روپے ہونے کا امکان ہے، قرض ادائیگیوں کے بعد وفاق کے پاس صرف 30 کھرب بچے ہیں صوبوں سے خسارہ کم کرنے کی کوشش، پاکستان کے اندرونی اور بیرونی قرضوں پر سود کی ادائیگیوں کا حجم درمیانی مدت میں بھی بلند رہنے کا امکان ہے۔جس کے باعث قومی وسائل کا ایک بڑا حصہ قرضوں کے سود کی ادائیگی پر خرچ ہوتا رہے گا ۔ قرضوں پر سود کی ادائیگیاں بیک وقت دفاعی اور ترقیاتی اخراجات سے بھی بڑھ چکی ہیں جب کہ سودی ادائیگیوں میں اضافے کی ایک وجہ قرضوں کے مجموعی حجم میں اضافہ ہے۔

بقیہ 15

کرنے میں ناکام دکھائی دے رہا ہے، جبکہ اپوزیشن اور عرب جماعتوں کی نشستیں نئی حکومت کی تشکیل میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔انتخابی نتائج کے مطابق 120 رکنی اسرائیلی پارلیمان میں نیتن یاہو کے اتحاد کو 53 نشستیں ملنے کا امکان ہے، جبکہ اپوزیشن اتحاد 48 نشستیں حاصل کر سکتا ہے۔ عرب جماعتوں کے اتحاد قائمۃ المشترکہ کو 12 اور قائمہ العربیہ کو 7 نشستیں ملنے کی توقع ہے۔ اس طرح عرب جماعتوں کی ممکنہ مجموعی 19 نشستیں حکومت سازی کے لیے اہم بن سکتی ہیں، اگرچہ دونوں بڑے سیاسی اتحاد انہیں اپنی مخلوط حکومت میں شامل کرنے کے حامی نہیں ہیں۔نیتن یاہو کی لیکود پارٹی 26 نشستوں کے ساتھ سب سے بڑی جماعت بن کر ابھری ہے، تاہم ان کے سخت گیر اتحادی اتمار بن گویر اور بیزلیل سموٹرچ کی جماعتوں کو نقصان اٹھانا پڑا ہے۔ گزشتہ پارلیمان میں دونوں جماعتوں کے پاس مجموعی طور پر 20 نشستیں تھیں، جو اب کم ہو کر 13 رہ جانے کا امکان ہے۔ دونوں رہنما غزہ میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں کی بھرپور حمایت کرتے رہے ہیں۔

بقیہ 16

پارلیمنٹ کے اختیارات اور عدلیہ کی آزادی سلب ہو کر رہ گئی ہے قائد جمعیت نے پارلیمنٹ میں جس طرح جمہوریت کے دفاع کیلئے آواز بلند کی پورے ملک کی عوام ان کو خراج تحسین جبکہ حکومتی ارکان خاص کر وزیر دفاع خوجہ اپنی شرمندگی بچانے بے بنیاد الزامات لگاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عدلیہ کے دائرہ اختیار میں انتظامی مداخلت کے باعث ججوں کے استعفوں کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ملک میں جاری موجودہ سیاسی کشمکش، پارلیمانی اقدار کی پامالی اور عدلیہ و دیگر ریاستی امور میں مبینہ غیر آئینی مداخلت سے ریاست مزید سنگین بحرانوں میں دھنس جائے گی۔انہوں نے کہا کہ حکمرانوں نے اقتدار کی خاطر غیر جمہوری اور غیر آئینی عمل کو سیاست میں مداخلت کے لیے راستہ فراہم کیا ہے۔ آئین کی روح کو سلب کیے جانے پر تمام سیاسی جماعتوں اور عدلیہ کا کڑا امتحان ہے۔ اس وقت ریاست کا ڈھانچہ چلانے والے بنیادی ستون آئین، قانون، پارلیمنٹ اور جمہوریت عملی طور پر معطل ہو چکے ہیں۔

بقیہ 17

الیکشن سے ملاقات اور کیس کی جامع تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن کے قیام کی حمایت کی ہے۔ جمعرات کو ملاقات میں آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ حنا جاوید کے اہلخانہ کا مطالبہ ہے کہ جامع تحقیقات کیلئے عدالتی کمیشن قائم کیا جائے، امید ہے اہلخانہ کے مطالبے پر سنجیدگی سے غور ہوگا اور مقدمے کے تمام پہلوؤں کی منصفانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں گی۔

بقیہ 18

لیے وزیراعظم آفس کو سمری ارسال کر دی ہے، جس میں گریڈ 20 سے 22 تک کے اعلیٰ سرکاری افسران کے خلاف بھی کارروائی کا اختیار مانگا گیا ہے۔ حکام اسٹیبلشمنٹ ڈویژن کے مطابق وزیراعظم کی منظوری کے بعد ڈیکلیریشن جمع نہ کرانے والے افسران کو شوکاز نوٹس جاری کیے جائیں گے۔ زیر غور ممکنہ کارروائیوں میں ترقی روکنے، لازمی ریٹائرمنٹ اور ملازمت سے برطرفی جیسے اقدامات شامل ہیں۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق مجموعی طور پر 2,917 سرکاری افسران میں سے 62.5 فیصد نے اب تک دوہری شہریت سے متعلق حلف نامہ جمع نہیں کرایا۔ دوسری جانب ڈیکلیریشن جمع کرانے والے افسران میں سے صرف 8.68 فیصد نے غیر ملکی شہریت ظاہر کی ہے۔ ذرائع کے مطابق دوہری شہریت سے متعلق ڈیکلیریشن جمع نہ کرانے والوں میں گریڈ 20، 21 اور 22 کے افسران بھی شامل ہیں۔

بقیہ 19

کہ ہم مولانا فضل الرحمان کے ساتھ اتحاد چاہ رہے تھے وہ ہمارے ساتھ نہیں آئے، مولانا فضل الرحمان اور ہماری اپنی اپنی جماعت ہے، مولانا فضل الرحمان کی اپنی سیاست ہے اور ہماری اپنی ہے، عوامی مسائل پر پارلیمنٹ کے اندر ہم متحد ہیں۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ جہاں تک وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا تعلق ہے تو سہیل آفریدی ہمارے وزیراعلیٰ ہیں، یہ فیصلہ بانی پی ٹی آئی کا ہے، سہیل افریدی ہی وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا رہیں گے۔ سہیل آفریدی کو بانی پی ٹی آئی کا اعتماد حاصل ہے، پی ٹی آئی اراکین وزیراعلیٰ کے عہدے کے لیے کسی بھی نامزدگی سے متعلق کوئی اجلاس نہ بلائیں، اس معاملے سے متعلق کوئی ایجنڈا یا کسی بحث ومباحثے میں حصہ لینے سے گریز کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی کے علاوہ کسی کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ وزیراعلیٰ کے عہدے کیلئے کسی متبادل امیدوار کو نامزد کرے، بانی پی ٹی آئی کے فیصلے حتمی ہیں، پارٹی کے تمام اراکین ان کے پابند ہیں۔

بقیہ 20

کہ حکومت ہمیشہ سے وکلاء برادری کو اصلاحات کے عمل میں اہم شراکت دار تصور کرتی ہے اور کرتی رہے گی۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم شہباز شریف نے انڈیپنڈنٹ گروپ کی قیادت اعظم نذیر تارڑ اور احسن بھون کو خصوصی مبارکباد دی۔ وزیرِ اعظم نے نو منتخب صدر سید امجد شاہ اور دیگر عہدیداران کو مبارکباد، مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ شاندار فتح وکلاء کے حکومتی پالیسیوں پر اعتماد اور قانون و انصاف کے حوالے سے حکومتی موقف کی حمایت کا مظہر ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ اس فتح نے یہ ثابت کر دیا کہ وکلاء برادری حکومتی آئینی و قانونی اصلاحات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت ہمیشہ سے وکلاء برادری کو اصلاحات کے عمل میں اہم شراکت دار تصور کرتی ہے اور کرتی رہے گی۔

بقیہ 21

ڈالر کی ادائیگی واجب الادا ہے ۔تفصیلات کے مطابق اویس لغاری کا کہنا تھا کہ ایران سے 4 سرحدی ٹرانسمیشن لائنوں کے ذریعے پاکستان بجلی ملتی ہے، ایران سے گوادر، تربت، پنجگور، تمپ، جیوانی، پسنی اور مکران کو بجلی دی جاتی ہے، ایران کو بجلی کے عوض 12 ملین ڈالر کی ادائیگی واجب الادا ہے، ایران سے درآمد کی جانے والی بجلی کے نرخ نیپرا سے منظور شدہ ہیں۔ وزیر توانائی کا کہنا تھا کہ بجلی کی ادائیگی کی ذمہ داری سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی کی ہے، ایران سے بجلی حاصل کرنے والے علاقوں کے صارفین بل ادا کرنے کے پابند ہیں، ایرانی بجلی کے بلوں کی وصولی کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی کرتی ہے، بلوچستان کے ان علاقوں میں نقصانات کی بنیاد پر لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے، 4 انٹرکنکشن لائنوں کے ذریعے زیادہ سے زیادہ 204 میگاواٹ بجلی لی جاسکتی ہے

بقیہ 22

معاشی استحکام کی بحالی کے لیے پیش رفت جاری ہے، زرمبادلہ کے ذخائر اور مہنگائی کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ عالمی کریڈٹ ریٹنگ اداروں نے پاکستان کی درجہ بندی بہتر کی، پاکستان نے عالمی سرمایہ منڈیوں میں دوبارہ رسائی حاصل کر لی ہے، پاکستان نے حال ہی میں 3 ارب ڈالر کے یورو بانڈز بھی جاری کیے، پاکستان میں سرمایہ کاروں کا اعتماد مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ اعلامیے کے مطابق ملاقات میں پاکستان کی چین کی سرمایہ منڈی تک رسائی کے لیے کوششوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، دونوں ملکوں کے درمیان زراعت، معدنیات اور کان کنی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر غور کیا گیا۔ پاکستان کو علاقائی تجارت اور راہداری کا اہم مرکز بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ 23

ٹی آئی کو مشورہ ہے کہ آگے سیاسی طور پر سنبھل کر چلے، پی ٹی آئی کی قیادت فیصلہ کرتی تھی اور سہیل آفریدی ویٹو کر دیتے تھے، اگر اب بھی کہہ رہے ہیں کہ سہیل آفریدی پر اعتماد ہے تو مطلب ہے کہ یہ مزید بھٹکیں گے۔

بقیہ 24

ہوئے بلاول بھٹو نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ہم سب ملک کر پارلیمان کو فعال بنائیں، پارلیمان طاقتور ہے تو ہم سب طاقتور ہیں، مانتا ہوں حکومت اور حکومتی بنچز کی ذمہ داری ہے، حکومت اور حکومتی بنچز کو ذمہ داری پورا کرنی چاہئے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ اپوزیشن کا بھی کچھ کردار ہے، جو اسے ادا کرنا پڑے گا، پارلیمان کو غیر فعال رکھنے کے خواہشمندوں کا مقصد پورا ہو چکا، یہ مقصد پورا کرنے میں اپوزیشن کا کردار ہے، مبارک باد دیتا ہوں، اپنی اپنی جماعت کی نمائندگی کرنا بھی آپ کی ذمہ داری ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ درخواست ہوگی کہ اپوزیشن ارکان قائمہ کمیٹیوں میں واپس آئیں، الیکشن اصلاحات کمیٹی کی حد تک اپوزیشن لیڈر اپنا اختیار استعمال کریں، اپوزیشن کی جانب سے اپنے نام اسپیکر کے دفتر میں جمع کرا دیں، کیا یہ چاہتے ہیں کہ اگلے الیکشن میں دھاندلی کا شور پھر اٹھے، پی ٹی آئی ارکان کمیٹی میں شامل ہوں تو پارلیمان کو طاقت دلوا سکتے ہیں۔

بقیہ 25

فریم ورک، جامع پالیسی اور ڈیجیٹل تعلیم کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جعلی خبروں اور سائبر حملوں سے نمٹنے کے لیے اسکولوں، کالجوں اور جامعات میں ڈیجیٹل آگاہی کو نصاب کا حصہ بنایا جائے اور بچوں کو سائبر خطرات سے محفوظ رہنے کی تربیت دی جائے۔ سائبر سیکیورٹی آگاہی ویک سیمینار کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ ٹیکنالوجی تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے، اس لیے سائبر سیکیورٹی اور سوشل میڈیا سے متعلق آگاہی کے لیے مسلسل اقدامات کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس مقصد کے لیے تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت، مختلف تربیتی پروگراموں کا انعقاد اور سائبر حملوں سے بچاؤ کی معلومات ہر شہری تک پہنچانا ضروری ہے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ نوجوان نسل، بالخصوص جنریشن زی، کو بھی اس قومی کوشش کا حصہ بنانا ہوگا تاکہ مستقبل کے معماروں کو ڈیجیٹل دنیا میں درپیش خطرات سے محفوظ بنایا جاسکے

بقیہ 26

وزیراعظم شہباز شریف انتخابی اصلاحات کے معاملے پر اپوزیشن کے ساتھ مذاکرات کیلئے آمادہ ہو گئے ہیں اور انتخابی اصلاحات پر اپوزیشن کو پارلیمانی کمیٹی میں شامل کرنے کی ہدایت بھی کر دی ہے ۔ 20 رکنی پارلیمانی کمیٹی انتخابی اصلاحات میں اپوزیشن کے پانچ ارکان شامل کئے جائیں گے، وزیراعظم نے اپوزیشن سے پارلیمانی کمیٹی کیلئے ارکان کے نام طلب کرنے کی ہدایت کر دی، اسپیکر قومی اسمبلی اپوزیشن کو پارلیمانی کمیٹی میں شمولیت کی دعوت دینے کیلئے خط لکھیں گے، سپیکر کے خط کے ذریعے اپوزیشن سے کمیٹی کیلئے 5 ارکان کے نام مانگے جائیں گے۔

بقیہ 27

بہنیں اس لیے جیل میں ہیں کیونکہ وہ اسلام آباد پر چڑھائی کرنا اور انتشار پھیلانا چاہتی تھیں۔ سینیٹ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ کے سامنے تمام معاملات رکھے گئے ہیں، جیل میں دی جانے والی تمام سہولیات کا بھی سپریم کورٹ میں خود انکے وکیل نے بتایا۔ انہوں نے کہا کہ جو رپورٹ سپریم کورٹ اور انکو دی گئی تھی اس میں کوئی فرق نہیں تھا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کل نورین نیازی کی طبیعت خراب ہوئی تو انہیں فوری طور پر اسپتال منتقل کیا گیا۔

بقیہ 28

گزشتہ روز کی تقریر پر جواب دیتے ہوئے کہا کہ تہران میں کوئی دفاعی معاہدہ نہیں ہو رہا تھا اور نہ ہی وہاں پاکستان کے دفاع کی بات ہو رہی تھی، تہران میں جو کچھ ہو رہا تھا وہ وزارت دفاع کا مینڈیٹ نہیں تھا، وہاں میری موجودگی کی ضرورت نہیں تھی تاہم حالیہ دونوں دفاع کے معاہدوں میں بطور وزیر دفاع شریک تھا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل وہاں صلح کرانے گئے تھے، وہ صلح کے پیامبر بن کر تہران پہنچے، انہوں نے ایک جنگ رکوائی ہے، یمن کا تنازع بگڑ سکتا تھا، بین الاقوامی سطح پر پاکستان اور فیلڈ مارشل کے کردار کا اعتراف کرنا بنتا ہے، فیلڈ مارشل کا کردار امن کی کوششوں کو آگے بڑھانا ہے

بقیہ 29

ہلاک ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق بولیدہ کے علاقے بیناز میں دہشتگردوں نے 2 خواتین کو اپنے ہمراہ لے جاتے ہوئے ناکہ بندی کی کوشش کی۔ اس دوران سیکیورٹی فورسز نے فرار ہونے والے دہشتگردوں کا تعاقب کیا، جس میں فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک دہشتگرد ہلاک ہوگیا۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بولیدہ کے علاقے بیناز میں فتنہ الہندوستان کے ہلاک دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ فورسز کی جانب سے علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں بدستور جاری ہیں، جو آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔

بقیہ 30

سیکیورٹی کے شعبوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے چائنا جائیں گے۔ دوسری بڑی خوشخبری یہ ہے کہ بیوٹمز ژوب کیمپس کے 14 طلبہ نے پبلک سروس کمیشن کے مقابلے کے امتحان میں نمایاں نمبروں کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہے۔ یہ نتائج اس حقیقت کی عکاسی کرتے ہیں کہ اگر نوجوانوں کو معیاری تعلیم، بہتر مواقع اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے تو وہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکتے ہیں۔ یہ کیمپس کی کامیابیوں کے نئے ریکارڈ اور باصلاحیت طلبہ کی قابلیت کا شاندار اعتراف ہے۔ انہوں نے پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام لودھی اور ان کی پوری ٹیم کو خراج تحسین کے مستحق قرار دیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بیوٹمز یونیورسٹی ژوب کیمپس کے فیکلٹی ممبرز اور اسٹوڈنٹس سے انٹرایکشن کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 31

اظہار جمعرات کو اسلام آباد میں ماہانہ ترقیاتی اپ ڈیٹ اکتوبر 2026 پیش کرتے ہوئے کیا جس میں مالی سال 27-2026 کی پہلی سہ ماہی کے دوران ملک کی معاشی اور ترقیاتی کارکردگی کا جائزہ پیش کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران اشیا کی برآمدات 7.7 فیصد اضافے کے ساتھ 8.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جبکہ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ حجم 7.9 ارب ڈالر تھا۔ اشیا اور خدمات کی مجموعی برآمدات 11 فیصد اضافے سے 11.2 ارب ڈالر ہو گئیں جس میں خدمات کی برآمدات میں 22.8 فیصد اضافہ نمایاں رہا۔ آئی سی ٹی برآمدات 1.2 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جبکہ غذائی اشیا کی برآمدات میں 17.1 فیصد، پٹرولیم مصنوعات میں 44.5 فیصد، انجینئرنگ مصنوعات میں 4.9 فیصد اور ٹیکسٹائل میں 2.5 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ سمندر پار پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں بھی نمایاں اضافہ ہوا اور جولائی تا ستمبر کے دوران یہ 14 فیصد بڑھ کر 10.9 ارب ڈالر ہو گئیں جبکہ گزشتہ سال اسی مدت میں یہ 9.5 ارب ڈالر تھیں۔

بقیہ 32

کے علاقے بیناز، بولیدہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الہندوستان سے تعلق رکھنے والا ایک دہشت گرد ہلاک کر دیا گیا۔ شاہد رند نے کہا کہ آپریشن کے دوران ہلاک ہونے والے دہشت گرد کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد ہوا ہے، جو دہشت گردوں کی سرگرمیوں کے خلاف اہم پیش رفت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشت گردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشنز جاری ہیں۔ معاون وزیراعلیٰ برائے اطلاعات وسیاسی امور نے کہا کہ بلوچستان میں امن وامان کے قیام اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی اور آخری دہشت گرد کے خاتمے تک اس عزم میں کوئی کمی نہیں آنے دی جائے گی۔

بقیہ 33

کرنے کی ہدایت بھی کردی، کہا ایئرپورٹس توسیعی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ توسیعی منصوبوں کو بین الاقوامی تقاضوں کے مطابق مکمل کیا جائے، مسافروں کی سفری سہولیات کو بہترین بنانے کیلئے اصلاحات کی تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن یقینی بنانے کی ہدایت بھی کردی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایئرپورٹس پر سفری سہولیات بہتر بنانے کیلئے بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی خدمات لی جائیں، بہترین کیٹررز کی خدمات لی جائیں، کھانے پینے کی معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا۔

بقیہ 34

ترک عوام کے عزم، بہادری اور ناقابلِ تسخیر جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اخوت و بھائی چارے کا ایک منفرد اور مضبوط رشتہ قائم ہے، جس کی بنیاد مشترکہ تاریخ، باہمی اعتماد اور غیر متزلزل یکجہتی پر استوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی وقت گزرنے کے ساتھ مزید وسعت اور مضبوطی اختیار کر رہی ہے۔ یہ تعلقات سرحدوں اور نسلوں کی حدود سے بالاتر ہیں، جبکہ مشترکہ اقدار اور باہمی امنگیں اس رشتے کو مزید مستحکم بناتی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ اس تاریخی موقع پر پاکستان ترک عوام کی خوشیوں میں شریک ہے۔ انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ پاکستان اور ترکیہ خطے سمیت عالمی سطح پر امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے مل کر اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 35

لے جانے والی پک اپ گاڑی حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں تین بچیاں جاں بحق ہوگئیں۔ جن میں جاں بحق ہونے والی بچیوں کی شناخت بی بی نبیلہ، بی بی زاہدہ اور بی بی عظمیٰ کے ناموں سے ہوئی ہے۔ حادثے میں 20 افراد زخمی بھی ہوئے جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں زخمیوں میں سے 7 کو کوئٹہ ریفر کر دیا گیا ہے، جن میں سے 2 کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے حادثے کی اطلاع ملنے پر جاں بحق بچیوں اور زخمیوں کو فوری طور پر اسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی۔ زخمیوں میں سے دو افراد کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث انہیں مزید علاج کے لیے لورالائی منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 36

ہوا، جس میں ملک کے جاری سفارتی روابط، اہم خارجہ پالیسی امور اور علاقائی و عالمی صورتحال میں ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کے دوران پاکستان کے دوطرفہ اور کثیرالجہتی سفارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی کوششوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس کے علاوہ آئندہ اعلیٰ سطحی سفارتی روابط اور اہم ملاقاتوں کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی، جبکہ خارجہ پالیسی کے مختلف معاملات پر پیش رفت کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے کہا کہ قومی مفادات کے فروغ اور تحفظ کے لیے مسلسل سفارتی رابطے نہایت اہم ہیں۔

بقیہ 37

ایوانِ بالا کے اجلاس میں پیش کی، جس کی منظوری کے بعد چیئرمین سینیٹ کو کمیٹی کے ارکان نامزد کرنے کا اختیار دے دیا گیا ہے۔ سینیٹ اجلاس کے دوران انتخابی اصلاحات کے معاملے پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے مختلف رہنماؤں نے اصلاحات کی تیاری کے ساتھ ساتھ ان پر مؤثر عملدرآمد کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ وہ ایک گھنٹے میں انتخابی اصلاحات تیار کر سکتے ہیں، تاہم اصل مسئلہ اصلاحات کو کاغذ پر تحریر کرنا نہیں بلکہ ان پر عملدرآمد یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ انتخابی اصلاحات پر عملدرآمد کی نگرانی کے لیے کوئی مؤثر کمیٹی یا طریقہ کار وضع کیا جائے، تاکہ اصلاحات صرف دستاویزات تک محدود نہ رہیں بلکہ عملی طور پر بھی نافذ ہوسکیں۔ وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ وزیراعظم اپوزیشن کو متعدد بار مذاکرات کی دعوت دے چکے ہیں، لیکن اپوزیشن نہ تو بات چیت کے لیے آمادہ ہے اور نہ ہی قائمہ کمیٹیوں میں اس کی شرکت نظر آ رہی ہے۔

بقیہ 38

چاہیے، ہم سے 13 دن کا حساب مانگ رہے ہیں۔ گورنر خیبر پختونخوا کا کہنا تھا کہ مشیر اطلاعات نے کل بھی کہا کہ جن افراد نے تجاوزات پر قبضہ کر رکھا ہے وہ خالی کر دیں، مفتی محمود مرکز کی حیثیت پر متعلقہ انتظامیہ فیصلہ کرے گی، جو لوگ انصاف اور دین کا سبق دیتے ہوں اور خود قبضہ مافیا بن گئے ہوں تو وہ باقی لوگوں کو کیا سبق دیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ تجاوزات کے حوالے سے جو بھی چیزیں ہیں انہیں متعلقہ محکمہ شفاف طریقے سے دیکھ رہا ہے، میں کسی کی سفارش نہیں کرتا، اگر میرا گھر بھی تجاوزات میں ہے تو گرایا جائے

بقیہ 39

ادا کیا جنہوں نے اس اہم معاملے پر قرارداد کی حمایت اور اس پر دستخط کیے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ موجودہ رجحانات برقرار رہے تو پاکستان کی آبادی 2050 تک 39 کروڑ تک پہنچنے کا خدشہ ہے، جس کے پیش نظر فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔ سینیٹر شیری رحمان نے بتایا کہ 2023 کی مردم شماری کے نتائج کے مطابق پاکستان کی آبادی 24 کروڑ 14 لاکھ 90 ہزار ریکارڈ کی گئی، جبکہ سالانہ شرح نمو 2.55 فیصد ہے۔ ان کے مطابق پاکستان میں آبادی بڑھنے کی شرح جنوبی ایشیا میں سب سے زیادہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبادی میں تیز رفتار اضافہ خوراک، صاف پانی، تعلیم اور صحت کی سہولیات پر دباؤ بڑھا رہا ہے، جبکہ انسانی وسائل کے معیار کو بھی متاثر کر رہا ہے۔

بقیہ 40

رپورٹ کموڈیٹی آؤٹ لک کے مطابق 2026 کے دوران عالمی اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 23 فیصد اضافے کا امکان ہے، رپورٹ میں خبردار کیا گیا ہے کہ توانائی اور خوراک کی بڑھتی ہوئی قیمتیں دنیا بھر میں مہنگائی میں اضافے کا سبب بن سکتی ہیں رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر توانائی کی قیمتیں 2026 میں مجموعی طور پر 32 فیصد بڑھ سکتی ہیں، جبکہ برینٹ خام تیل کی اوسط قیمت 91 ڈالر فی بیرل رہنے کا امکان ہے، اسی طرح عالمی منڈیوں میں خوراک کی قیمتوں میں بھی سال کے دوران 10 فیصد اضافے کی توقع ظاہر کی گئی ہے ۔ عالمی بینک نے مالی سال 27-2026 کے دوران پاکستان میں کپاس کی پیداوار میں 6 فیصد کمی کی پیش گوئی کی ہے، رپورٹ کے مطابق عالمی سطح پر کپاس کی پیداوار بھی 3 فیصد کم ہونے کا امکان ہے

بقیہ 41

کوششوں، سرچ آپریشنز اور متعلقہ حلقوں کی مشترکہ کاوشوں کے بعد 11 ملازمین کی رہائی عمل میں آئی۔ بازیاب ملازمین میں وحید اللہ (کیمیکل آپریٹر)، بلال (فلٹر آپریٹر)، نعمان اور عنصر (لیب اینالسٹ)، عبدالرشید (مالی)، خلیل (کیمیکل مل)، سہیل (ٹیلیفون آپریٹر)، ثناء اللہ (ڈرائیور)، ذیشان (ہیلپر آپریٹر)، شعیب (سائکو ہیلپر) اور وقار (اے سی ٹیکنیشن) شامل ہیں۔ پانچ سیکیورٹی گارڈز رحمت اللہ، اکرم، افتخار، عنایت اور مسئول حسین کی بحفاظت واپسی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 42

اے اور یو این ڈی پی کے زیرِ اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب میں وفاقی وزیر نے اپنا ذاتی واقعہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ چند روز قبل ان کے والد کو ایک شدید پریشان کن کال آئی جس میں کال کرنے والے نے ان کے کزن احمد کی آواز بنا کر بات کروائی۔ کال پر دعویٰ کیا گیا کہ احمد کو حراست میں لیا گیا ہے اور ایف آئی آر سے بچنے کے لیے فوری طور پر رقم ٹرانسفر کی جائے۔ انہوں نے بتایا کہ اس جعلی کال میں جعل سازوں کے پاس ان کے خاندان کے بارے میں تمام حساس معلومات موجود تھیں، انہیں معلوم تھا کہ احمد کون ہے، وہ ان کے والد کو کس نام سے پکارتا ہے، اس کے کتنے بہن بھائی ہیں اور اس کی روزمرہ کی نقل و حرکت کیا ہے۔

بقیہ 43

محبوب العالم حنیف سمیت چار ملزمان نامزد تھے۔ دیگر ملزمان میں کشتیا ضلع عوامی لیگ کے صدر صدرالدین خان، جنرل سیکریٹری اظہر علی اور شہر عوامی لیگ کے جنرل سیکریٹری عطاالرحمٰن آتا شامل ہیں۔ انھیں بھی مختلف الزامات میں تاحیات یا مشقت قید اور عمر قید با مشقت کی سزائیں سنائی گئی ہیں۔ چاروں ملزمان مفرور ہیں۔ سزا پانے والے تمام ملزمان کی غیر منقولہ جائیداد کا نصف حصہ ضبط کرنے کا حکم بھی دیا گیا ہے، جبکہ ضبط شدہ جائیداد کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم جولائی فاؤنڈیشن یا کسی دوسرے قانونی ادارے کے ذریعے جولائی تحریک میں ہلاک اور زخمی ہونے والے افراد کو بطور معاوضہ دینے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ محبوب العالم حنیف بنگلہ دیش کی سیاسی جماعت عوامی لیگ کے سینئر رہنما اور جوائنٹ جنرل سیکریٹری ہیں۔ وہ ضلع کشتیا سے تعلق رکھتے ہیں اور ماضی میں کشتیا 3- کے حلقے سے کئی بار رکن پارلیمان منتخب ہو چکے ہیں۔

بقیہ 44

گیا۔ بریٹ سلویا جوائنٹ اسٹاف کے اسٹریٹجی، پلانز اینڈ پالیسی ڈائریکٹوریٹ کے سربراہ تھے، جسے جے فائیو (J-5) کہا جاتا ہے۔ انکی برطرفی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ وسط مدتی انتخابات کے بعد ایران کے خلاف دوبارہ فوجی کارروائی کے امکان پر غور کر رہے ہیں۔ تاہم، بریٹ سلویا کو عہدے سے ہٹانے اور ایران سے متعلق ممکنہ فوجی منصوبہ بندی کے درمیان کسی براہ راست تعلق کی تصدیق نہیں ہوئی۔

بقیہ 45

علم مقصود اکرم کی کاوشوں، ہدایت کاری اور تخلیقی بصیرت کے سر بندھتا ہے۔ وائس چانسلر جامعہ گوادر، پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے طالب علم مقصود اکرم کو اس عظیم الشان کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے فلم سازی کے ذریعے بدعنوانی جیسے ناسور کے خلاف عوامی شعور اجاگر کرنے کی کاوشوں کو بھرپور سراہا۔ وائس چانسلر کا کہنا تھا کہ ایسی کامیابیاں جامعہ کے طلبہ کی بے پناہ صلاحیتوں اور معاشرے میں دیانت داری، شفافیت اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کے فروغ کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ اس مقابلے میں جامعہ بلوچستان کی شارٹ فلم Corruption نے 88 نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن جبکہ جامعہ لورالائی کی فلم The File نے 82 نمبر حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ جامعہ گوادر کی انتظامیہ نے تمام یونیورسٹیز کے طلبہ کو مثبت اور تخلیقی انداز میں بدعنوانی کے خلاف آواز بلند کرنے اور شفافیت کا پیغام عام کرنے کے لیے مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرنے پر نیب بلوچستان کے اقدام کو سراہا۔

بقیہ 46

پر کون حکومت کرتا ہے، لیکن یہ واضح ہونا چاہیے کہ اسرائیل قبضہ برقرار نہیں رکھ سکتا اور اسے ہماری سرزمین چھوڑنی چاہیے۔ یاد رہے کہ اسرائیل میں تقریباً 85 فیصد ووٹوں کی گنتی کے بعد وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو کا دائیں بازو کا اتحاد حزب اختلاف کے مرکزی اتحاد سے آگے دکھائی دے رہا ہے، تاہم اسے پارلیمان میں واضح اکثریت حاصل نہیں ہوسکی۔

بقیہ 47

مسافر بس لاہور سے چنیوٹ جا رہی تھی کہ سکھیکی میں حادثہ پیش آیا، حادثے میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے اور 40 زخمی ہوئے ہیں، بس میں 65 کے قریب مسافر سوار تھے۔ ذرائع کے مطابق حادثہ بس ڈرائیور کو نیند آنے کے باعث پیش آیا۔ ریسکیو ٹیموں نے جائے حادثہ پر پہنچ کر امدادی کارروائیاں شروع کر دیں جبکہ زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال پنڈی بھٹیاں منتقل کیا جا رہا ہے۔ حکام کے مطابق امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور بعض مسافروں کے تاحال لاپتہ ہونے کی اطلاعات بھی ہیں۔

بقیہ 48

ادارے کے مطابق برطانوی بحری سیکیورٹی ایجنسی یو کے میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز نے بتایا کہ اسے ایک دوسرے جہاز کے کپتان کی جانب سے آگ لگنے کی اطلاع موصول ہوئی۔ ایجنسی کے مطابق متاثرہ جہاز عمان کے ساحلی علاقے نصب سے تقریباً 9 ناٹیکل میل، یعنی 17 کلومیٹر شمال میں دیکھا گیا۔ یو کے ایم ٹی او نے ابتدائی اطلاع میں یہ واضح نہیں کیا کہ آگ کس وجہ سے لگی، جہاز کو کتنا نقصان پہنچا یا کوئی شخص زخمی یا ہلاک ہوا ہے یا نہیں۔ واقعے کی مزید تفصیلات بھی فوری طور پر جاری نہیں کی گئیں۔ آبنائے ہرمز عالمی تجارت کے لیے ایک اہم بحری گزرگاہ ہے، جہاں سے دنیا کی بڑی مقدار میں خام تیل اور قدرتی گیس کی ترسیل ہوتی ہے۔

بقیہ 49

کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پی ٹی آئی پارلیمنٹ میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ پارلیمنٹ کی عزت بھی اسی میں ہے کہ انتخابات صاف اور شفاف ہوں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمنٹ میں کمیٹیاں بنائی جائیں، بلاول بھٹو نے پارلیمنٹ میں انتخابی اصلاحات لانے کی بات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ کے لیے کام کیا ہے۔

بقیہ 50

پولیس کے مطابق مقتول کا تعلق لاہور سے بتایا جاتا ہے۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردیا جہاں ضروری کاروائی کے بعد لاش آبائی علاقے روانہ کردی گئی۔

بقیہ 51

کورنگی حکام نے ایدھی فاؤنڈیشن لاہور کے حوالے کردیا، ماہی گیروں کو سمندری حدود کی خلاف ورزی کے الزام میں بھارتی جیلوں میں قید کیا گیا تھا۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ رہائی پانے والے ماہی گیروں میں محبوب علی، نورالامین، بشیر جاوید، سید غلام مرتضیٰ، کریم، اعظم الدین، نور نبی، امیر حسین بنگالی، کمال حسین شاہ، شریف، احمد نور اور عبدالرحمٰن شامل ہیں۔ ترجمان ایدھی فاؤنڈیشن نے کہا کہ چیئرمین ایدھی فاؤنڈیشن فیصل ایدھی کی ہدایات پر تمام ماہی گیروں کو خصوصی گاڑیوں کے ذریعے لاہور سے کراچی روانہ کردیا گیا، ایدھی فاؤنڈیشن کی جانب سے ماہی گیروں کو سفری اخراجات، کھانے پینے اور دیگر ضروری سہولیات فراہم کی گئیں۔

بقیہ 52

محدود کیا جاسکتا تھا۔ الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق باراک اوباما نے اپنے دورِ صدارت میں ایران کے ساتھ 2015 میں ہونے والے جوہری معاہدے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اس معاہدے نے تہران کے جوہری پروگرام پر پابندیاں عائد کرنے میں کردار ادا کیا تھا۔ اوباما نے کہا کہ انہوں نے میزائل داغنے کے بجائے سفارت کاری کا راستہ اختیار کیا تھا۔ سابق امریکی صدر نے ایران کے خلاف جنگ کے اثرات پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگ کے نتیجے میں امریکا کے اتحادیوں اور فوجی اڈوں کو حملوں کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ متعدد امریکی ہلاک اور سیکڑوں زخمی ہوئے ہیں

بقیہ 53

لیتے ہوئے فوری کاروائی کا حکم دیا جس کے بعد ایس پی سٹی ڈویژن آصف غفور کی ہدایات پر ایس ایچ او بجلی روڈ جاوید بزدار نے کاروائی عمل میں لاتے ہوئے اسلحہ کی نمائش اور دھمکی آمیز پیغام نشر کرنے والے لڑکے کو گرفتار کر کے اسلحہ و خنجر برآمد کر لیا۔ پولیس حراست میں طالب علم نے اپنے فعل پر معافی مانگ لی۔ کوئٹہ پولیس کا کہنا ہے کہ والدین بھی اپنے بچوں پر نظر رکھیں اور اس طرح کے خطرناک ہتھیار بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں اور بچوں کو اس طرح کی غیر قانونی سرگرمیوں سے دور رکھیں۔ طالب علم کے خلاف مزید قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

بقیہ 54

کمانڈروں اور جنگجوں کو ہلاک یا زخمی کر دیا گیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق مسلح افواج کے ترجمان کرنل ماجد التنزیلی نے بیان میں بتایا کہ ان کارروائیوں کے دوران حوثیوں کے فیلڈ کمانڈ سینٹرز، قلعہ بندیوں، توپ خانے کے ٹھکانوں اور نقل و حرکت و رسد کیلئے استعمال ہونے والی گاڑیوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا۔ ترجمان کا مزید بتانا ہے کہ ان وسیع فوجی کارروائیوں میں مجموعی طور پر 117 گاڑیاں اور مختلف قسم کا فوجی ساز وسامان بھی تباہ یا مکمل طور پر ناکارہ بنا دیا گیا ہے۔

بقیہ 55

شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے شہادت کی 53 ویں برسی کی تیاری، تنظیمی فعالیت، تحصیل کانفرنسز ہوں گے۔

بقیہ 56

گرفتاریوں کا امکان ہے، جبکہ تحقیقات کا دائرہ مزید وسیع کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے۔ تاہم معاملے میں نامزد افراد کے خلاف الزامات کی حتمی قانونی حیثیت کا تعین تحقیقات اور متعلقہ قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد ہی ہو سکے گا۔ سیف کوئٹہ کے رہنماء جمشید خان دوتانی نے چیئرمین سی ایم آئی ٹی، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن، ڈی جی نیب اور ڈی جی اینٹی کرپشن سے مطالبہ کیا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ میں غیر قانونی بھرتیوں، کیڈر کی تبدیلی، جائیدادوں کی غیر قانونی بندر بانٹ، ترقیاتی فنڈز میں اربوں روپے کی کرپشن کی تحقیقات کر کے ذمہ داروں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے۔

بقیہ 57

کانفرنس کرتے ہوئے سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پورے صوبے کے وزیراعلیٰ ہیں اور ان کی ذمہ داری ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کریں۔ کوہلو بھی بلوچستان کا حصہ ہے اور یہاں کے عوام کو ترقی کے عمل میں شامل کرنا کسی کی ذاتی مخالفت یا سیاسی مداخلت نہیں بلکہ عوامی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے کوہلو میں ترقیاتی اقدامات اور عوامی مسائل کے حل کی کوششوں پر اعتراض اٹھانے کا کوئی جواز نہیں۔ اگر صوبے کے دیگر اضلاع میں ترقیاتی منصوبے شروع کیے جائیں تو انہیں سراہا جاتا ہے

بقیہ 58

لمیٹڈ اور رازائٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے باہمی اشتراک سے بولان میڈیکل کالج کوئٹہ میں ایک اہم آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن کا بنیادی مقصد خواتین میں چھاتی کے سرطان سے متعلق شعور اجاگر کرنا، بروقت تشخیص کی اہمیت کو واضح کرنا اور اس مرض سے بچاؤ کے حوالے سے مفید معلومات فراہم کرنا تھا۔ آگاہی سیشن سے بولان میڈیکل کالج کے شعبہ آنکالوجی کے سربراہ ڈاکٹر ہدایت اللہ، بریسٹ سرجن ڈاکٹر مریم سلیم، پبلک ہیلتھ اسکول کی پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل اور عرشہ منظور احمد نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ چھاتی کا سرطان خواتین کی صحت کے حوالے سے ایک اہم مسئلہ ہے، تاہم بروقت تشخیص اور مناسب علاج کے ذریعے اس مرض پر قابو پانے کے امکانات میں نمایاں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 59

نے پولیس کے نائب قاصد عطا اللہ کو اغوا کرلیا پولیس کے مطابق عطا اللہ کو نامعلوم مسلح افراد اغوا کر کے نامعلوم مقام پر لے گئے ہیں ایس ایس پی سید عبد الصبور نے رابطہ کرنے پر بتایا کہ واقعے کے بعد مغوی کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ 60

کا دعویٰ کیا ہے۔ ایرانی نیوز ایجنسی ارنا کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب کی ویب سائٹ پر جمعرات کو جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈرون کو فورس کے ایرو اسپیس ڈویژن نے ایران کے مربوط فضائی دفاعی نیٹ ورک کے تحت کام کرنے والے جدید فضائی دفاعی نظام کی مدد سے نشانہ بنایا۔ بیان میں دعویٰ کیا گیا کہ یہ جدید نوعیت کا 14 واں ایم کیو ون ڈرون ہے جسے روک کر تباہ کر دیا گیا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے اسنا کے مطابق ڈرون کو جنوبی ایران کے صوبے ہرمزگان میں ساحلی علاقے سیریک کے سامنے آبنائے ہرمز کے مشرقی جانب نشانہ بنایا گیا۔ ایران نے 28 فروری کو شروع ہونے والی امریکا اور اسرائیل کی جنگ کے جواب میں دفاعی اقدامات کے تحت آبنائے ہرمز پر کنٹرول سنبھالنے اور اس اہم آبی گزرگاہ سے بحری آمد ورفت کے لیے ضوابط مقرر کرنے کا اعلان کر رکھا ہے

بقیہ 61

ارکان کی بحث کے بعد منظور کر لیا گیا۔ جمعرات کو تحریک پیش کرتے ہوئے سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ انہوں نے یہ اقدام چیئرمین سینیٹ کی مرضی سے کیا ہے۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے قانون کی جانب سے تحریک کو ایک ہفتے کے لیے مؤخر کرنے کی درخواست کی گئی، تاہم ایوان نے یہ درخواست مسترد کر دی۔ بحث کے دوران سینیٹر خلیل طاہر سندھو نے اقلیتی ارکان کو قائمہ کمیٹیوں میں نمائندگی نہ ملنے پر تحفظات کا اظہار کیا۔

بقیہ 62

گردی کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابلِ قدر ہیں۔ اپنے ایک بیان میں بابر یوسفزئی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے ایک دہشت گرد کو ہلاک کیا اور اسلحہ و گولہ بارود برآمد کیا، جو امن دشمن عناصر کے خلاف سیکیورٹی اداروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور مؤثر حکمتِ عملی کا مظہر ہے۔

بقیہ 63

اتحاد، پائیدار سیکیورٹی اور ملکی مفادات کے تحفظ کو اہم ترجیحات قرار دیا ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے ارنا کے مطابق یہ ترجیحات صدر مسعود پزشکیان، پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف، عدلیہ کے سربراہ غلام حسین محسنی اژہ ای اور سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکریٹری میجر جنرل محسن رضائی سے الگ الگ ملاقاتوں کے دوران سامنے آئیں۔ صدر مسعود پزشکیان سے ملاقات میں سپریم لیڈر نے عوام کی بنیادی ضروریات، جنگ کے اثرات، فوجی صورت حال، روزگار، رہائش، بیرونی اقتصادی تعلقات اور ملکی کرنسی و زرمبادلہ کے انتظام سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں توانائی کے وسائل کے بہتر انتظام پر بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ 64

تقریر قابلِ ستائش ہے، جس میں انہوں نے قومی مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے حکومت اور اپوزیشن دونوں کو میثاقِ نو کی جانب متوجہ کیا۔ ملک کو سیاسی استحکام اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو ذاتی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو مقدم رکھنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز نشتل گٹ، مسلم باغ میں واٹر سپلائی بور کی افتتاحی تقریب کے موقع پر علما کرام اور جماعتی احباب کے ہمراہ دعائے خیر کرنے اور مرغہ فقیر زئی میں مدرسہ اقصیٰ کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 65

شاہی بازار سے ہوتی ہوئی قلات پریس کلب پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی، ریلی کے شرکا نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر پرنس آغا محمد خان احمد زئی کی رہائی کے مطالبات درج تھے۔ اس موقع پر شرکا نے (پرنس محمد احمد زئی کو رہا کرو) کے نعرے لگائے اور ان کی بحفاظت بازیابی کے لئے اقدامات کرنے کا مطالبہ کیا ریلی کے شرکا کا کہنا تھا کہ خان آف قلات کا خاندان بلوچستان کی تاریخ، قبائلی روایات اور اجتماعی شناخت میں ایک نمایاں مقام رکھتا ہے۔ پرنس آغا محمد خان احمد زئی نہ صرف خان آف قلات کے صاحبزادے ہیں بلکہ بلوچستان کی تاریخی اور قبائلی روایات کے حوالے سے بھی اہم حیثیت رکھتے ہیں، شرکا کا کہنا تھا کہ پرنس آغا محمد احمد زئی بلوچ سب کیلئے قابل احترام اور اعلیٰ شخصیت کے حامل اور اعلیٰ حیثیت رکھتے ہیں

بقیہ 66

آج ایک وزیر نے سینٹ کے تقدس کو پامال کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض وزراء کبھی وزیر کھیل بن جاتے ہیں اور کبھی وزیر دفاع۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کے حوالے سے ایک بیانیہ بنا کر لوگوں تک پہنچایا جا رہا ہے اور کچھ لوگ وہی بیانیہ واپس ہمارے ساتھ شیئر بھی کر رہے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ مولانا فضل الرحمان نے وہ بات نہیں کی جو اس بیانیے میں بیان کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست مخالف مولانا فضل الرحمان نے کوئی غلط بات نہیں کی۔ کامران مرتضیٰ نے بلاول بھٹو زرداری کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ آج بلاول صاحب نے اچھی بات کی کہ ایوان کو عزت دینی چاہیے۔

بقیہ 67

ہزار 583 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی، اسی عرصے میں ڈیزل کی یومیہ پیداوار 14 ہزار 65 میٹرک ٹن اور فروخت 16 ہزار 866 میٹرک ٹن رہی۔ تحریری جواب میں بتایا گیا کہ پنجاب میں پٹرول کی یومیہ پیداوار 4 ہزار 670 میٹرک ٹن جبکہ فروخت 14 ہزار 827 میٹرک ٹن رہی، صوبے میں ہائی سپیڈ ڈیزل کی یومیہ پیداوار 7 ہزار 608 میٹرک ٹن اور فروخت 10 ہزار 779 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق سندھ میں پٹرول کی یومیہ پیداوار ایک ہزار 592 میٹرک ٹن اور فروخت 4 ہزار 567 میٹرک ٹن رہی جبکہ ہائی سپیڈ ڈیزل کی یومیہ پیداوار 4 ہزار 419 میٹرک ٹن اور فروخت 3 ہزار 662 میٹرک ٹن ریکارڈ کی گئی۔ خیبر پختونخوا میں پٹرول کی یومیہ فروخت 2 ہزار 127 میٹرک ٹن جبکہ ہائی سپیڈ ڈیزل کی یومیہ فروخت 2 ہزار 355 میٹرک ٹن رہی۔

بقیہ 68

صدارت ضلع پشین کا پروقار مشاورتی جرگہ کا انعقاد کیا گیا۔ مشاورتی جرگہ نے اپنے کار رہندہ جرگہ منتخب کیا اور کار رہندہ جرگہ ضلع پشین اپنا سربراہ مقرر کرینگے۔ اور ساتھ ہی ضلع پشین میں عوام کو درپیش مسائل کو حل کرنے کی تگ و دو کرے گی ۔ جرگہ نے نواب ایاز خان جوگیزئی کو مزید تقررات کے لیے مکمل اختیار دے دیا۔ جرگے سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، ضلع صدر عمر خان ترین، انور خان ترین، شاہ اللہ ترین اور جرگہ کے دیگر معززین نے مجموعی طور پر درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے تجاویز پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا وطن کا اس وقت سب اہم مسئلہ امن وامان کی ہے

بقیہ 69

مصنوعات کو قومی سطح پر متعارف کرانے کے لیے ایک اہم پیش رفت کے طور پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے زیر اہتمام 18 اور 19 نومبر کو صوبے کی تاریخ کی پہلی بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو (2026BITE) منعقد ہوگی۔ ایکسپو میں ملک بھر کی معروف کمپنیوں کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے مقامی کاروباری ادارے بھی شرکت کریں گے اور اپنی مصنوعات اور کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کریں گے۔

بقیہ 70

فراہمی اور نجی ٹیوب ویل مالکان کی مبینہ اجارہ داری سے متعلق آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے متعلقہ حکام کی جانب سے عدالتی احکامات پر عمل درآمد میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ دورانِ سماعت چیف جسٹس محمد کامران خان ملاخیل نے ریمارکس دیے کہ مذکورہ آئینی درخواست 21 ستمبر 2023ء کو دائر کی گئی تھی، تاہم عدالت کی جانب سے مختلف اوقات میں متعدد احکامات اور بار بار ہدایات جاری کیے جانے کے باوجود کوئٹہ واٹر اینڈ سینی ٹیشن اتھارٹی (کیوواسا) کی جانب سے تاحال خاطر خواہ پیش رفت سامنے نہیں آئی۔ عدالت کے استفسار پر واسا کے ایگزیکٹو انجینئر نے مؤقف اختیار کیا کہ کرخسہ کے علاقے میں ٹیوب ویلز فعال کیے جاچکے ہیں

بقیہ 71

قریبی رابطے میں ہیں تاکہ ایسی تجاویز کا جائزہ لیا جا سکے جن کے ذریعے ہمارے سات روزہ منصوبے پر ایک ہفتے سے بھی کم وقت میں عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ ایران نے گزشتہ ماہ قطر کے ذریعے سات روزہ منصوبہ پیش کیا تھا، جس کے تحت آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے اور ایک ہفتے کے اندر جوہری مذاکرات بحال کرنے کی پیشکش کی گئی تھی۔ اس کے بدلے ایران نے امریکی بحری ناکہ بندی ختم کرنے، ایرانی تیل کی فروخت پر پابندیاں اٹھانے اور لبنان سمیت جنگ بندی کا مطالبہ کیا تھا۔

بقیہ 72

گا، اگر پاکستان اور افغانستان رضامند ہوں تو روس ان کے درمیان ثالثی کروا سکتا ہے۔ اسلام آباد میں روسی سفارت خانے میں یوکرین وار۔ بیانڈ دی ہیڈ لائنز کی تقریب رونمائی سے خطاب میں روسی سفیر البرٹ پی خوریئو نے کہا کہ یوکرین تنازع پر متوازن مؤقف اختیار کرنے پر پاکستانی قیادت کے لیے دلی قدر و تحسین کا اظہار کرتا ہوں، ہم اس طرز عمل جو اکثر مثبت غیر جانب دار کہتے ہیں۔

بقیہ 73

واقع طاہر کوٹ کے ایک گاں میں تقریباً ایک درجن مسلح افراد داخل ہوئے اور رحیم بخش جت کے 50 سے زائد اونٹ اپنے ساتھ لے گئے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر مقامی پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور واردات سے متعلق مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ تاحال ملزمان کی گرفتاری اور اونٹوں کی بازیابی سے متعلق تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔

بقیہ 74

واقعے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی شناخت بدرالدین ولد محمد نور چرے زئی، محمد ولد حنیف اور محمد نبی کے ناموں سے ہوئی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس فورس نے موقع پر پہنچ کر جائے وقوعہ کو تحویل میں لیا اور تینوں لاشوں کو فوری طور پر ٹراما سینٹر میزئی اڈہ منتقل کر دیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ تمام ضروری قانونی و ضابطے کی کارروائی مکمل کرنے کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دی جائیں گی، جبکہ واقعے کی وجوہات معلوم کرنے اور ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ 75

کرنے سے بچے کی زندگی بچ سکتی ہے تفصیلات کے مطابق سبی و گردونواح میں مضرصحت پانی کے استعمال سے سبی سمیت گردونواح میں سینکڑوں معصوم بچے گیسٹرو کا شکار ہو کر ہسپتالوں میں پہنچ گئے دست الٹی سے بچے موت وزندگی کا شکار ہوئے ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ اسی صورت حال میں فوری طور پر تجربہ کار ڈاکٹرز سے چیک آپ سمیت پانی کو اوبال کر کے پینے کے علاوہ او آر ایس کا زیادہ سے زیادہ استعمال بھی بچے کی جان کو بچنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے گیسٹرو کی وبا کی اطلاعات پر ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) محمد الیاس کبزئی نے ہنگامی بنیادوں پر ڈی ایس او سمیت ڈویژنل ٹیچنگ ہیڈکوارٹر ہسپتال سبی کے ایم ایس کو ضروری علاج معالجے کی ہدایات کی ہے۔

بقیہ 76

آئی، جب ایک گاڑی میں سوار چھ سے زائد مسلح افراد ڈاکٹر نصیر احمد کے کلینک میں داخل ہوئے۔ ملزمان نے اسلحے کے زور پر ٹرمپ گاڑی اور دو موبائل فون چھیننے اور موقع سے فرار ہوگئے۔ واردات کے بعد علاقے میں تشویش پائی جاتی ہے، جبکہ شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو گرفتار کر کے لوٹا گیا سامان برآمد کیا جائے اور علاقے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 77

تعصب کے ذریعے نفرتوں کو بڑھایا جا رہا ہے ہم انسانی حقوق کی تنظیموں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کا نوٹس لیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی اس موقع پر ثناء انتظار سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان انسانیت اور مذاہب کے خلاف بڑی منظم شرمناک مہم چلانے میں مصروف عمل ہے اس مہم کا سرغنہ موجودہ حکومت بی جے پی اور اس کے حواری آر ایس ایس ہے جو دنیا کے لئے بڑے خطرے کا باعث ہے جس سے ہندوستان میں مذہبی تعصب، نفرتوں کو بڑھایا جا رہا ہے ہندوستانی حکومت کھلے عام یہ اعلان کر رہی ہے کہ ہندوستان ہندوؤں کا ہے جس نے ہندوستان میں رہنا ہے وہ ہندو مذہب اختیار کرے ورنہ ملک چھوڑ کر چلے جائیں یہ انسانی حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے

بقیہ 78

کی تیاریوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جن کے مطابق وسط مدتی انتخابات کے بعد بھی معاہدہ نہ ہونے کی صورت میں ایران پر ایک ہفتے تک حملے کیے جا سکتے ہیں۔ ممکنہ فوجی کارروائی میں ایرانی قیادت، توانائی کے شعبے اور جوہری تنصیبات کو نشانہ بنائے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ 79

353 میں دو 2 سال قید اور پچاس 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا کا حکم دیا گیا، مزید دفعہ 186 کے تحت ایک 1 سال قید اور پچاس 50 ہزار روپے جرمانے کا حکم دیا گیا۔ عدالت کیجانب سے ملزمان کو دفعہ 382 کا فائدہ دیا گیا ہے، دفعہ 182 کے فائدے کے باعث ملزمان 10 سال قید کی سزا کاٹیں گے، 3 مختلف انفرادی دفعات کے تحت ملزمان کی مجموعی طور پر 13 سال سزا بنتی ہے۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو کمرہ عدالت سے جیل پولیس نے تحویل میں لے لیا، ایمان مزاری کو خواتین جیل پولیس اہلکار خواتین بیرکس میں لے گئی، ہادی علی چٹھہ کو مرد جیل پولیس اہلکار ساتھ لے گئے۔

"SAY NO TO CORRUPTION"

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF COMMUNICATIONS

NHA — URAAN PAKISTAN

NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY
(FINANCE WING – REVENUE DIRECTORATE)

RE-INVITATION NOTICE FOR e-BIDs

PROCUREMENT OF OPERATION & MANAGEMENT (O&M) FOR 05 PACKAGES OF POLICE FINE COLLECTION UNITS ON NATIONAL HIGHWAYS TILL 30.06.2027

Ref: **Invitation to e-Bids Notice for subject procurement already published in National Dailies dated April 10, 2026 vide PIDNO. PID(I)8214/25 and also uploaded on NHA's & PPRA websites vide PPRA No. TS0000003902E has been Annulled by the Competent Authority**

1. National Highway Authority (NHA) invites e-Bids from the prospective bidders:
   a. Having NTN Certificate as Active Tax Payer List with FBR.
   b. Having valid PEC License in Category O-5 or Above.
   c. Having no revenue-shortfall of NHA Revenue and have not been declared defaulters, debarred or blacklisted by any Government Agency.
   d. Bidders whose arbitration are under process are eligible to participate.
2. The Bidding shall be on **Single Stage-Two Envelopes Procedure.**
3. Details regarding Police Fine Collection Unit Packages are as under:

Sr No	PACKAGE NAME	ROAD	BEAT NUMBERS	LOCATION	No. of Beats
1	PFC-NH-16-B	N-25	3	Winder-Uthal KM-116 to KM-166 (N-25)	1
2	PFC-NH-15 A	N-25	11,12	Kalat-Khad Koocha KM-516 to KM-566 (N-25) KM-566 to KM-616 (N-25)	2
3	PFC-NH-17-A	N-10	1,2 & 3	Gwadar Pasni Makola	3
4	PFC-NH-50	N-50	Newly Established PFC Beats	Nisai-Killa Saifullah	2
5	PFC-NH-KKH-1	KKH	Newly Established PFC Beats	Karakoram Highway (KKH)	1

4. Bidding documents containing detailed terms and conditions, can be downloaded free of cost from the NHA website mentioned below from **November 05, 2026** All Prospective bidders are advised to follow NHA website for updates of schedule and addendum(s), if any.
5. The e-Bids, prepared in accordance with the bidding document must be uploaded on **NHA e-Bidding Portal** on or before **November 20, 2026** till **1100 Hours. Technical e-Bids** will be opened on the same day at **1200 Hours** by the Tender Opening & Evaluation Committee in presence of authorized representative of the bidder. Financial e-bids of only technically qualified bidders will be opened later on.
6. Bid Security in original must reach at NHA HQs on **November 20, 2026** by **1130 Hours** as a mandatory requirement.
7. All prospective bidders shall provide following undertaking in original at the time of Technical e-Bids opening as a mandatory requirement on a stamp paper of Rs. 100/- duly attested by **Notary Public/Oath Commissioner** stating that:
   a) He/his firm is not blacklisted and he is not declared defaulter of any Government Department.
   b) They have gone through all Bidding Documents/Request for Proposal (RFP).
   c) The information/record given with the bid is correct and they have not concealed any relevant information.
8. **All firms are advised to get EPADS (PPRA) registration at www.eprocure.gov.pk immediately.**
9. The Authority reserve the right to reject all Bids or Proposals at any time prior to the acceptance of a Bid or Proposal in accordance with PPRA's Rule 2026
10. This advertisement is also available on PPRA website at **www.ppra.org.pk**.

GENERAL MANAGER (REVENUE)
National Highway Authority
28-Mauve Area, Sector G-9/1, Islamabad
Phone: 051-9260190, 051-9032819 & 051-9032718
Website: www.ebidding.nha.gov.pk

محفوظ شاہراہیں محفوظ پاکستان

PID(I)3968/26

لاہور و کراچی ایئرپورٹس کی توسیع کی منظوری، ملکی ایئرپورٹس پر مسافروں کی سہولت اولین ترجیح ہے، شہباز شریف

توسیعی منصوبوں کو بین الاقوامی تقاضوں کے مطابق مکمل کیا جائے، ایئرپورٹس پر بین الاقوامی معیار کو مدنظر رکھ کر سہولیات مزید بہتر بنانے کی ہدایت

ایئرپورٹس پر سفری سہولیات بہتر بنانے کیلئے بین الاقوامی شہرت یافتہ اداروں کی خدمات لی جائیں، کھانے پینے کی معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں ہوگا' شہباز شریف

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیراعظم نے لاہور اور کراچی ایئرپورٹس کی ماسٹر پلانز کے تحت توسیع کی منظوری دیدی۔ وزیراعظم کی زیرصدارت بڑے شہروں میں ہوائی اڈوں کی توسیع اور سہولیات پر اجلاس میں وزیراعظم نے ایئرپورٹس پر بین الاقوامی معیار کو مدنظر رکھ کر سہولیات مزید بہتر بنانے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملکی ایئرپورٹس پر مسافروں کی سہولت اولین ترجیح بنائی جائے، وزیرِ اعظم نے توسیعی منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل

بقیہ نمبر 33 صفحہ 7 پر

وزیراعظم شہباز شریف کی ترکیہ کے قومی دن پر صدر اردوان اور ترک عوام کو مبارکباد

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف نے جمہوریہ ترکیہ کے قیام کی 103 ویں سالگرہ کے موقع پر صدر رجب طیب اردوان اور برادر ترک عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترکیہ کی قابلِ فخر تاریخ، شاندار ثقافتی ورثہ اور غیر معمولی ترقی کا سفر

بقیہ نمبر 34 صفحہ 7 پر

دکی' رباط میں باراتیوں کی پک اپ الٹ گئی، تین بچیاں جاں بحق

زخمیوں میں بچے اور بچیاں بھی شامل، دو زخمی تشویشناک حالت میں لورالائی منتقل

دکی (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع دکی کے علاقے رباط میں باراتیوں کو لے جانے والی پک اپ گاڑی الٹنے کے نتیجے میں تین بچیاں جاں بحق جبکہ بچوں اور خواتین سمیت 20 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق رباط کے علاقے میں باراتیوں کو

بقیہ نمبر 35 صفحہ 7 پر

سینیٹ میں انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمانی کمیٹی بنانے کی تحریک منظور

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ نے انتخابی اصلاحات کے لیے پارلیمانی کمیٹی تشکیل دینے کی تحریک کثرتِ رائے سے منظور کر لی۔ تحریک وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک نے جمعرات کو

بقیہ نمبر 37 صفحہ 7 پر

اسحاق ڈار کی زیرِ صدارت اجلاس، خارجہ پالیسی ترجیحات کا تفصیلی جائزہ

علاقائی و عالمی صورتحال اور آئندہ اعلیٰ سطحی سفارتی ملاقاتوں پر غور مسلسل سفارتی رابطوں اور بروقت پیش رفت کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ اسحاق ڈار کی زیرصدارت پاکستان کی خارجہ پالیسی ترجیحات کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس منعقد

بقیہ نمبر 36 صفحہ 7 پر

اسلام آباد، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹر میں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

جو ہماری سرحد پار کریگا اسے بھرپور جواب دیا جائیگا، گورنر خیبر پختونخوا

افغان حکومت نے بزدلانہ حملہ کیا،' 13 سال میں جو لوگ مسلط تھے، ان سے حساب لینا چاہیے، ہم سے 13 دن کا حساب مانگ رہے ہیں

مفتی محمود مرکز کی حیثیت پر متعلقہ انتظامیہ فیصلہ کرے گی، جو لوگ انصاف اور دین کا سبق دیتے ہوں خود قبضہ مافیا بن گئے تو وہ باقی لوگوں کو کیا سبق دیں گے

پشاور (نیوز ایجنسیاں) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ جو ہماری سرحد پار کریگا اسے بھرپور جواب دیا جائے گا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ 13 سال میں جو لوگ مسلط تھے، ان سے حساب لینا

بقیہ نمبر 38 صفحہ 7 پر

پاکستان کی آبادی 2050ء تک 39 کروڑ تک پہنچنے کا خدشہ

سینیٹ نے آبادی میں تیز رفتار اضافے کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پیش کی گئی قرارداد منظور کر لی

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ نے پاکستان میں آبادی میں تیز رفتار اضافے کے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پیش کی گئی قرارداد متفقہ طور پر منظور کر لی۔ قرارداد پاکستان پیپلز پارٹی کی سینئر نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے پیش کی، جس میں آبادی کے بڑھتے ہوئے دباؤ سے نمٹنے کے لیے قومی سطح پر مؤثر اقدامات اور مشترکہ حکمت عملی اپنانے پر زور دیا گیا۔ جمعرات کو ایوانِ بالا میں قرارداد کی منظوری کے بعد سینیٹر شیری رحمان نے ارکانِ سینیٹ کا شکریہ

بقیہ نمبر 39 صفحہ 7 پر

چشمہ شوگر ملز تو کے اغوا ہوئے 17 ملازمین میں سے 11 بازیاب

ڈیرہ غازی خان (این این آئی) چشمہ شوگر ملز تو کے 21 اکتوبر کو اغوا کیے گئے 17 میں سے 11 ملازمین واپس پہنچ گئے، پانچ سیکیورٹی گارڈز تاحال بازیاب نہیں ہوسکے۔ ذرائع کے مطابق اغوا ملازمین کو نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا گیا تھا، آر پی او غلام مبشر میکن، ڈی پی او ضیاء الدین اور سیکیورٹی حکام کی

بقیہ نمبر 41 صفحہ 7 پر

مشرق وسطیٰ میں کشیدگی میں اضافہ، توانائی اور خوراک مزید مہنگی ہونے کا خدشہ ہے' عالمی بینک

پاکستان میں مالی سال 27-2026 کے دوران کپاس کی پیداوار 6 فیصد کم ہونے کی پیش گوئی' عالمی ادارے کی رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے باعث عالمی توانائی کی فراہمی متاثر ہونے اور خوراک سمیت مختلف اجناس کی قیمتوں میں اضافے کا خدشہ ہے، جبکہ پاکستان میں مالی سال 27-2026 کے دوران کپاس کی پیداوار 6 فیصد کم ہونے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ عالمی بینک کی جانب سے جاری کردہ اجناس کی قیمتوں سے متعلق

بقیہ نمبر 40 صفحہ 7 پر

ٹریژری بلوں کی نیلامی سے 1913.2 ارب روپے حاصل ہوئے، سٹیٹ بینک

اسلام آباد (یو این اے) سٹیٹ بینک کے ٹریژری بلوں کی نیلامی کے ذریعے حکومت نے 1913.2 ارب روپے حاصل کر لیے، نیلامی کے لیے 1650 ارب روپے کے حصول کا ہدف مقرر کیا گیا تھا۔ ایس بی پی کے مطابق نیلامی کے ذریعے مقررہ ہدف سے 263.2 ارب روپے زیادہ حاصل ہوئے، ایک ماہ، تین ماہ، چھ ماہ اور بارہ ماہ کی مدت کے ٹریژری بلوں پر منافع کی شرح میں 25.1 بیسس پوائنٹس سے لے کر 60.5 بیسس پوائنٹس تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

سائبر سکیورٹی اب ہر شہری کے تحفظ کا معاملہ ہے، شزہ فاطمہ

جدید سائبر فراڈ اور ڈیجیٹل اسکیمز سے معاشرے کا کوئی بھی طبقہ محفوظ نہیں رہا' وفاقی وزیر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ جدید سائبر فراڈ اور ڈیجیٹل اسکیمز سے معاشرے کا کوئی بھی طبقہ محفوظ نہیں رہا حتیٰ کہ ان کے اپنے والد کو بھی مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے ذریعے کزن کی وائس کلوننگ اور اغوا کے جھوٹے ڈرامے کے تحت تاوان کی کال موصول ہوئی۔ جمعرات کو یہاں پی ٹی

بقیہ نمبر 42 صفحہ 7 پر

معروف وکیل علی احمد کرد سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے انتخابات میں اپنا ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں

حب میں قتل کیس میں دو ملزمان کو سزائے موت، خاتون ملزمہ کو عمر قید کی سزا

حب (این این آئی) ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج حب 2 عبدالباسط رئیس کی عدالت نے پولیس اسٹیشن بیروٹ حب میں درج ایف آئی آر نمبر 06/2025 دفعہ 302 تعزیرات پاکستان کے قتل کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے جرم ثابت ہونے پر دو ملزمان شہزاد علی اور سردار علی پسران خان محمد کو سزائے موت سنادی۔ عدالت نے دونوں ملزمان کو مقتولین عزیز اللہ اور عطا محمد کے لواحقین کو بطور دادرسی پانچ، پانچ لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم دیا، جبکہ پچاس ہزار روپے جرمانے کی سزا بھی سنائی۔ اسی مقدمے میں عدالت نے خاتون ملزمہ شگیت خاتون زوجہ خان محمد کو جرم ثابت ہونے پر عمر قید کی سزا سنائی۔

بنگلہ دیش، عوامی لیگ کے محبوب العالم حنیف کو سزائے موت سنا دی گئی

یہ فیصلہ 2024ء میں جولائی عوامی بغاوت کے دوران کشتیا میں چھ افراد کے قتل سے متعلق ایک مقدمے میں سنایا گیا

ڈھاکہ (آئی این پی) بنگلہ دیش میں پابندی کا سامنا کرنے والی عوامی لیگ کے جوائنٹ جنرل سیکریٹری محبوب العالم حنیف کو انسانیت کے خلاف جرائم کے ایک مقدمے میں بین الاقوامی جرائم ٹریبونل 2- نے سزائے موت سنائی ہے۔ یہ فیصلہ 2024 میں جولائی عوامی بغاوت کے دوران کشتیا میں چھ افراد کے قتل سے متعلق ایک مقدمے میں سنایا گیا۔ اسی مقدمے کے دیگر کئی الزامات میں انہیں عمر قید با مشقت کی سزا بھی دی گئی ہے۔ اس مقدمے میں

بقیہ نمبر 43 صفحہ 7 پر

نیب بلوچستان شارٹ فلم مقابلہ' جامعہ گوادر نے مسلسل دوسری بار پہلی پوزیشن حاصل کر لی

گوادر (یو این اے) جامعہ گوادر نے قومی احتساب بیورو (نیب) بلوچستان کے زیرِ اہتمام عالمی یومِ انسدادِ بدعنوانی کے حوالے سے منعقدہ 'انٹر یونیورسٹیز شارٹ فلم مقابلہ 2026' میں مسلسل دوسری مرتبہ پہلی پوزیشن حاصل کر کے ایک ممتاز اور نمایاں اعزاز اپنے نام کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق جامعہ گوادر کی شارٹ فلم Say No to Corruption (بدعنوانی کو نہ کہیں) نے 94 نمبر حاصل کر کے مقابلے میں میدان مار لیا۔ اس شاندار اور تاریخی کامیابی کا سہرا شعبہ تعلیم کے ذہین طالب

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

امریکی وزیرِ دفاع نے پینٹاگون کے چیف پلانر کو عہدے سے ہٹا دیا

بیٹ سلویا جوائنٹ اسٹاف کے اسٹریٹجی، پلانز اینڈ پالیسی ڈائریکٹوریٹ کے سربراہ تھے

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی وزیرِ دفاع پیٹ ہیگسیتھ نے پینٹاگون کے چیف پلانر لیفٹیننٹ جنرل بریٹ سلویا کو ان کے عہدے سے برطرف کر دیا۔ امریکی اخبار دی اٹلانٹک اور دی ہل کی بدھ کو شائع ہونے والی رپورٹس کے مطابق بریٹ سلویا کو عہدے سے ہٹانے کی وجوہات تاحال سامنے نہیں آ سکیں، جبکہ ان کے جانشین کا اعلان بھی نہیں کیا

بقیہ نمبر 44 صفحہ 7 پر

امریکی جوہری تنصیب میں آگ لگ گئی، ہنگامی حالت نافذ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکی ریاست جنوبی کیرولائنا میں واقع سوانا ریور سائٹ نامی اہم جوہری تنصیب میں لیبارٹری کے اندر آگ لگنے کے بعد ہنگامی حالت نافذ کر دی گئی۔ حکام کے مطابق آگ پر قابو پا لیا گیا ہے اور متاثرہ عمارت سے باہر کسی آلودگی کی اطلاع نہیں ملی۔ ترک خبر رساں ادارے انادولو ایجنسی کے مطابق امریکی محکمہ توانائی کی سوانا ریور سائٹ نے بدھ کی شام مقامی وقت کے مطابق 5 بج کر 39 منٹ پر تنصیب کے اندر ہنگامی حالت کا اعلان کیا۔ یہ تنصیب جنوبی کیرولائنا میں شہر ایکن کے قریب واقع ہے۔

اسرائیل میں حکومت کسی کی بھی ہو، مزاحمتی پالیسی جاری رہے گی، حزب اللہ

واضح ہونا چاہیے کہ اسرائیل قبضہ برقرار نہیں رکھ سکتا اور اسے ہماری سرزمین چھوڑنی چاہیے

بیروت (آئی این پی) لبنان کی حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل نعیم قاسم کا کہنا ہے کہ اسرائیلی انتخابات میں کسی بھی جماعت کی کامیابی یا ناکامی سے فرق نہیں پڑتا، حزب اللہ اپنی مزاحمتی پالیسی جاری رکھے گا۔ بی بی سی کے مطابق حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل نعیم قاسم نے بیان میں کہا ہے کہ حزب اللہ کی جدوجہد کا تعلق اسرائیلی سیاست سے نہیں بلکہ اسرائیل کے ساتھ تنازع سے ہے۔ بیان کے مطابق ہمیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اسرائیل

بقیہ نمبر 46 صفحہ 7 پر

حافظ آباد، تبلیغی جماعت کی بس نالے میں گر گئی، 5 افراد جاں بحق

40 سے زائد زخمی، مسافر بس لاہور سے چنیوٹ جا رہی تھی کہ سکھیکی میں حادثہ پیش آیا

حافظ آباد (این این آئی) حافظ آباد میں تبلیغی اجتماع کی بس فلائی اوور کے قریب سیم نالے میں گر گئی، فتو کی فلائی اوور پر مسافر بس تیز رفتاری کے باعث سیم نالے میں گری، جس میں 5 افراد جاں بحق اور 40 سے زائد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق زخمیوں کو تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال پنڈی بھٹیاں منتقل کر دیا گیا ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

لورالائی میں ٹریفک حادثہ ایک شخص جاں بحق

لورالائی (نمائندہ خصوصی) لورالائی ٹریفک حادثہ، راز محمد عرف ختی جاں بحق شیر جان کڈی کے قریب مدینہ ہوٹل کے ساتھ پیش آنے والے افسوسناک ٹریفک حادثے میں راز محمد عرف ختی جاں بحق ہو گئے، حادثے کے بعد انہیں فوری طور پر سول ہسپتال لورالائی منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکے۔

اسلام آباد، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

18 نومبر سے صوبے کی پہلی انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو منعقد ہوگی' بلال کاکڑ

ملک بھر کی معروف کمپنیوں کے ساتھ ساتھ بلوچستان کے مقامی کاروباری ادارے بھی شرکت کریں گے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے اور مقامی

بقیہ نمبر 69 صفحہ 7 پر

اسلام آباد، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار پاکستان کی خارجہ پالیسی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایوان بالا سینیٹر کامران مرتضیٰ کی وزیر داخلہ محسن نقوی پر شدید تنقید

آج ایک وزیر نے سینٹ کے تقدس کو پامال کر دیا، بعض وزراء کبھی وزیر کھیل بن جاتے ہیں اور کبھی وزیر دفاع

اسلام آباد (آن لائن) ایوان بالا میں جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے وزیر داخلہ محسن نقوی پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا کہ وزیر داخلہ نے ایوان کے تقدس کو مجروح کیا ہے۔ جمعرات کو نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا کہ

بقیہ نمبر 66 صفحہ 7 پر

قلات، پرنس آغا محمد خان احمدزئی کے مبینہ اغواء کے خلاف سول سوسائٹی کی احتجاجی ریلی

خان آف قلات کے صاحبزادے کی فوری اور بحفاظت بازیابی کا مطالبہ، شرکا کا پریس کلب تک پیدل مارچ

قلات (یو این اے) قلات میں سول سوسائٹی کی جانب سے پرنس آغا محمد خان احمدزئی بلوچ کے مبینہ اغوا کے خلاف ایک ریلی نکالی گئی، ریلی میں شرکا نے پرنس آغا محمد خان احمدزئی کی فوری اور بحفاظت بازیابی کا مطالبہ کیا، ریلی مسجد روڈ سے شروع ہو کر

بقیہ نمبر 65 صفحہ 7 پر

جنگ کے دوران معاشی استحکام اور قومی اتحاد اہم ہے، ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای

ایرانی قیادت نے قومی اتحاد اور پائیدار سکیورٹی کو بھی ملکی مفادات کے تحفظ کے لیے اہم قرار دیا ہے

تہران (آئی این پی) ایران کے سپریم لیڈر سید مجتبیٰ حسینی خامنہ ای نے امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ کے دوران معاشی استحکام، عوامی فلاح، قومی

بقیہ نمبر 63 صفحہ 7 پر

بیناز، بولیدہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن قابلِ تحسین ہے، بابر یوسفزئی

عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابلِ قدر ہیں' معاون برائے داخلہ

کوئٹہ (اے این این) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے ضلع کیچ کے علاقے بیناز، بولیدہ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے کیے گئے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں قیامِ امن، دہشت

بقیہ نمبر 62 صفحہ 7 پر

اسلام آباد، پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری قومی اسمبلی میں اظہارِ خیال کر رہے ہیں

ایران کی پاسداران انقلاب کا آبنائے ہرمز پر امریکی ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ

امریکا کی امن مذاکرات بحال کرنے کی کوشش، جے ڈی وینس کا ایرانی عہدیدار کو خط

تہران، واشنگٹن (آئی این پی) ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں امریکی ایم کیو ون (MQ-1) ڈرون کو روک کر تباہ کرنے

بقیہ نمبر 60 صفحہ 7 پر

بولان میڈیکل کالج کوئٹہ میں چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی سیشن کا انعقاد

خواتین میں چھاتی کے سرطان سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور بروقت تشخیص کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، مقررین

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان میں خواتین کی صحت، فلاح و بہبود اور چھاتی کے سرطان سے متعلق آگاہی کے فروغ کے لیے شاکو میڈیکل (پرائیویٹ)

بقیہ نمبر 58 صفحہ نمبر 7 پر ملاحظہ فرمائیں

کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی جاگیر نہیں، ترقی پر پہلا حق عوام کا ہے، نصیب اللہ مری

وزیراعلیٰ بلوچستان پر کوہلو میں سیاسی مداخلت کے الزامات درست نہیں، صوبے کے تمام اضلاع یکساں ترقی اور روزگار کے حق دار ہیں

جنگیز مری کے خلاف قانونی چارہ جوئی کا راستہ اختیار کیا ہے اور اس معاملے کو قانونی طریقہ کار کے مطابق آگے بڑھایا جائے گا، پریس کانفرنس

کوئٹہ (اے این این) سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری نے کہا ہے کہ کوہلو کسی فرد، خاندان یا گروہ کی جاگیر نہیں بلکہ یہاں کے وسائل، ترقی اور مستقبل پر سب سے پہلا حق علاقے کے عوام کا ہے۔ میرا مقصد کسی کی ذاتی مخالفت کرنا نہیں بلکہ حقائق کو سامنے لانا ہے۔ کوہلو کے عوام بھی صوبے کے دیگر اضلاع کے عوام کی طرح ترقی، روزگار اور بنیادی سہولیات کے یکساں حق دار ہیں۔ کوئٹہ میں پریس

بقیہ نمبر 57 صفحہ 7 پر

اینٹی کرپشن نے وزیر آبپاشی صادق عمرانی کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی

آئندہ ہفتے سے دس روز کے دوران اس معاملے میں اہم گرفتاریوں کا امکان ہے' ذرائع

کوئٹہ (اے این این) اینٹی کرپشن بلوچستان نے وزیر آبپاشی صادق عمرانی کے خلاف کارروائیاں تیز کر دی، ذرائع کے مطابق صادق عمرانی کے صاحبزادے بلال عمرانی، ارسلان عمرانی، بابو نصیر عمرانی اسلم اور دیگر مبینہ طور پر ملوث افراد کو نوٹسز جاری کر دیے گئے ہیں، ذرائع کا دعویٰ ہے کہ آئندہ ہفتے سے دس روز کے دوران اس معاملے میں اہم

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

گھنٹوں میں یمنی فوج کی 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں، 239 حوثی ہلاک یا زخمی

مجموعی طور پر 117 گاڑیاں اور مختلف قسم کا فوجی ساز و سامان بھی تباہ یا مکمل طور پر ناکارہ بنا دیا گیا

صنعا (آئی این پی) یمنی حکومت کی مسلح افواج نے کہا ہے کہ انہوں نے حوثیوں کے خلاف جاری آپریشن فجرِ الیمن کے تحت گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران حوثی ملیشیا کی عسکری صلاحیتوں کے خلاف 749 ٹارگٹڈ کارروائیاں کی ہیں جن میں 239 حوثی

بقیہ نمبر 54 صفحہ 7 پر

کوئٹہ، سابق صوبائی وزیر نصیب اللہ مری اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ٹرمپ کی ایران جنگ سے امریکا پہلے سے زیادہ غیر محفوظ ہو گیا، سابق صدر اوباما

ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں تھے اور سفارت کاری کے ذریعے اس کے جوہری پروگرام کو محدود کیا جا سکتا تھا

واشنگٹن (آئی این پی) سابق امریکی صدر باراک اوباما نے ایران کے خلاف جنگ شروع کرنے کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے جواز پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار نہیں تھے اور سفارت کاری کے ذریعے اس کے جوہری پروگرام کو

بقیہ نمبر 52 صفحہ 7 پر

قرضوں پر سود دفاعی و ترقیاتی بجٹ سے بھی زیادہ ہو گیا

قرضوں کی بڑھتی ادائیگیوں کا بوجھ ملکی مالیاتی نظام کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ رپورٹ

اسلام آباد (جی این ایم) قرضوں پر سود دفاعی و ترقیاتی بجٹ سے بھی زیادہ ہو گیا قرضوں پر سود دفاعی و ترقیاتی بجٹ سے بھی زیادہ ہونے کے بعد بعد رواں سال 80 کھرب ادائیگیوں کا تخمینہ ہے۔ قرضوں کی بڑھتی ادائیگیوں کا بوجھ ملکی مالیاتی نظام کیلئے سنگین خطرہ ہے اور اندرونی و بیرونی سود ہر سال ملک کی ٹیکس اور غیر ٹیکس آمدن کا بڑا حصہ کھا جاتا ہے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

عمان کے ساحل کے قریب تیل بردار جہاز میں آگ لگ گئی

متاثرہ جہاز عمان کے ساحلی علاقے نصب سے تقریباً 9 ناٹیکل میل، یعنی 17 کلومیٹر شمال میں دیکھا گیا

مسقط (آئی این پی) آبنائے ہرمز میں عمان کے ساحل کے قریب ایک جہاز میں آگ لگنے کی اطلاع موصول ہوئی ہے، تاہم آگ لگنے کی وجہ اور ممکنہ جانی نقصان کے بارے میں فوری طور پر کوئی تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ غیر ملکی خبر رساں

بقیہ نمبر 48 صفحہ 7 پر

نام نہاد ترامیم کے ذریعے عدلیہ اور میڈیا کے پر کاٹے گئے، پشتونخوا وطن کا اس وقت سب سے اہم مسئلہ امن وامان ہے، نواب ایاز خان جوگیزئی

جرگہ تمام جنوبی پشتونخوا میں درپیش مسائل کے حل، واقعات اور بدامنی کے خاتمے کے لیے مشترکہ لائحہ عمل طے کرے گی اور اس پر مشترکہ احتجاج کی راہ اپنائی جائے گی

تمام شاہراہیں سفر کے غیر محفوظ بن چکی ہیں، پولیس کے تھانے غیروں کے حوالے کیئے گئے ہیں عبدالرحیم زیارتوال، عمر خان ترین و دیگر کا پشین میں جرگہ سے خطاب

پشین (پ ر) جنوبی پشتونخوا کوئٹہ کے سہ روزہ پشتون قوم اور عوام کے منعقدہ جرگہ کے تسلسل میں تمام اضلاع میں مشاورتی جرگوں کا انعقاد جاری ہے۔ اور اس سلسلے میں گزشتہ روز پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کے زیر

بقیہ نمبر 68 صفحہ 7 پر

بلوچستان ہائیکورٹ کا پینے کے پانی کی عدم فراہمی کا نوٹس

متعلقہ حکام کو ذاتی طور پر پیش ہونے اور جامع رپورٹ جمع کرانے کا حکم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ہائی کورٹ کا ہزارہ ٹاؤن اور ہزار گنجی میں پینے کے پانی کی عدم فراہمی کا نوٹس، متعلقہ حکام کو ذاتی طور پر پیش ہونے اور جامع رپورٹ جمع کرانے کا حکم چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ہزارہ ٹاؤن، کرخسہ اور ہزار گنجی میں پینے کے پانی کی

بقیہ نمبر 70 صفحہ 7 پر

ملک میں پٹرول کی یومیہ پیداوار بارے اعداد و شمار منظر عام پر آ گئے

اسلام آباد (این این آئی) جولائی تا ستمبر 2026 کے دوران ملک میں پٹرول اور ڈیزل کی پیداوار اور فروخت کے اعداد و شمار سینیٹ میں پیش کر دیے گئے۔ سینیٹ میں جمع کرائے گئے تحریری جواب کے مطابق جولائی تا ستمبر ملک میں پٹرول کی یومیہ پیداوار 7 ہزار 35 میٹرک ٹن جبکہ فروخت 21

بقیہ نمبر 67 صفحہ 7 پر

سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا ایک اور موقع دینے کیلئے تیار ہیں، عباس عراقچی

بہادر مسلح افواج وطنِ عزیز کے دفاع کے لئے مکمل طور پر تیار ہیں ثالثوں کے ساتھ مسلسل قریبی رابطے میں ہیں

تہران (آئی این پی) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ ایران سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا موقع دینے کے لئے تیار ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بہادر مسلح افواج وطنِ عزیز کے دفاع کے لئے مکمل طور پر تیار ہیں جبکہ ایران سفارت کاری کو کامیاب ہونے کا ایک اور موقع دے رہا ہے، ہم ثالثوں کے ساتھ مسلسل

بقیہ نمبر 71 صفحہ 7 پر

مولانا عبدالواسع کی قومی مسائل کے حل کے لیے سیاسی قوتوں کو میثاقِ نو کی دعوت

قلعہ سیف اللہ/لورالائی (آئی این پی) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر، محسنِ بلوچستان سینیٹر حضرت مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی سیاسی بصیرت، قومی معاملات پر مدلل مقف اور عوامی امنگوں کی ترجمانی ملک کو موجودہ بحرانوں سے نکالنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ گزشتہ روز قومی اسمبلی میں ان کی بصیرت افروز

بقیہ نمبر 64 صفحہ 7 پر

پشتونخوا میپ مرکزی رہنماء نواب ایاز خان جوگیزئی پشین میں جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور افغانستان رضامند ہوں تو ثالثی کروا سکتے ہیں، روسی سفیر

یوکرین تنازع میں پاکستانی کردار سراہتے ہیں' دنیا بطور ثالث و سہولت کار پاکستان کے کردار کو سراہتی ہے، البرٹ پی خورئیو کا تقریب سے خطاب

امریکا اور مغرب کے روس کے حوالے سے معیارات دہرے ہیں، یورپ میں جنگ اور توانائی کے بحران ایشیا اور افریقہ کو براہ راست متاثر کرے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں روسی سفیر البرٹ پی خورئیو نے کہا ہے کہ یوکرین تنازع میں پاکستان کے کردار کو سراہتے ہیں، روس کے دیگر دوست ممالک کی طرح اگر پاکستان یوکرین تنازع میں ثالثی کرانا چاہیے تو روس اس کی تجویز پر غور کرے

بقیہ نمبر 72 صفحہ 7 پر

سینیٹ نے اقلیتی کاکس کو خصوصی کمیٹی کا درجہ دینے کی تحریک منظور کر لی

اسلام آباد (آن لائن): سینیٹ آف پاکستان نے اقلیتی کاکس کو خصوصی کمیٹی کا درجہ دینے کی تحریک منظور کر لی۔ تحریک سینیٹر دنیش کمار نے چیئرمین سینیٹ کی رضامندی سے ایوان میں پیش کی، جسے

بقیہ نمبر 61 صفحہ 7 پر

چھتر میں مسلح افراد کی گاؤں پر یلغار، 50 سے زائد اونٹ چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی کے قریب واردات، رحیم بخش جت کے لاکھوں روپے مالیت کے اونٹ لوٹ لیے گئے

ڈیرہ مراد جمالی (یو این اے) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب چھتر کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد ایک گاؤں سے 50 سے زائد اونٹ چھین کر فرار ہو گئے، جن کی مالیت لاکھوں روپے بتائی جا رہی ہے۔ پولیس کے مطابق چھتر تھانے کی حدود میں

بقیہ نمبر 73 صفحہ 7 پر

عالمو چوک پر گیس سلنڈر پھٹنے سے 4 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) عالمو چوک پر گیس سلنڈر پھٹنے سے 4 افراد زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب ایئرپورٹ روڈ پر عالمو چوک کے قریب نجی ہوٹل میں گیس سلنڈر پھٹنے سے یوسف، امیر محمد، شیر دل، اور امیر جان زخمی ہو گئے زخمیوں کے ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

قلعہ عبداللہ، توت اڈہ کی حدود میں فائرنگ سے 3 افراد موقع پر جاں بحق

لاشیں ٹراما سینٹر میزئی اڈہ منتقل، ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کی جائیں گی، پولیس

قلعہ عبداللہ (یو این اے) ضلع قلعہ عبداللہ کے علاقے توت اڈہ کی حدود میں مرور سیدان کراس کے قریب فائرنگ کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں 3 افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ مقامی پولیس کے مطابق فائرنگ کے اس

بقیہ نمبر 74 صفحہ 7 پر

سبی اور گردونواح میں گیسٹرو کی وباء پھیل گئی، سینکڑوں بچے ہسپتال پہنچ گئے

گیسٹرو کی وباء کا نوٹس، ڈپٹی کمشنر سبی کی ہسپتال انتظامیہ کو فوری علاج معالجے کی ہدایات جاری

سبی (آئی این پی) پانی کا کمال سبی سمیت گردونواح میں گیسٹرو کی وباء پھیل گئی سینکڑوں بچے دست اور الٹی کا شکار ہو کر سرکاری و نجی ہسپتال پہنچ گئے پانی ابال کو استعمال کیا جائے اور آر ایس کی زیادہ سے زیادہ استعمال سمیت فوری طور پر ڈاکٹر سے رجوع

بقیہ نمبر 75 صفحہ 7 پر

ژوب کے علاقے میں پولیس اہلکار کو اغواء کر لیا گیا

ژوب (این این آئی) ژوب کے علاقے میں پولیس اہلکار کو اغوا کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ژوب کے علاقے مرغہ کبزئی سے نامعلوم مسلح افراد

بقیہ نمبر 59 صفحہ 7 پر

جعفر آباد، ڈپٹی کمشنر خالد خان بچے کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

نوشکی، اسٹیشن کے مقام پر ڈاکٹر نصیر کے کلینک پر مسلح افراد کا دھاوا

گاڑی اور موبائل فونز چھین لیے شہریوں کا ملزمان کی گرفتاری اور امن وامان کی بحالی کا مطالبہ

نوشکی (یو این اے) مسلح نوشکی کے علاقے اسٹیشن کے مقام پر مسلح ملزمان نے ڈاکٹر نصیر احمد کے کلینک پر دھاوا بول کر اسلحے کے زور پر ٹرمپ گاڑی اور دو موبائل فون چھین لیے اور فرار ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق واردات گزشتہ رات تقریباً 10 بجے پیش

بقیہ نمبر 76 صفحہ 7 پر

پشتونخوا میپ ضلع کوئٹہ کی ضلع کمیٹی کا اجلاس یکم نومبر کو طلب کر لیا گیا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا اجلاس یکم نومبر بروز اتوار سہ پہر 3 بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کے تمام اراکین کو بروقت شرکت کی ہدایت کی گئی ہے۔ اجلاس کا ایجنڈے میں پارٹی کے بانی خان

بقیہ نمبر 55 صفحہ 7 پر

بھارت بلوچستان میں امن وامان تباہ کرنے میں ملوث ہے' خلیل جارج

اگر ہندوستان کی روش یہی رہی تو جلد ٹکڑے ٹکڑے ہوتا ہوا نظر آئے گا' سابق وفاقی وزیر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما سابق وفاقی و صوبائی وزیر خلیل جارج نے کہا ہے کہ ہندوستان انسانیت اور مذاہب کے خلاف بڑی منظم شرمناک مہم چلانے میں مصروف ہے جو کہ دنیا کے لئے بڑے خطرے کا باعث ہے مذہبی

بقیہ نمبر 77 صفحہ 7 پر

کوئٹہ میں سوشل میڈیا پر اسلحے کے ساتھ دھمکی آمیز ویڈیو وائرل کرنا والا کم عمر طالب علم گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سوشل میڈیا پر اسلحے کے ساتھ دھمکی آمیز ویڈیو وائرل کرنا والا کم عمر طالب علم گرفتار، اپنے عمل پر معافی مانگ لی۔ ترجمان کوئٹہ پولیس کے مطابق گزشتہ روز ایک طالب علم کی جانب سے وائرل ہونے والی ویڈیو پر ڈی آئی جی کوئٹہ، ایس ایس پی آپریشن ضیاء الحق مندوخیل نے نوٹس

بقیہ نمبر 53 صفحہ 7 پر

امریکا اور اسرائیل ایران پر بڑے حملوں کی تیاری کر رہے ہیں

ایران پر نئے حملوں کی حکمتِ عملی پر اسرائیلی آرمی چیف کا امریکی کمانڈر سے رابطہ

واشنگٹن (آئی این پی) امریکا و اسرائیل معاہدہ نہ ہونے پر ایران پر ایک ہفتہ طویل فوجی کارروائی کر سکتے ہیں۔ امریکی نیوز ویب سائٹ ایگزیوس کی رپورٹ کے مطابق امریکا اور اسرائیل کی جانب سے ایران کے خلاف بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی

بقیہ نمبر 78 صفحہ 7 پر

کار سرکار میں مداخلت کا کیس ایمان مزاری، ہادی علی چٹھہ کو 10، 10 سال قید کی سزا

عدالت نے تین مختلف دفعات کے تحت سزا کا حکم دیا، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے اڈیالہ جیل میں فیصلہ سنایا

ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو کمرہ عدالت سے جیل پولیس نے تحویل میں لے لیا، ایمان مزاری کو خواتین جیل پولیس اہلکار بیرکس میں لے گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انسداد دہشت گردی اسلام آباد نے بیریئر ہٹانے اور کار سرکار میں مداخلت کے کیس میں مختلف دفعات کے تحت ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کو مجموعی طور پر 10، 10 سال قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے 3 مختلف دفعات کے تحت سزا کا حکم دیا، ایمان مزاری اور ہادی علی پر جرمانہ بھی عائد کیا گیا، انسداد دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے اڈیالہ جیل میں فیصلہ سنایا۔ ایمان مزاری اور ہادی علی کو دہشت گردی کی دفعہ میں دس 10 سال قید اور ایک 1 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم دیا گیا، اس کے علاوہ دفعہ

بقیہ نمبر 79 صفحہ 7 پر

بھارتی جیلوں سے رہائی پانیوالے 12 پاکستانی ماہی گیر ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے

ماہی گیروں کو سمندری حدود کی خلاف ورزی کے الزام میں بھارتی جیلوں میں قید کیا گیا تھا

لاہور (آئی این پی) بھارتی جیلوں سے رہائی پانے والے 12 پاکستانی ماہی گیر ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے کر دیئے گئے۔ ترجمان ایدھی فاؤنڈیشن کے مطابق بھارتی جیلوں سے 8 اور 9 سال قید کاٹنے کے بعد رہائی پانے والے 12 پاکستانی ماہی گیروں

بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

گوادر میں مسلح افراد کی فائرنگ سے مکینک جاں بحق

پولیس کے مطابق مقتول کا تعلق لاہور سے بتایا جاتا ہے لاش ہسپتال منتقل کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) گوادر میں مسلح افراد کی فائرنگ سے مکینک جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ شب گوادر کے علاقے ڈھور گھٹی میں نامعلوم مسلح افراد نے گیراج پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں گاڑیوں کا مکینک رانا محمد احمد جاں بحق ہو گیا۔

بقیہ نمبر 50 صفحہ 7 پر

چیف ایڈیٹر: گلریز خان
ایگزیکٹو ایڈیٹر: شاہ غاسی
پرنٹر پبلشر شاہ غاسی نے روزنامہ باخبر آریانہ پرنٹرز نسب چیمبر شارع عدالت کوئٹہ سے چھپوا کر زینب چیمبر شارع عدالت سے شائع کیا
فون نمبر 2825169
فیکس نمبر 2840564
فیکس نمبر 2826720
موڈیم نمبر 2826705